www.KitaboSunnat.com

[۱۸۱/۹]

- محمد بن حسن بن أبی سارة الرواسی النیلی (ابو جعفر) رحمہ اللہ [م۱۹۳ھ] [۱۹۱/۹]
- محمد بن الحسن بن عبید بن عمر بن حمدان الصیرفی ویعرف بابن السراج رحمہ اللہ [م۴۲۷ھ][۱۹۹/۹]
- محمد بن الحسن بن محمد بن زیاد بن ھارون بن جعفر بن سند الموصلی المعروف بالنقاش رحمہ اللہ [م۳۵۱ھ][۲۱۴/۹]
- محمد بن حسن بن محمد بن یوسف الفاسی رحمہ اللہ [م۶۵۶] [۲۲۰/۹]
- محمدبن حسن بن محمد بن عبداللہ ابن خلف الانصاری ویعرف بابن الحاج رحمہ اللہ [م۶۰۹ھ][۲۱۶/۹]
- محمد بن الحسن بن یعقوب بن الحسن بن الحسین بن محمد بن سلیمان بن داؤد ابن عبید بن مقسم العطار رحمہ اللہ [م۳۵۴ھ][۲۲۷/۹]
- محمد بن الحسین بن بندار بن منذر الواسطی القلانسی رحمہ اللہ [م۵۲۱ھ] [۲۳۶/۹]
- محمدبن حکم (حکیم) بن محمد بن احمدالجزامی رحمہ اللہ [م۵۳۸ھ] [۲۶۶/۹]
- محمد بن الحسین بن علی بن ابراھیم ابن عبیداللہ الشیبانی رحمہ اللہ [م۵۲۷ھ] [۲۴۵/۹]
- محمد بن حماد بن بکربن حمادی البغدادی المقری رحمہ اللہ [م۲۶۷ھ] [۲۶۸/۹]
- محمد بن خضر الیمنی رحمہ اللہ [م۵۶۰ھ] [۲۸۱/۹]
- محمدبن خلف بن محمد بن عبد اللہ اللخمی الاشبلی رحمہ اللہ [م۵۸۶ھ] [۲۸۵/۹]
- محمد الدمیاطی (ابوعبداللہ ، ابو السعود ، أبو النور) رحمہ اللہ [۳۰۲/۹]
- محمدبن زین بن محمد بن زین بن محمد ابن زین الطنتدائی و یعرف بابن زین رحمہ اللہ [م۸۴۵ھ][۱۴/۱۰]
- محمد بن سالم بن علی الطبلاوی رحمہ اللہ [م۹۶۶ھ] [۱۷/۱۰]
- محمد بن سعد بن محمد بن ترکان (ابویعلیٰ) رحمہ اللہ [م۵۵۳ھ] [۲۱/۱۰]
- محمد بن سعدان الضریر الکوفی رحمہ اللہ [م۲۳۱ھ] [۲۲/۱۰]
- محمد بن سعید النیسابوری ، الکازرونی رحمہ اللہ [م۸۰۲ھ] [۴۰/۱۰]
- محمدبن سفیان القیروانی ، المالکی رحمہ اللہ [م۴۱۵ھ] [۴۱/۱۰]
- محمد بن سلیمان الحکری (شمس الدین) رحمہ اللہ [م بعد۷۹۹ھ] [۵۰/۱۰]
- محمد بن سلیمان المعافری ، الشاطبی و یعرف بابن الربیع رحمہ اللہ [م۶۷۲ھ] [۵۵/۱۰]
- محمدبن سلیمان النفری المیالسی رحمہ اللہ [م۵۲۵ھ] [۵۶/۱۰]
- محمد بن سهل العطار ، الھمدانی (ابو العلاء) رحمہ اللہ [م۵۶۹ھ] [۵۸/۱۰]

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

- محمد صالح جان البارودی رحمہ اللہ [م۱۳۱۸ھ] [۸۲/۱۰]
- محمد الطباخ رحمہ اللہ [م بعد ۱۲۵۰ھ] [۱۰۳/۱۰]
- محمد بن طیفور الغزنوی، السجاوندی رحمہ اللہ [م۵۶۰ھ] [۱۱۲/۱۰]
- محمد بن عبدالباقی بن عبدالباقی بن عبدالقادر البعلی، الدمشقی (أبومواهب) رحمہ اللہ [م۱۱۲۶ھ] [۱۲۳/۱۰]
- محمد بن عبدالرحمن الخلیجی رحمہ اللہ [م بعد ۱۳۲۳ھ] [۱۴۰/۱۰]
- محمد بن عبدالرحمن بن سهل بن مخلد الاصبهانی، الغزال رحمہ اللہ [م۳۶۹ھ] [۱۴۲/۱۰]
- محمد بن عبدالرحمن بن علی بن محمد ابن سلیمان التجیبی رحمہ اللہ [م۶۱۰ھ] [۱۴۵/۱۰]
- محمد بن عبدالرحمن بن الفضل بن الحسین التمیمی الجوهری رحمہ اللہ [م۳۶۰ھ] [۱۴۸/۱۰]
- محمدبن عبدالرحمن بن ابی لیلی یسار الانصاری، الکوفی رحمہ اللہ [م۱۴۸ھ] [۱۵۰/۱۰]
- محمد بن عبد الرحمن بن محمد بن ابی بکر بن عثمان بن محمد السخاوی رحمہ اللہ [م۹۰۲ھ] [۱۵۰/۱۰]
- محمد بن عبدالرحمن بن محمد الحموی الحنفی رحمہ اللہ [م۱۰۱۷ھ] [۱۵۱/۱۰]
- محمد بن عبدالرحمن بن محمد بن عبدالرحمن بن أحمد بن الطفیل العبدی رحمہ اللہ [م۵۴۳ھ] [۱۵۲/۱۰]
- محمد بن عبدالرحمن بن محمد المدنی الشافعی المعروف بابن الصالح رحمہ اللہ [م۸۶۰ھ] [۱۵۵/۱۰]
- محمد بن عبد السلام بن محمد بن عبد السلام ابن العربی بن یوسف الفاسی رحمہ اللہ [م۱۲۱۴ھ] [۱۷۰/۱۰]
- محمد بن عبد الله بن أبی بکر بن عبد الله بن عبد الرحمن بن أحمد بن أبی بکر القضائی رحمہ اللہ [م۶۵۸ھ] [۲۰۴/۱۰]
- محمد بن عبدالتونسی الحنفی الشهیر بقاره طاق رحمہ اللہ [م۱۱۹۷ھ] [۲۰۶/۱۰]
- محمد بن عبدالله بن عبدالقادر الواسطی السکاکینی رحمہ اللہ [م۸۳۸ھ] [۲۲۴/۱۰]
- محمد بن عبدالله القلقشندی الشهیر لحجازی رحمہ اللہ [م۱۲۵۰ھ] [۲۳۲/۱۰]
- محمد بن عبدالله بن مالک الطائی الاندلسی الجیانی رحمہ اللہ [م۶۷۲ھ] [۲۳۴/۱۰]
- محمدبن عبدالله بن محمد بن خلف بن علی بن قاسم الانصاری رحمہ اللہ [م۶۴۰ھ] [۲۳۹/۱۰]
- محمد بن عبدالله بن محمد آل مظفر النجفی رحمہ اللہ [م۱۳۲۲ھ] [۲۴۶/۱۰]
- محمد بن عبد الله بن میمون بن إدریس ابن محمد بن عبد الله العبدری رحمہ اللہ [م۵۶۷ھ] [۲۵۰/۱۰]
- محمد بن عبد الملک بن الحسن بن إبراهیم ابن خیرون البغدادی رحمہ اللہ [م۵۳۹ھ] [۲۵۶/۱۰]

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

- محمد بن عبدالملک بن علی بن عبدالملک ابن عبداللہ القیسی رحمہ اللہ [م۸۳۴ھ][۲۵۷/۱۰]
- محمد بن علی بن احمد بن محمد بن الادفوی المصری رحمہ اللہ [م۳۸۸ھ] [۳۰۵/۱۰]
- محمد بن علی بن احمد بن یعقوب الواسطی [ابو العلاء) رحمہ اللہ [م۴۳۱ھ][۳۰۶/۱۰]
- محمد بن علی بن الحسن (الحسین) النیسابوری رحمہ اللہ [۳۱۷/۱۰]
- محمد بن علی الحمامی البغدادی رحمہ اللہ [م۴۸۹ھ] [۴/۱۱]
- محمدبن علی بن خالد الانصاری رحمہ اللہ [۶/۱۱]
- محمد بن علی بن الخضر بن ہارون الغسانی المالقیو یعرف بابن عسکر رحمہ اللہ [م۶۳۶ھ][۷/۱۱]
- محمد بن علی بن خلف الحسینی المعروف بالحداد رحمہ اللہ [م۱۳۵۷ھ] [۸/۱۱]
- محمد بن علی بن سعید بن سالم الانصاری الدمشقی الشافعی رحمہ اللہ [م۷۵۲ھ] [۱۳/۱۱]
- محمد بن علی بن محمد بن حسن النیسابوری الخبازی رحمہ اللہ [م۴۴۹ھ] [۴۸/۱۱]
- محمد بن علی بن محمد بن عمر بن عیسیٰ ابن محمد السمهودی المعروف بابن القطان رحمہ اللہ [م۸۱۳ھ][۵۷/۱۱]
- محمد بن علی بن میمون بن محمد الزسی الکوفی رحمہ اللہ [م۵۱۰ھ] [۶۲/۱۱]
- محمد بن علی بن ہائی اللخمی السبتی رحمہ اللہ [م۷۳۴ھ] [۶۸/۱۱]
- محمد بن علی بن یوسف الانصاری الشاطبی رحمہ اللہ [م۶۸۴ھ] [۷۴/۱۱]
- محمد بن عمر بن خیرون المافری الاندلسی رحمہ اللہ [م۳۰۶ھ] [۸۴/۱۱]
- محمد العمری، العدوی رحمہ اللہ [۹۹/۱۱]
- محمد عوفی بن احمد المسیری رحمہ اللہ [م۱۰۰۶ھ] [۱۰۰/۱۱]
- محمد بن عیسیٰ بن ابراهیم بن زرین التیمی الاصبهانی رحمہ اللہ [م۲۵۳ھ][۱۰۳/۱۱]
- محمد فتحا بن محمد بن سمیة بن عبدالرحمن بن عبداللہ بن عمر بن عبدالرحمن البصری رحمہ اللہ [۱۲۰/۱۱]
- محمد بن علی الفرج المازری و یعرف بالذکی رحمہ اللہ [م۵۱۶ھ] [۱۲۴/۱۱]
- محمد بن ابی الفرج بن معالی بن برکة الموصلی رحمہ اللہ [م۶۲۱ھ] [۱۲۴/۱۱]
- محمد بن قاری بالحاق التونسی، الحنفی رحمہ اللہ [م۱۱۹۷ھ] [۱۳۵/۱۱]
- محمد بن قاسم بن اسماعیل البقری الشافعی رحمہ اللہ [م۱۱۱۱ھ] [۱۳۶/۱۱]
- محمد بن القاسم بن ابی البدر الملیحی الواسطی رحمہ اللہ [م۷۴۴ھ] [۱۳۸/۱۱]
- محمد بن قاسم بن یعقوب الاماسی رحمہ اللہ [م۹۴۰ھ] [۱۴۸/۱۱]
- محمد بن قاسم بن عبداللہ البغدادی رحمہ اللہ [م۷۲۱ھ] [۱۵۴/۱۱]

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

- محمد بن المبارك السحلماسى ، الفاسى رحمه الله [م۱۰۹۲ھ] [۱۶۹/۱۱]
- محمد بن ابى المحاسن بن ابى الفتح الكرمانى رحمه الله [م بعد ۵۶۳ھ] [۱۷۳/۱۱]
- محمد بن محمد بن ابراهيم الاموى الشريشى الخراز رحمه الله [م۷۱۸ھ] [۱۷۶/۱۱]
- محمد بن محمد بن ابراهيم بن محمد بن خلف بن محمدبن سليمان السلمى رحمه الله [م۷۷۱ھ] [۱۷۸/۱۱]
- محمد بن محمد بن احمد بن ابى بكر ابن يحيىٰ بن عبدالرحمن بن ابى بكر بن على القرشى رحمه الله [م۷۵۹ھ] [۱۸۱/۱۱]
- محمد بن محمد البوغيانى ، الحسينى (أبوعبد الله) رحمه الله [م۱۰۶۳ھ] [۲۰۱/۱۱]
- محمد بن محمد بن بهزام الدمشقى الشافعى الكورانى رحمه الله [م۷۰۵ھ] [۲۰۱/۱۱]
- محمد بن محمد [ابن عمر) بن خيرون رحمه الله [م۳۰۱ھ] [۲۱۴/۱۱]
- محمد بن محمد بن داؤد الضهاجى الفامى المعروف بابن آجروم رحمه الله [م۷۲۳ھ] [۲۱۵/۱۱]
- محمد بن محمد بن عباد المكى (أبوعبد الله) رحمه الله [م۳۳۴ھ] [۲۲۸/۱۱]
- محمد بن محمد بن عبدالسلام بن العربى ابن يوسف بن عبدالسلام الفاسى رحمه الله [م۱۲۱۴ھ] [۲۳۴/۱۱]
- محمد بن محمد بن عبدالملك بن سعيد الانصارى ، الأويسى رحمه الله [م۷۴۳ھ] [۲۴۱/۱۱]
- محمد بن محمد بن عبدكان المعروف بابن الضجة رحمه الله [م۵۷۲ھ] [۲۴۱/۱۱]
- محمد بن محمد بن على بن محمد بن إبراهيم بن عبدالخالق النويرى رحمه الله [م۸۵۷ھ] [۲۵۰/۱۱]
- محمد بن محمدبن على المقدسى الشافعى المعروف بابن سنان رحمه الله [م۸۵۴ھ] [۲۵۲/۱۱]
- محمد بن محمد بن محمد بن احمد بن عبدالله بن مفرج بن بدرالدين بن عثمان ابن جابر بن فضل بن ضوء الغزى العامرى ، القرشى ، الشافعى رحمه الله [م۹۸۴ھ] [۲۷۰/۱۱]
- محمد بن محمدبن محمد بن ابى بكر بن سعد الدين بن نجم البغدادى ، الزركشى رحمه الله [م۸۱۳ھ] [۲۷۳/۱۱]
- محمد بن محمد بن محمد بن عرفة الورغمى التونسى ، المالكى رحمه الله [م۸۰۳ھ] [۲۸۵/۱۱]
- محمد بن محمد بن محمد بن على بن إبراهيم بن عبد الخالق النويرى رحمه الله [م۸۹۷ھ] [۲۸۶/۱۱]
- محمد بن محمد بن محمد بن محمد بيرم الرابع (أبوعبد الله) رحمه الله [م۱۲۷۸ھ] [۲۹۰/۱۱]
- محمد بن محمد بن محمدبن محمد بن على بن يوسف العمرى الدمشقى رحمه الله [م۸۳۳ھ] [۲۹۱/۱۱]

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

- محمد بن محمد بن ھارون البغدادی ثم الحلبی البزار رحمہ اللہ [م۵۹۷ھ] [۳۰۷/۱۱]
- محمد بن محمود بن حسن بن ھبة الله ابن محاسن البغدادی، الشافعی المعروف بابن النجار رحمہ اللہ [م۶۴۳ھ][۳۱۷/۱۱]
- محمد بن محمود الصاروخی، الاقھاری الحنفی، الرومی الشھیربالمنشی رحمہ اللہ [م۱۰۰۱ھ][۳۲۰/۱۱]
- محمد بن محمود بن محمد بن حسین الجزائری رحمہ اللہ [م۱۲۶۷ھ] [۵/۱۲]
- محمد بن مسعود بن عبدالله بن مسعود الخشنی، الجیانی و یعرف بابن راکب رحمہ اللہ [م۵۴۴ھ][۱۸/۱۲]
- محمد بن معالی بن غنیمة البغدادی المامونی، الحنبلی، المعروف بابن الحلاوی رحمہ اللہ [م۶۱۱ھ][۳۹/۱۲]
- محمد بن معن (معین) بن سلطان الصیدلانی رحمہ اللہ [م۶۴۰ھ] [۴۳/۱۲]
- محمد بن مکرم بن شعبان الکرمانی رحمہ اللہ [م۵۹۷ھ] [۴۶/۱۲]
- محمد مکی نصر الجریسی، الشافعی رحمہ اللہ [۵۰/۱۲]
- محمد بن منصور بن ابراھیم بن سلامة الدمشقی الشھیر بالمجیی رحمہ اللہ [م۱۰۳۰ھ][۵۱/۱۲]
- محمد المھدی بن عبدالسلام بن المعطی متجنوش الرباطی رحمہ اللہ [م۱۳۴۴ھ] [۵۸/۱۲]
- محمود بن عبدالله الرومی المعروف بالوارداری رحمہ اللہ [م بعد۱۲۵۳ھ][۱۷۶/۱۲]
- محمود بن محمد بن مھدی العلوی التبریزی رحمہ اللہ [م بعد۱۲۸۷ھ][۱۹۹/۱۲]
- مرجی بن یونس بن سلیمان ابن عمر ابن یحییٰ الغافقی رحمہ اللہ [م۶۰۰ھ] [۲۱۸/۱۲]
- مسعود بن محمد بن جموع السجلماسی رحمہ اللہ [م۱۱۱۹ھ] [۲۲۹/۱۲]
- مصطفی بن احمد الحنفی، التونسی رحمہ اللہ [م بعد۱۱۳۹ھ][۲۳۸/۱۲]
- مصطفی بن احمد بن خضربای الجرکسی رحمہ اللہ [م بعد۱۰۳۸ھ][۲۳۸/۱۲]
- مصطفی بن عبدالرحمن بن محمد الإزمیری رحمہ اللہ [م۱۱۵۵ھ] [۲۵۹/۱۲]
- مصطفی بن قاسم المصری، الطرابلسی رحمہ اللہ [م۱۲۱۳ھ] [۲۶۹/۱۲]
- المظفر بن احمد بن حمدان المصری (ابوغانم) رحمہ اللہ [م۳۳۳ھ] [۲۹۷/۱۲]
- محمد بن حموش بن محمد بن مختار القیسی، الاندلسی رحمہ اللہ [م۴۳۷ھ] [۳/۱۳]
- منصور بن احمد الغزقی (ابونصر) رحمہ اللہ [م۴۶۵ھ] [۱۰/۱۳]
- مھدی بن علی بن ابراھیم الضبری، الیمنی، المھجمی رحمہ اللہ [م۸۱۵ھ] [۲۹/۱۳]
- موسیٰ بن زین العابدین بن احمد بن ابی بکر الرداد البکری رحمہ اللہ [م۹۲۳ھ] [۳۹/۱۳]
- میمون بن مساعد المصمودی رحمہ اللہ [م۸۱۲ھ] [۲۶/۱۳]

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

- الناصر بن عبدالحفیظ بن عبدالله المهلا ابن سعیدبن محمد بن علی ﵀ [م۱۰۸۱ھ][۷۱/۱۳]
- نصر بن عبد العزیز بن أحمد بن نوح الفارسی ﵀[م۴۶۱ھ] [۹۰/۱۳]
- نصر الله بن علی بن منصور بن الکیال الواسطی ﵀[م۵۸۶ھ] [۹۸/۱۳]
- هارون بن احمد بن جعفر النقزی الشاطبی ﵀[م۵۸۴ھ] [۱۲۷/۱۳]
- هبة الله بن سلامه بن نصر بن علی البغدادی ﵀[م۴۱۰ھ] [۱۳۸/۱۳]
- یحییٰ بن الربیع بن سلمان بن حراز العمری الواسطی ﵀[م۶۰۶ھ] [۱۹۶/۱۳]
- یحییٰ بن سلام بن ابی ثعلبة البصری ﵀[م۲۰۰ھ] [۲۰۰/۱۳]
- یحییٰ بن عمر مقبول الزبیدی، الیمنی الشهیر بالاهدل ﵀[م۱۱۷۴ھ] [۲۱۶/۱۳]
- یحییٰ بن المبارك بن المغیره العدوی المعروف بالیزیدی ﵀[م۲۰۲ھ] [۲۲۰/۱۳]
- یحییٰ بن محمد بن خلف بن احمد بن ابراهیم بن سعید الهوزلی، الاشبیلی ﵀ [م۶۰۲ھ][۲۲۳/۱۳]
- یحییٰ بن محمد هبیرة بن سعیدبن الحسن بن احمد بن الحسن الشیبانی ﵀ [م۵۶۰ھ][۲۲۸/۱۳]
- یعقوب بن بدران بن منصور بن بدران الدمشقی ﵀[م۶۸۸ھ] [۲۴۶/۱۳]
- یعقوب بن الحسن بن الحسین بن محمد ابن سلیمان بن داؤد بن عبیدالله بن مقسم العطار ﵀ [م۳۵۴ھ][۲۴۷/۱۳]
- یوسف بن جامع بن ابی البرکات البغدادی، القفصی ﵀[م۶۸۲ھ] [۲۸۴/۱۳]
- یوسف بن حرب الحسنی، المالکی، الأصل، الماردینی ﵀[م۷۴۳ھ] [۲۸۸/۱۳]
- یوسف بن عبد الله بن سعید بن أبی زید بن عیاد الاندلسی ﵀[م۵۷۵ھ] [۳۱۳/۱۳]
- یوسف بن عبدالمحمود بن عبدالسلام البغدادی ﵀ [۳۱۶/۱۳]
- یوسف بن علی بن جبارة بن محمد بن عقیل الهذلی المغربی البسکری ﵀ [م۴۶۵ھ] [۳۱۸/۱۳]
- یوسف بن محمد سلام الزروقی الشافعی ﵀[م۱۱۰۰ھ] [۳۲۹/۱۳]
- یوسف بن ناصر بن محمد بن حماد الحسینی المشهدی، النجفی، الشیعی ﵀ [م۷۲۷ھ][۳۳۸/۱۳]
- یوسف بن وصل الله بن یحییٰ السکاکینی الحرانی ﵀[م بعد۶۲۱ھ][۳۴۱/۱۳]

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

انٹرویو پینل

انٹــــرویو

مولانا حافظ عبدالرحمٰن مدنی ﷾ سے ملاقات

سرپرست ماہنامہ رشد حضرت مولانا حافظ عبدالرحمٰن مدنی ﷾ جہاں جماعت اہل حدیث کے سرپرست علماء میں سے ہیں، وہیں ان کا شمار اُن لوگوں میں ہوتا ہے جو قرآن وعلوم قرآن کے احیاء کا جذبہ عرصہ دراز سے اپنے سینہ میں سموئے ہوئے ہیں۔ اُن کی شدت احساس کا یہ عالم ہے کہ تقریبا پچھلی نصف صدی میں کبھی تو انہوں نے جماعت اہل حدیث میں اِحیائے تجوید وقراء ات کے لئے شیخ المشائخ قاری عبدالوہاب مکی ؒ کی خدمات جامعہ لاہور الاسلامیہ میں حاصل کیں، تو کبھی شیخ القراء قاری محمد یحییٰ رسولنگری ﷾ اور شیخ القراء قاری محمد ادریس العاصم ﷾ کا تعاون حاصل کیا۔ آخر کار ان کے جذبہ خالصہ کا نتیجہ بتوفیق ایزدی یوں سامنے آیا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی زیر سرپرستی برصغیر پاک و ہند میں شیخ القراء قاری محمد ابراہیم میرمحمدی ﷾ کے تعاون سے ایک جدید نظامِ تعلیم کی بنیاد قائم کی۔ کلّیة القرآن الکریم والعلوم الاسلامیة وہ علمی تحریک ہے، جس کی بدولت علماء اور قراء کے نصابِ تعلیم کو یوں سمو دیا گیا ہے کہ اب آہستہ آہستہ پاکستان میں عالم غیر قاری اور قاری غیر عالم کا تصور ختم ہوتا جارہا ہے، لیکن حافظ صاحب کے جذبے ابھی جوان ہیں۔ وہ احساس رکھتے ہیں کہ کلّیة القرآن الکریم کی تحریک صرف 'علوم قراءات' کے فروغ کی تحریک بننے کی بجائے احیائے فکر قرآنی وعلوم قرآن کی جامع صورت اختیار کرے۔

پاکستان میں اس مبارک تحریک کا آغاز کس طرح ہوا، کن مشکلات سے گذرتے ہوئے یہ سفر طے ہوا، نیز ابتداء میں بانی ادارہ کے اس تحریک سے اَصل عزائم کیا تھے اور وہ کہاں تک پورے ہوئے، کون سی کمیاں باقی رہ گئیں جنہیں آئندہ جدوجہد کے اہداف میں سامنے رہنا چاہئے وغیرہ جیسے اہم اُمور کے سلسلہ میں ماہنامہ رُشد کے قراءات نمبر کے لئے انٹرویو پینل کے سامنے حضرت حافظ صاحب ﷾ نے اپنے تفصیلی خیالات کا اظہار فرمایا ہے، جسے ہم تحریک کلّیة القرآن کے وابستگان کے لئے مشعل راہ خیال کرتے ہوئے بطور خاص شائع کررہے ہیں۔ انٹرویو پینل ڈاکٹر قاری حمزہ مدنی ﷾ (مدیر مادر اِدارہ کلّیة القرآن، لاہور)، کامران طاہر ﷾ (سینئر ریسرچ سکالر مجلس التحقیق الاسلامی، لاہور)، حافظ نعیم الرحمٰن ناصف ﷾ (نائب مدیر 'رُشد') اور عمران اسلم ساجد ﷾ پر مشتمل تھا۔ [ادارہ]

رشد: حفاظ گروپ اور مدرسہ رحمانیہ کا پس منظر کیا ہے؟

مولانا: ہمارے دینی کام کی ابتداء تو ہمارے دادا میاں روشن دین ؒ سے ہوئی۔ انہیں والدین سے بے پناہ دولت ملی، مگر وہ سنبھال نہ سکے۔ جب دولت ضائع کر بیٹھے تو انہیں احساس ہوا کہ سنبھل کر چلنا چاہیے۔ اس سلسلے میں دین کا شوق ہوا تو دین کا علم پڑھنے کے لیے 'لکھوکی' میں چلے گئے۔ اگرچہ روشن دین نام تو والدین نے رکھا تھا، لیکن اس میں غالبًا اللہ کی حکمت یہ تھی کہ ان سے دین کو روشن کرنے کا کام لینا تھا۔ انہوں نے دین کا محور قرآن

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مجید کو سمجھا، اس لیے اللہ نے جب انہیں حج کی سعادت بخشی تو حج میں انہوں نے ملتزم پر جو دعا کی وہ یہ تھی کہ
''اے اللہ! میری اولاد کو قرآن کا حافظ اور محافظ بنا دے۔''

حج سے واپس آ کر انہوں نے اپنی اولاد کے لیے یہ کوشش شروع کر دی کہ پہلے ان کو قرآن حفظ کروایا جائے اور پھر بعد میں قرآن مجید کی تعلیمات سے آشنا ہوں۔ ان کا یہ شوق اللہ تعالیٰ نے ان کی زندگی میں اس طرح پورا کیا کہ پھر ان کی اولاد کے اندر حفظ کا سلسلہ چل پڑا۔ تقریباً ایک صدی سے صورتحال یہ ہے کہ ہمارے خاندان کے اندر قرآن مجید کے حفظ سے تعلیم کی ابتدا ہوتی ہے۔ ہر لڑکا اور لڑکی پہلے قرآن مجید حفظ کرتے ہیں اور اس کے بعد پھر وہ کوئی بھی تعلیم حاصل کرتے ہیں۔

میاں روشن دین رحمہ اللہ نے اپنے اکثر لڑکوں کو قرآن مجید حفظ کروایا۔ کمال تو اللہ رب العالمین کی ذات کو ہے، لیکن اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی نیک خواہشات کو جب پورا کرتے ہیں تو ان کو کامیابی دیتے ہیں۔ میاں روشن دین رحمہ اللہ کی اولاد میں سے پانچ لڑکے حافظ قرآن تھے۔ ان سے سب سے بڑے رکن دین رحمہ اللہ ہیں، اس کے بعد حافظ عبداللہ محدث روپڑی رحمہ اللہ ہیں، اس کے بعد حافظ محمد حسین رحمہ اللہ ہیں (جو میرے والد تھے)، اس کے بعد حافظ عبدالرحمٰن کمیر پوری رحمہ اللہ ہیں۔ ہمارے ایک تایا عبدالقادر رحمہ اللہ بھی تھے، چونکہ وہ بچپن ہی میں وفات پا گئے تھے، اس لیے مجھے ان کا پتہ نہیں کہ وہ قرآن کے حافظ بن سکے یا نہیں۔ واضح رہے کہ حافظ عبداللہ محدث روپڑی رحمہ اللہ سے بڑے ہمارے تایا رکن دین رحمہ اللہ کے ایک بیٹے کا نام بھی عبدالقادر ہے، جو بعد میں 'مناظر اسلام' کے لقب سے معروف ہوئے اور حافظ عبدالقادر روپڑی رحمہ اللہ کے نام سے شہرت حاصل کی۔ ابھی چند سال قبل ہی فوت ہوئے ہیں۔ اس طرح سے میرے ایک تایا کا نام بھی عبدالقادر ہے اور تایا زاد بھائی کا نام بھی عبدالقادر ہے۔

ہم اپنی اُٹھان کمیر پور سے رکھتے ہیں۔ کمیر پور آج کل ضلع امرتسر کا ایک حصہ ہے، جبکہ اس وقت یہ تحصیل 'اجنالہ' کا حصہ تھا۔ کمیر پور میں ہماری درسگاہ چھوٹی تھی، جس نے روپڑ میں جا کر وسیع شکل اختیار کر لی اور یہیں سے ہماری دعوت اور پیغام پورے ہندوستان میں پھیلا۔ اسی اعتبار سے ہم لوگ 'روپڑی' کہلائے۔ روپڑ میں دینی مشن کے سلسلہ میں چونکہ زیادہ کام ہمارے تایا حافظ عبداللہ محدث روپڑی رحمہ اللہ نے کیا تھا، اس حوالے سے محدث روپڑی رحمہ اللہ کو روپڑی خاندان کا سربراہ کہا جا سکتا ہے۔ انہوں نے روپڑ میں درس گاہ بھی چلائی اور 'تنظیم اہل حدیث' کے نام سے رسالہ بھی نکالا اور اسی طرح ان کی بے شمار تصانیف بھی موجود ہیں، جو روپڑ میں شائع ہوتی رہیں۔ اسی طرح وہ روپڑ میں عوام کے لیے بڑے بڑے جلسے اور کانفرنسیں بھی کیا کرتے تھے، جن میں ہندوستان بھر کے علماء شریک ہوتے۔ یہ سلسلہ یوں چلتا رہا۔ حافظ عبداللہ روپڑی رحمہ اللہ پاکستان آنے سے پہلے اپنے آپ کو امرتسری کہلاتے تھے، کیونکہ روپڑ میں تو وہ اس وقت تک خود موجود تھے، لیکن جب ہم لوگ روپڑ سے پاکستان آ گئے، تو ہمیں 'روپڑی' کہا جانے لگا۔ روپڑ پاکستان بننے سے پہلے ایک تحصیل تھی، لیکن اب یہ ہندوستان کا ایک ضلع ہے۔

میں آپ کو یہ تعارف کروا رہا تھا کہ ہمارے دادا روشن دین کی دعاؤں اور کوششوں سے ہمارے خاندان میں رواج پڑ گیا کہ ہمارا ہر بچہ اور بچی حفظ سے ابتدا کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے یہ کام کافی کامیاب دکھایا۔ چند سال پہلے روزنامہ جنگ سے کچھ اخبار نویس آئے تو انہوں نے ہمارے خاندان کو اکٹھا کر کے ہم تمام کا انٹرویو کیا تھا اور پھر حفاظ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے نام سے ہمارا تعارف چھاپا جو پورے صفحے پر محیط تھا۔ تو اس اعتبار سے ہمارے خاندان کے اندر حفظ کا شوق کامیاب ہوا۔

ہمارے دادا کا ایک اور جذبہ یہ تھا کہ دین کی جو خدمت کی جائے وہ معاوضے کے بغیر ہو، کیونکہ عوام جس شخص کو محتاج سمجھتے ہیں اس کی بات کا اثر نہیں لیتے۔ اس لیے وہ ہمیشہ تلقین کیا کرتے کہ اپنے پاؤں پر خود کھڑے ہوں۔ اگرچہ ابتدا میں بھائیوں کے درمیان محبت پیار ہوتا ہے، اس اعتبار سے ہمارے بزرگ آپس میں اس طرح کا اظہار کرتے کہ جو دین کا کام کرنے والے ہیں وہ دین کا کام کریں اور دوسرے ان کی مدد کریں اور ان کے ساتھ تعاون کریں۔ یہ سلسلہ یونہی چلتا رہا، لیکن ہمارے دادا مرحوم اس بات کی نصیحت کیا کرتے تھے کہ انسان دوسرے کا دست نگر نہ ہو۔ اگر وہ دین کا کام بھی کرتا ہے تو بھی موقع ملے تو اسے اپنی معیشت کے لیے کوشش کرنی چاہیے۔ ہمارے دادا کی اولاد میں ہمارے والد حافظ محمد حسین رحمہ اللہ خاص طور پر اس بات کے علمبردار بنے کہ وہ خود اپنی معاش کا انتظام کریں گے۔ ہمارے والد مرحوم کا نام مولانا محمد حسین بٹالوی رحمہ اللہ (جو ہمارے دادا کی خاص محترم شخصیت تھی اور جن سے ہمارے دادا کو بڑی عقیدت تھی) کے نام پر رکھا گیا تھا، ورنہ عام طور پر ہمارے چچا اور تایا وغیرہ کے ناموں کے اندر 'عبد' کا لفظ موجود ہے۔ بہرحال مذکورہ سوچ سے ہمارے والد مرحوم نے بڑے کام کیے۔ صابن سازی کا کام بھی ہوا، پولٹری فارم کا کام بھی ہوا اور اس طرح کے اور کام بھی ہوتے رہے، لیکن پھر انہوں نے اپنا ایک کام ایسا پکا کر لیا، جس کو وہ زندگی کے آخر دم تک انجام دیتے رہے، وہ ٹیکسٹائل کا کام تھا۔ اس سلسلے میں انہوں نے جو فیکٹری لگائی اس کا نام رحمانیہ ٹیکسٹائل ملز تھا اور کہتے ہیں کہ رحمانیہ ٹیکسٹائل ملز میں جب کام کی ابتدا ہوئی تو اس وقت میری پیدائش ہوئی تھی۔ اب یہ ہے کہ 'رحمانیہ' نام میرے نام کی مناسبت سے رکھا گیا یا رحمانیہ ٹیکسٹائل ملز کی مناسبت سے میرا نام عبدالرحمٰن رکھا گیا، معلوم نہیں۔ ویسے تو أحبُّ الأسماء إلى الله عبد الله وعبدالرحمن، اس مناسبت سے والد صاحب نے بڑے بھائی کا نام عبداللہ رکھا، جبکہ میرا نام عبدالرحمٰن ہے۔

اس طرح ہمارے کام کی ابتدا ہوگئی اور والد صاحب مرحوم اپنی زندگی کے آخری دموں تک جو کام بطورِ معیشت کرتے رہے، وہ ٹیکسٹائل کا کام ہی تھا۔ بعد ازاں ہماری ٹیکسٹائل کی فیکٹری چونکہ جل گئی تھی، اس اعتبار سے یہ تصور پیدا ہوا کہ ایسا کام کرنا چاہیے جس کو آگ نقصان نہ دے۔ لہٰذا پھر ہم نے لوہے کا کام شروع کیا، جس میں ہمارا مخصوص میدان پائپ تھا اور پھر پائپ کی کئی قسمیں ہیں۔ اس میں پائپ کی ایک قسم وہ ہے جس میں جوڑ نہیں ہوتا۔ ہم نے اس کے لیے کاروبار سیٹ کیا، لیکن تصور وہی تھا کہ دین کا کام کرنے والے اور کاروبار کرنے والے دونوں اس طرح اکٹھے ہوں کہ عوام کی محتاجی نہ ہو، تاکہ عوام میں کوئی دین کا پیغام پھیلے تو عوام محتاج سمجھ کر دین کے پیغام کو ہلکا نہ سمجھیں۔ اب والد مرحوم اس بات کا خاص اہتمام کرتے تھے کہ معیشت اور دینی خدمات اکٹھی ہو جائیں۔ وہ زندگی میں ہمیں بھی یہ نصیحت کیا کرتے تھے کہ آپ محتاجی سے بچ کر باہم اتفاق کے ساتھ کام کریں تاکہ آپ کا کام عوام میں مؤثر ہو۔

بعد میں ہماری رحمانیہ ٹیکسٹائل مل (جیسا کہ میں نے ذکر کیا کہ آگ لگنے سے تباہ ہوگئی تھی) کو والد صاحب نے اپنے زمانہ میں درسگاہ کی شکل دے دی تھی، لیکن یہ درسگاہ میرے مدینہ منورہ سے آنے کے بعد صحیح طرح

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Establish ہوئی۔ اس ادارہ کی ایک مناسبت یہ بھی تھی کہ ہندوستان کے اندر ایک بہت بڑی درسگاہ تھی، جس کا نام 'رحمانیہ' تھا اور دہلی میں یہ درسگاہ تقسیم ہند تک چلتی رہی۔ اس درسگاہ کے اندر تعلیم اور امتحانات کا نظام ہمارے خاندان کے سپرد کیا گیا تھا۔ اس درسگاہ کے اصل بانی تو ہندوستان کے دو تاجر تھے، بڑے بھائی کا نام عبدالرحمٰن اور چھوٹے بھائی کا نام عطاء الرحمٰن تھا، انہوں نے درسگاہ کے عروج کے لیے بہت کام کیا، لیکن تاجر ہونے کے ناطے علمی اور فکری کام ہمارے بزرگوں کے سپرد تھا۔ اس اعتبار سے ہمارے خاندانی کے بانی مبانی چار بزرگ، جن میں چار لوگوں کا نام آتا ہے، یعنی ہمارے تایا حافظ عبداللہ محدث روپڑی رحمہ اللہ، ہمارے والد حافظ محمد حسین روپڑی رحمہ اللہ، حافظ اسماعیل روپڑی رحمہ اللہ اور حافظ عبدالقادر روپڑی رحمہ اللہ وغیرہ امتحان کے سلسلے میں وہاں جایا کرتے تھے۔ رحمانیہ کے نصاب کے بارے میں اگر کوئی کسی قسم کا اعتراض کرتا تو ہندوستان بھر کے علماء کو یہی کہا جاتا تھا کہ آپ بڑے میاں سے بات کریں اور بڑے میاں سے مراد حافظ عبداللہ محدث روپڑی رحمہ اللہ ہوا کرتے تھے۔ تو ہماری درسگاہ کا نام 'رحمانیہ' رکھنے کی دوسری مناسبت یہ تھی۔

رشد: مدرسہ رحمانیہ سے 'جامعہ لاہور الاسلامیہ' تک ارتقاء کی مختصر تاریخ بتائیے؟

مولانا: جب میں نے اس درسگاہ کو Establish کیا تو میں نے کوشش کی کہ اس درسگاہ کو 'رحمانیہ' کی شکل پر استوار کیا جائے تو چونکہ رحمانیہ بڑی نمایاں درسگاہ تھی، اس لیے میرا عزم بھی یہ تھا کہ 'مدرسہ رحمانیہ' جو ہندوستان کی تقسیم کے وقت اپنا اُس طرح کا وجود باقی نہ رکھ سکا تھا (اگرچہ نام کے اعتبار سے بعدازاں یہ کراچی میں کوشش کی گئی تھی کہ اس کا وجود باقی رکھا جائے) تو ہماری یہ کوشش تھی کہ 'رحمانیہ' لاہور میں قائم کریں۔ جس طرح ہندوستان میں 'رحمانیہ' سے طلباء اور اساتذہ کا ایک ترجمان نکلا کرتا تھا، جس کا نام 'محدث' تھا اسی طرح ہم نے 'رحمانیہ' لاہور سے بھی ایک مجلّہ 'محدث' کے نام سے عرصہ چالیس سال قبل جاری کر دیا۔

انسان کا اپنا مزاج ہر کام میں اثر انداز ہوتا ہے، چونکہ میرا مزاج یا تو تدریسی تھا یا تحقیقی، اس اعتبار سے میں نے جب تدریسی کام کیا تو محسوس کیا کہ تدریسی کام کو اعلیٰ پیمانے پر کرنے کے لیے تحقیقی کام بھی کریں۔ اگرچہ میں اس بات کو ہمیشہ ذہن میں رکھا کرتا ہوں کہ انسان اگر فرش پر سے چھت پر جانا چاہے تو اس کو سیڑھی کے ذریعے جانا پڑتا ہے اور یہی طریقہ درست ہے۔ اگر چھلانگ لگائے گا تو گرنے کا بھی خطرہ ہوتا ہے، اس لیے سیڑھی کے ذریعے جانا چاہیے۔ اس لحاظ سے میں نے پہلی کوشش یہ کی کہ جب 'رحمانیہ' درسگاہ کھولی تو اس وقت بعض مصلحین کے اندر بڑی خواہش پائی جاتی تھی کہ مدرسوں کے اندر درجہ بندی ہونی چاہیے، چنانچہ میں نے 'رحمانیہ' درسگاہ کو ثانوی تک رکھا اور یہ کوشش کی اس میں ثانوی تعلیم کو منظّم کیا جائے۔ ثانوی تعلیم کے بعد انسان جب عملاً کام کرتا ہے تو ایک چیز بڑی اہم ہوتی ہے کہ اسے ساتھی کیسے ملتے ہیں۔ اس لیے کہ انسان کے پاس جس طرح کے ساتھی ہوں گے وہ اسی طرح کا کام کر سکے گا، تو مجھے مولانا صادق خلیل رحمہ اللہ ملے اور اسی طرح میرے ساتھیوں میں حافظ ثناء اللہ مدنی حفظہ اللہ، مولانا عبدالسلام کیلانی رحمہ اللہ اور اسی طرح کے دیگر اہل علم اشخاص شامل ہوئے، تو میں نے 'رحمانیہ' کو آگے بڑھانے کے لیے ابتدا میں تو صرف اعلیٰ کلاسیں کھولیں۔

یہ اعلیٰ کلاسیں دو طرح کی تھیں: ایک تو ہمارے دینی نظام تعلیم کی اعلیٰ کلاسیں اور دوسرا چونکہ یہ ضیاء الحق مرحوم کا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دور سامنے تھا، اس نے نفاذِ شریعت کا نعرہ لگایا تھا اور کہا کہ ہم ایسی عدالتیں کھولیں گے جو شریعت کے مطابق کام کریں گی، تو ہم نے چاہا کہ یہاں کے قانون دان طبقے کی بھی اسلامی تربیت ہونی چاہیے، پھر دونوں کا مزاج چونکہ بالکل مختلف ہوتا ہے، دینی نصاب کا مزاج الگ جبکہ قانون دان طبقے کا مزاج الگ ہوتا ہے، اس لیے ہم نے ان دونوں کاموں کو الگ الگ نصاب بنا کر کرنے کی کوشش کی۔ اُس وقت ہمارا کام ثانوی مرحلے پر مدرسہ رحمانیہ کا تھا اور جو اعلیٰ تعلیمی درجے کے لیے ہم نے سوچا تو چونکہ انسان کے سامنے Goal (مقاصد) ہوتے ہیں تو ہم نے Goal کے طور پر نام تو 'جامعہ لاہور الاسلامیہ' رکھا، البتہ اس کے ذیل میں اس وقت دو چیزیں مزید شامل کیں: ایک تو کلیّة الشریعة کی ابتدا کر دی اور دوسرا ہم نے جدید تعلیم یافتہ طبقے کو پڑھانے اور ٹریننگ دینے کا کام 'المعهد العالی للشریعة و القضاء' کے نام سے شروع کیا۔

اس وقت جب ہم نے جدید تعلیم یافتہ طبقے کو تربیت دینا شروع کی تو ہماری کوشش تھی کہ یہ لوگ یہاں سے تعلیم حاصل کرنے کے بعد سعودی عرب میں بالخصوص اور دیگر ملکوں میں جا کر پڑھیں۔ اس کام کے لیے ہم نے رابطے بھی کیے۔ اس اعتبار سے ہم نے مدرسہ کا نام جب 'جامعہ لاہور الاسلامیہ' کا نام رکھا تو یہ عربی انداز کو سامنے رکھتے ہوئے رکھا۔ عام طور پر پاکستان میں یہ انداز نہیں ہے۔ پاکستان میں اگر یہ نام بولا بھی جاتا ہے تو عموماً جامعہ اسلامیہ، لاہور کے نام پر بولا جاتا ہے۔ اس لیے ہمیں لوگ یا تو جامعہ اسلامیہ، لاہور کے نام سے پکارتے رہے یا کسی نے ہماری ثانوی تعلیم سے رحمانیہ لیا اور اُدھر سے جامعہ لیا تو 'جامعہ رحمانیہ' کہہ دیا۔ پاکستان میں ہمارا تعارف جامعہ اسلامیہ، لاہور یا جامعہ رحمانیہ، لاہور کے نام سے زیادہ ہوتا رہا اور عرب ممالک میں 'جامعہ لاہور الاسلامیہ' کے نام سے پھیلا۔

میں نے آپ کو مختصر سا یہ بتایا ہے کہ 'مدرسہ رحمانیہ' سے 'جامعہ لاہور الاسلامیہ' تک ہماری ارتقاء کی کیا تاریخ ہے، لیکن میں ایک بات مکمل کر دینا چاہتا ہوں کہ ہم نے جب کاروبار کو ترقی دی تو اس وقت ہم نے سوچا کہ ہمارا کاروبار خواہ کوئی بھی ہو، ہم کام 'حفاظ گروپ' کے نام سے کریں گے۔ اس اعتبار سے پھر ہمارا تعارف 'حفاظ گروپ' کے نام سے ہونے لگا۔ اس طرح ہمارا کاروباری تعارف 'حفاظ گروپ' کا ہے اور ہمارا دینی کام 'رحمانیہ' کے نام سے آگے بڑھتا چلا آرہا ہے، لیکن میں نے آپ کو بتایا کہ ابھی تک ہمارا کام 'رحمانیہ' کے نام سے ہی پاکستان و ہندوستان میں متعارف ہے۔ لوگ 'جامعہ لاہور اسلامیہ' کے بجائے 'جامعہ رحمانیہ' کہہ دیتے ہیں۔ ہم بھی جب 'جامعہ لاہور الاسلامیہ' لکھتے ہیں تو اس کے ساتھ بریکٹ میں 'رحمانیہ' کا لفظ لکھ دیتے ہیں، تا کہ لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ 'جامعہ لاہور الاسلامیہ' سے کونسا ادارہ مراد ہے۔

رشد: کلیّة القرآن الکریم کے ابتدائی دور کی مشکلات اور ارتقاء کے بارے میں کچھ بتائیے؟

مولانا: قرآن مجید کی متنوع قراءتیں قرآن مجید کا توسع ہیں اور توسع ہی کا ذکر ہم کر رہے تھے کہ کلیّة القرآن کی مشکلات پر قابو پانے کے لیے ہمارا توسع سعودی عرب سے رابطہ کی صورت میں ہوا، چونکہ کلیّة القرآن کے ذمہ داروں میں قاری محمد ابراہیم میر محمدی ﷾ کا ذکر ہوا ہے، قاری صاحب اس سے پہلے مدینہ منورہ میں کلیّة القرآن، مدینہ یونیورسٹی اور سعودی عرب کے إذاعة القرآن الکریم کے باہمی تعاون کی صورت میں متنوع قراءات پر کام کر رہے تھے۔ اس طرح سے کلیّة القرآن کے سلسلے میں ہمارا پہلا رابطہ انہی سے ہوا۔ جبکہ ہمارا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

دوسرا رابطہ کویت سے ہوا، جس کی ابتدا اس طرح ہوئی کہ میرے بیٹے ڈاکٹر حافظ حمزہ مدنی سلمہ کو کویت میں قیام اللیل میں قرآن مجید سنانے کی دعوت ملی۔ ۲۰۰۰ء میں حمزہ صاحب قرآن مجید سنانے کے لیے کویت میں گئے۔ قرآن مجید میں آواز کا حسن اللہ تعالیٰ کی دین ہے اور نبی کریم ﷺ کا حکم بھی ہے کہ

«حسّنوا القرآن بأصواتكم»

اللہ تعالیٰ نے کلّیۃ القرآن، جامعہ لاہور الاسلامیہ سے جن نوجوانوں کو آواز کا حسن دیا تھا، ان میں قاری صہیب احمد میر محمدی اور ڈاکٹر قاری حمزہ مدنی نمایاں تھے۔ قاری صہیب احمد، چونکہ قاری ابراہیم میر محمدی حفظہ اللہ کے بھائی تھے، چنانچہ قاری صاحب کی وجہ سے سعودی عرب میں جو متنوع قراءات کا پروگرام تھا، بعدازاں وہ اس کام کو آگے بڑھاتے رہے، جبکہ کویت میں ڈاکٹر قاری حمزہ مدنی نے اس کی ابتدایوں کی کہ جب وہاں قرآن سنانے گئے تو قرآن مجید کی سورتوں کو متنوع قراءتوں میں سنانا شروع کیا۔ چونکہ یہ عربی ملک ہیں اور عربی ملکوں کے اندر قرآن کریم کی مختلف قراءتوں کا تعارف پہلے سے موجود ہے۔ اسی بناء پر اس طرح سے نمازوں میں قراءتوں کی تلاوت سے زیادہ مشکلات سامنے نہ آئیں اور اچھی آواز میں متنوع قراءتوں کی تلاوت کافی پسند کی گئی اور قیام اللیل میں تراویح پڑھنے والوں کی حاضری کافی بڑھ گئی۔ اس سے کویت کے اندر کافی حوصلہ افزائی ہوئی کہ قرآن مجید کو متنوع قراءتوں میں پڑھا جائے۔ اس سلسلہ میں جو اہل علم کویت میں موجود تھے، ان میں فضیلۃ الشیخ عبدالرازق علی ابراہیم موسیٰ رحمہ اللہ اور ڈاکٹر محمد ابراہیم حفظہ اللہ وغیرہ شامل ہیں، جن کی تائید سے لوگوں میں یہ معمول مقبول ہوگیا۔ اب پچھلے دس سالوں میں کویت کی صورتحال یہ ہے کہ وہاں ڈاکٹر قاری حمزہ مدنی کی مثل دس کے قریب بڑی مساجد میں قیام اللیل مختلف قراءات میں ہو رہا ہے۔ الشیخ عبدالرازق رحمہ اللہ، جن کا ابھی ذکر ہوا ہے، پاکستان کے بڑے بڑے قراء حضرات کے استاد ہیں، جیسا کہ قاری محمد ادریس العاصم حفظہ اللہ، قاری محمد ابراہیم میر محمدی حفظہ اللہ اور قاری احمد میاں تھانوی حفظہ اللہ وغیرہ ان سے مدینہ یونیورسٹی میں قراءات سیکھتے رہے۔ آپ مدینہ یونیورسٹی کے بہت دیر استاد بھی رہے ہیں اور مجمّع ملك فهد سے بھی ان کا تعلق رہا ہے۔ ابھی چند ماہ قبل کویت میں ان کا انتقال ہوگیا۔ بہر حال ان لوگوں کی تائید بڑی حوصلہ افزا ہوئی اور یہ نوجوان ان شیوخ کی حوصلہ افزائی کے ساتھ کویت میں اپنے مقاصد میں کامیاب رہے۔

کویت میں قرآن مجید کی اچھی تلاوت کرنے والے اور لوگ بھی موجود ہیں، لیکن وہاں امتیازی کام یہ ہوا کہ متنوع قراءتوں میں قرآن مجید کی تلاوت کی گئی۔ اس سلسلے میں تلاوت کا کام جو ڈاکٹر حمزہ مدنی نے شروع کیا، وہ بعد ازاں ریکارڈ ہونے لگا۔ مختلف اداروں نے اس سلسلہ میں مسابقت کی، جن میں 'تسجيلات حاملُ المسك الإسلامية' اور 'تسجيلات كيفان الإسلامية' کا تعاون بہت خوش آئند رہا۔

ابھی تک مجمّع ملك فهد کے اندر جو قرآن مجید کی متنوع قراءتوں کی ریکارڈنگ کا اہتمام تھا، ان میں زیادہ تر وہ قراءتیں ریکارڈ کی گئی تھیں، جو مشہور ملکوں میں پڑھی جاتی ہیں۔ مثال کے طور پر اسلامی ممالک کے مشرق میں امام عاصم رحمہ اللہ کی قراءۃ امام حفص رحمہ اللہ کی روایت سے معروف ہوئی۔ اسی طرح اسلامی ملکوں کے مغرب میں امام نافع رحمہ اللہ کی قراءۃ نے شہرت پائی۔ اگرچہ شمالی افریقہ کے جو ممالک 'مغاربہ' کہلاتے ہیں، وہاں امام نافع رحمہ اللہ کی قراءات ان کے دو شاگردوں کی روایت سے معروف ہوئی: ایک روایت ورش عن نافع ہے اور دوسری روایت قالون عن نافع ہے۔ مغربی اسلامی ممالک، جن میں مراکش، الجزائر، لیبیا، تیونس اور موریطانیہ وغیرہ آتے ہیں، ان میں عام

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طور پر امام ورش رحمہ اللہ اور امام قالون رحمہ اللہ دونوں کی روایت اسی طرح رائج ہے، جس طرح مشرق کے اندر روایت حفص عن الامام عاصم متداول ہے۔

سعودی عرب حرمین کی وجہ سے بہت محترم ملک سمجھا جاتا ہے، اس نے عالم اسلام کی نمائندگی کرتے ہوئے متداول قراءتوں کی ریکارڈنگ کا اہتمام کیا اور مجمّع ملك فهد نے وہ قرآن مجید بھی شائع کر دیئے، جو ان ملکوں میں پڑھی جانے والی قراءتوں اور روایتوں کے مطابق ہیں۔ امام قالون رحمہ اللہ کی روایت کا زیادہ اہتمام لیبیا نے کیا اور لیبیا کے اسلامی ادارے اسی کے مطابق قرآن مجید شائع کرتے ہیں اور اسی طرح مجمّع ملك فهد نے بھی امام قالون رحمہ اللہ کی روایت میں مصحف شائع کیا ہوا ہے۔ اسی طرح امام ورش رحمہ اللہ کی روایت میں مصحف جہاں مراکش وغیرہ شائع کرتے ہیں، وہیں مجمّع ملك فهد نے بھی روایت ورش میں مصحف کو شائع کیا ہے۔ اس کے علاوہ روایت ورش میں مصحف قطر سے بھی شائع ہوا۔ میں اپنے دورہ 'قطر' سے واپسی پر وہ مصحف لے کر بھی آیا تھا، جو روایت ورش عن نافع میں قطر نے شائع کیا تھا۔

یہ تمام متداول روایتیں مجمّع ملك فهد نے شائع کیں۔ بات کویت کے حوالے سے ہو رہی تھی، تو اسی کو آگے بڑھاتے ہیں۔ کویت میں جو کام آگے بڑھا وہ یہ تھا کہ چار متداول روایتیں جو کہ میں نے ذکر کر دی ہیں یعنی روایت حفص عن عاصم، روایت قالون عن نافع، روایت ورش عن نافع اور چوتھی قراءۃ، جو سوڈان کے اندر پڑھی جاتی ہے یعنی روایت دوری عن ابی عمرو بصری تو ان چار قراءتوں کا اہتمام تو دنیا کے مشہور ممالک پہلے سے کر رہے ہیں، جو باقی سولہ روایتیں ہیں (اس لیے کہ اس وقت دس قراءتیں متواتر ہیں اور ہر مشہور قاری سے آگے دو دو راوی ہیں، اس طرح روایتیں بیس بنتی ہیں) ان بیس میں سے چار کا اہتمام تو مجمّع ملك فهد نے کیا، جبکہ بقیہ قراءتوں کی ریکارڈنگ اور طباعت پر کام کویت میں شروع ہوا۔ ریکارڈنگ کی حد تک اس کام کی نوعیت یہ تھی کہ یہ کام پہلے قیام اللیل میں ہوا اور پھر بعد میں حامل المسك جیسے اداروں نے اپنے اسٹوڈیوز میں اس کی ریکارڈنگ کی۔ اس طرح ڈاکٹر حمزہ مدنی کا کام کویت میں آگے بڑھا اور پھر انہی کے واسطہ سے ہمارا کام عالمی سطح پر اجاگر ہوا۔ چونکہ انسان کے عزائم بہت بلند ہوتے ہیں، لیکن عملاً انسان جو کام کر سکتا ہے وہ اپنے وسائل کے مطابق ہی کر سکتا ہے، میں یہ سمجھتا ہوں کہ کویت کے اداروں اور وہاں کی مشہور شخصیات نے، جن میں مشعل سلیمان السعید حفظہ اللہ، الشیخ عبد اللہ عساکر حفظہ اللہ اور الشیخ عبداللہ الکندری حفظہ اللہ وغیرہ کا نام کافی نمایاں ہے، ان لوگوں کے تعاون سے کویت میں بھرپور کام ہوا اور ہمارے ہونہار شاگرد ڈاکٹر حافظ محمد اسحاق زاہد حفظہ اللہ کا بھی اس میں بہت نمایاں کردار ہے۔ انہوں نے ڈاکٹر حمزہ مدنی کی بھرپور مدد کی اور جامعہ کے ایک فرزند ہونے کے ناطے سے ہمارے کام میں بہت زیادہ تعاون کیا۔

اس طرح کویت میں ہمارا کام آگے بڑھتا رہا۔ اس وقت کویت میں ہمارے کام کی صورتحال یہ ہے کہ ایک تو بیس روایتوں میں قرآن مجید کی تلاوت اور ریکارڈنگ ہو رہی ہے اور اس کام کو ریکارڈ کرنے کا کام حامل المسك وغیرہ ادارے کر رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ہمارا کام اور جہتوں میں بھی آگے بڑھ رہا ہے۔ اس سلسلے میں کچھ تفصیل بعد میں ذکر ہوگی۔ قرآن مجید کی متنوع قراءات کے سلسلے میں سعودی عرب اور کویت نے ہمیں کافی سہارا دیا اور ہم اس کام کو آگے بڑھا کر ان ممالک کے تعاون سے اپنی مشکلات پر قابو پانے میں کافی حد تک کامیاب رہے۔

یہاں یہ ذکر کرنا بھی مناسب ہوگا کہ ہمارے ساتھ جہاں سعودی عرب اور کویت کا تعاون شامل ہے، وہاں اب

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گزشتہ چند سالوں سے متحدہ عرب امارات کے عربی احباب کا تعاون بھی شامل ہو چکا ہے۔ اس سلسلے میں شیخ یوسف نجیبی حفظہ اللہ اور شیخ حسن خانصاب حفظہ اللہ ہمارے ساتھ بھرپور تعاون کر رہے ہیں اور ڈاکٹر حمزہ مدنی گزشتہ سال سے وہاں بھی دوبئی کی مشہور مسجد 'صفا' میں متنوع قراءتوں میں نماز تراویح شروع کر چکے ہیں۔ متحدہ عرب امارات کے مشائخ نے ہم سے وعدہ لیا ہے کہ ہم وہاں ہر سال متنوع قراءتوں میں قرآن سنانے کا اہتمام کریں گے۔

میں نے کلّیۃ القرآن کی مشکلات کا ذکر کیا ہے کہ یہ توسع اصل میں مشکلات کا ایک حل تھا اور میں یہ بات آپ کے سامنے واضح کرنا چاہتا ہوں کہ خود نبی کریم ﷺ کے دور میں جب قرآن مجید کو سات حرفوں کے اندر پڑھنے کی وسعت دی گئی تو وہ بھی اصل میں عربوں کی تلاوت میں مشکلات کا ایک حل تھا۔ جس طرح دنیا میں مختلف زبانیں ہیں اسی طرح دنیا میں ہر زبان میں کچھ لفظ بھی مختلف ہوتے ہیں اور خصوصاً لہجہ اور طرز بھی مختلف ہوتی ہے۔ بالکل اسی طرح عربی زبان میں لہجوں اور طرزوں کا فرق موجود ہے۔ نبی کریم ﷺ پر جب قرآن نازل ہوا تو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کو کئی لہجوں اور مختلف طرزوں کا لحاظ رکھتے ہوئے اتارا۔ اس طرح نبی کریم ﷺ کے دور میں قرآن مجید سات حروف میں مکمل ہو گیا۔

رشد: سبعة أحرف کا مفہوم کیا ہے؟ نیز قاری صاحب کے جانے کے بعد کلیہ قرآن کی حالیہ صورتحال کیا ہے؟

مولانا: قرآن کریم کا متعدد قراءتوں میں نزول اور پھر اس کا ثبوت تو تواتر کے ساتھ ثابت ہے، لیکن حدیث سبعة أحرف کی تشریح کے اندر اہل علم کا اختلاف پایا جاتا ہے۔ میں اپنے انٹرویو میں یہ اختلاف زیادہ پھیلانا نہیں چاہتا۔ اس سلسلے میں صرف راجح بات ذکر کر دیتا ہوں کہ سات اَحرف سے مراد عربی زبان کی لغات کا اختلاف ہے اور اس میں عربی زبان کے طرزوں اور لہجوں کا خصوصاً احاطہ کیا گیا ہے۔ حتی کہ قراءتوں میں لغوی اختلاف بھی زیادہ سنگین نہیں ہے۔ یہ نہیں ہے کہ ایک لفظ کی جگہ پر ایک دوسرا متضاد لفظ رکھ دیا جائے، بلکہ وہ اختلاف بھی یہاں تک ہے کہ بعض قریبی الفاظ یا تو مخرج کے اعتبار سے قریبی ہیں یا صفت کے اعتبار سے، مثلاً سورۃ فاتحہ میں 'صراط الذین أنعمت علیهم' میں صراط کو 'زا' کے اشمام کے ساتھ بھی پڑھا جا سکتا ہے اور خالص 'صاد' کیساتھ بھی۔ اس کے علاوہ بھی قرآن مجید میں بہت سی جگہوں پر صاد کی جگہ پر سین پڑھا جاتا ہے۔ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ یہ اختلاف لغت کا بڑا اختلاف نہیں ہے، لیکن چونکہ مختلف قبائل جب ان الفاظ کو بولتے تھے تو وہ سین کے ساتھ، صاد کے ساتھ اور صاد میں زاء کے اشمام کے ساتھ بولتے تھے، چنانچہ اہل عرب کی ان مشکلات کا لحاظ کرتے ہوئے قرآن کریم کو مختلف اندازوں میں نازل کر دیا گیا، جنہوں قراء کی اصطلاحات میں قراءات کہا جاتا ہے۔

اس اختلاف کو ہم قرآن مجید کی لغت کا اختلاف کہہ سکتے ہیں اور یہ اختلاف صرف ظاہر کے اعتبار سے ہے، آپ اس کو تنوع ہی سمجھئے۔ یہ قرآن مجید کی وسعت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے قبائل کے لئے اپنی اپنی زبان، اپنی اپنی طرزوں اور لہجوں کے اندر پڑھنے کی اجازت طلب کی۔ اس طرح یہ سات احرف نبی اکرم ﷺ کے زمانہ میں ہی تلاوت میں موجود تھے۔ بعد میں انہی سات حرفوں نے قراءتوں اور روایتوں کی شکل اختیار کی۔ ہمارے ہاں پائی جانے والی قراءتیں انہی سات حروف سے اخذ ہوئی ہیں، جس طرح فقہاء میں سے بعض کی فقہ مرتب ہوئی ہے۔ ہمارے ہاں اہل

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سنت کے اندر چار امام اور شیعہ کے ہاں تین مکتبہ فکر پائے جاتے ہیں۔ اہل سنت میں سے چار اماموں نے بڑی شہرت پائی، جن میں امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ شامل ہیں اور شیعہ کے اندر جو تین مکتبہ فکر پائے جاتے ہیں، ان میں سے ایک امام جعفر صادق رحمہ اللہ کی طرف نسبت کرتے ہیں اور اپنے آپ کو 'اثنا عشری' کہلاتے ہیں، دوسرے زین العابدین رحمہ اللہ کی طرف نسبت کرتے ہیں اور اپنے آپ کو 'زیدی' کہلاتے ہیں اور تیسرے اسماعیل بن محمد باقر کی طرف اپنی نسبت کرتے ہوئے 'اسماعیلی' کہلاتے ہیں۔

جس طرح پچھلے زمانوں میں مختلف اہل علم اور فقہاء زیادہ مشہور ہوگئے کہ لوگ ان کے پیچھے چلنے لگے، اسی طرح اہل علم میں سے کچھ لوگ قاری تھے، انہوں نے قرآن کو خاص انداز میں پڑھنے کا اہتمام کیا اور اس کے اندر یہی تنوع ملحوظ رکھا۔ ایک تو لغوی اختلاف کا میں ذکر کر چکا ہوں، دوسرا یہ ہے کہ اس کے اندر لہجوں کا اختلاف ہے، یہ اختلافات ملحوظ رکھ کے انہوں نے جب اپنی قراءات وتلاوت کو منظّم کیا تو یہ قراءتیں ان اماموں کی طرف منسوب ہوگئیں۔ اب چونکہ امام بہت ہیں، اس اعتبار سے جو 'سات اَحرف' تھے وہ اب 'سات' نہیں رہے، بلکہ قراءتوں کی صورت میں ان کی تعداد بڑھ گئی ہے۔ اب وہ قراءتیں جو تواتر سے ثابت ہیں دس ہیں اور پھر اس کے بعد ہر قاری کی آگے دو دو روایتیں ہونے کی بناء پر بیس روایتیں متواتر سمجھی جاتی ہیں اور یہ شکل عشریٰ صغریٰ کہلاتی ہے اور اگر ان بیس روایتوں کے ذیلی اختلافات کو بھی ملحوظ رکھیں تو یہ اسی (۸۰) طرق بن جاتے ہیں۔ اس لیے کہ ہر روایت کے ذیلی چار چار طرق ہیں، ان کو 'قراءات عشرہ کبریٰ' کا نام دیا جاتا ہے۔ دنیا میں اس وقت جو روایتیں متداول ہیں، وہ عشرہ صغریٰ بھی ہیں اور عشرہ کبریٰ بھی اور اہل علم ان کی لوگوں کو سندیں جاری کرتے ہیں۔ اس ضمن میں ہمارے ادارے نے بھی کوشش کی ہے کہ عشرہ کبریٰ کا اہتمام کیا جائے، اگرچہ ہم قبل ازیں عشرہ صغری کے فروغ کی کوششوں میں زیادہ جدوجہد کی وجہ سے زیادہ بھرپور انداز میں اس پر کام نہیں کر سکے، لیکن ہمارے كلّية القرآن میں اس کا اہتمام پایا جاتا رہا ہے اور مزید کام آگے بڑھ رہا ہے۔ اس سلسلہ میں جس طرح عشرہ صغری کے فروغ میں پہلے قاری محمد ابراہیم میر محمدی حفظہ اللہ نے ہمارے ساتھ تعاون کیا تھا، اب قراءات عشرہ کبری کی تدریس اور فروغ کے سلسلہ میں قاری محمد ادریس العاصم حفظہ اللہ ہمارے ساتھ تعاون بڑھا رہے ہیں اور ان کی زیرنگرانی اس سال کلیہ القرآن میں ہم قراءات عشرہ صغری کے بعد آخری دو کلاسوں میں 'قراءات عشرہ کبریٰ' کی تدریس مستقلاً شروع کر رہے ہیں۔

قراءتوں کا یہ کام جو اٹھارہ سال پہلے شروع ہوا تھا یہ ابھی یہیں تک پہنچا ہے۔ اس سلسلے میں ہمیں ہمیشہ اساتذہ کی قلت درپیش رہی ہے۔ اس لیے کہ اچھی آواز والے قاری باہر کے ملکوں میں چلے جاتے ہیں، کیونکہ وہاں ان کی خدمت زیادہ ہوتی ہے، اس طرح ہمیں ایک مشکل یہ بھی پیش آئی کہ ہمارے اس کام میں پیش پیش ساتھی محترم قاری محمد ابراہیم میر محمدی حفظہ اللہ کی جمعية أحياء التراث نے بونگہ بلوچاں کی ایک درسگاہ کے اندر تقرری کر دی اور چند سال سے قاری صاحب تدریس کے لیے وہاں تشریف لے جا چکے ہیں، لیکن ہم نے ان کو اپنے ساتھ یوں منسلک رکھا ہوا ہے کہ كلّية القرآن الكريم کے ذمہ داروں کے طور پر وہ ہمارے ساتھ ہیں۔ اگرچہ قاری صاحب کے وہاں جانے کے بعد باقاعدہ عملی سرپرستی کی صورت میں تدریسی خدمات تو ان کے استاد قاری یحییٰ رسولنگری حفظہ اللہ انجام دے رہے ہیں، لیکن قاری ابراہیم میر محمدی حفظہ اللہ کی باقاعدہ نگرانی بھی ہمارے ساتھ شامل ہے۔

میں اس سے پہلے یہ بیان کر چکا ہوں کہ ہمارے كلّية القرآن کی ایک سرپرست مجلس ہے، جس کے اندر قاری

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یحییٰ رسولنگری حفظہ اللہ، قاری ادریس العاصم حفظہ اللہ، قاری عزیر حفظہ اللہ اور قاری اسلم رحمہ اللہ وغیرہ شامل رہے ہیں۔ ہماری بھرپور کوشش رہی کہ ہم ان لوگوں سے استفادہ کرتے رہیں۔ مجھے یہ کہنے میں کوئی عار نہیں ہے کہ ہمارا یہ کام بہت عرصہ تک جزوی طور پر چلتا رہا ہے، اگرچہ کلّیۃ القرآن کی ابتدا تو قاری محمد ابراہیم حفظہ اللہ کے یہاں آنے کے کچھ عرصہ بعد ہوئی تھی۔ وہ ۱۹۹۱ء میں پاکستان تشریف لائے تو ہم نے یہ کام تب ہی سے کلیہ شریعہ میں شروع کروادیا تھا، جبکہ ۱۹۹۲ء میں ہم نے اس کا کلیہ الگ کر کے اس کا باقاعدہ اہتمام شروع کیا۔ اس کام میں میرے ساتھ قاری ابراہیم صاحب سے قبل جو ساتھی بھرپور تعاون کرتے رہے ہیں، ان میں دو افراد کا میں ذکر کرتا ہوں۔ ان میں سے ایک نام تو شیخ القراء قاری عبدالوہاب مکی رحمہ اللہ کا ہے۔ قاری صاحب ہماری خواتین کے اندر قرآن مجید کو مختلف قراءتوں میں فروغ دینے کا اہتمام عرصہ دراز تک کرتے رہے۔ اللہ ان کو غریق رحمت کرے، اب وہ اللہ کے پاس جا چکے ہیں اور دوسری شخصیت قاری محمد ادریس عاصم حفظہ اللہ کی ہے، وہ ہمارے لیے الحمدللہ ابھی تک سرپرستی کا کام انجام دے رہے ہیں۔

ہم نے کوشش یہ کی ہے کہ اگر کوئی شخص کسی اور ادارے کیساتھ وابستہ ہوجائے تو اس کا ہمارے ساتھ جتنا بھی تعاون ہوسکتا ہے، ہم اس کو ممکن بنائیں۔ قاری ابراہیم میر محمدی حفظہ اللہ جب اپنی مستقل ذمہ داری بونگہ بلوچاں میں انجام دینے لگے تو ہم نے قاری صاحب کو اپنا نگران بنا دیا، لہٰذا آج قاری صاحب ہمارے جامعہ کے انتظامی معاملات میں دخیل ہیں۔ جامعہ کے حوالے سے ہمیں کوئی بھی انتظامی یا نصابی مشکلات درپیش ہوں قاری صاحب کی باقاعدہ شمولیت ہوتی رہتی ہے اور قاری صاحب اس سلسلے میں بذات خود تشریف لاتے ہیں اور بھرپور تعاون فرماتے ہیں۔

جب قراءتوں کے سلسلے میں علمی مشکلات درپیش ہوئیں تو اس وقت بھی ذکر کردہ تمام حضرات ہمارے ممدو معاون رہے اور الحمدللہ آج ہم ان مشکلات سے نکل کر بڑی وسعت اور دلجمعی کیساتھ اس کام کو انجام دے رہے ہیں۔

قدرت کا نظام ایسا ہے کہ انسان جب بڑا ہوجاتا ہے تو پھر اس کے شاگرد اس کا کام سنبھال لیتے ہیں۔ ہم لوگ بھی اب تقریباً بزرگوں میں شامل ہوچکے ہیں۔ ہمارا کام بھی ہماری اصلی اور معنوی اولاد سنبھالے ہوئے ہے۔ اسی طرح قاری ابراہیم میر محمدی حفظہ اللہ کا قائم کردہ اصل کلّیۃ القرآن، جو لاہور میں موجود ہے، ان کی معنوی اولاد سنبھالے ہوئے ہے اور بطریقہ احسن اس کو چلا رہی ہے۔ اس وقت یہاں ان کے استاد (قاری یحییٰ رسولنگری حفظہ اللہ) اور ان کے شاگرد مل کر کام کو آگے بڑھا رہے ہیں۔

اس کام کے اندر ہم نے متبادل محنتیں جاری رکھی ہوئی ہیں اور قاری صاحب کے جانے کے بعد کوئی خاص نمایاں کمی محسوس نہیں کی۔ اگرچہ ہم ان کے قدردان ہیں اور ہمیشہ یہ خواہش رکھتے ہیں کہ یہ بزرگ ہمارے پاس مستقل طور پر کام کریں، لیکن حالات کے اندر اتار چڑھاؤ رہتا ہے۔ انسان کی تمام خواہشات جس طرح وہ چاہتا ہے، پوری نہیں ہوتیں، لیکن جب انسان اللہ تعالیٰ سے اچھی امید رکھتے ہوئے دعا کرتا ہے تو اس کے لیے متبادل راستے پیدا ہوجاتے ہیں۔

رشد: کیا وجہ تھی کہ کلّیۃ القرآن کے آغاز کے سلسلے میں آپ کی نظر انتخاب قاری ابراہیم میر محمدی حفظہ اللہ پر ہی پڑی۔

مولانا: میرا شروع میں رابطہ قاری ابراہیم میر محمدی حفظہ اللہ اور قاری ادریس عاصم حفظہ اللہ دونوں سے تھا، بلکہ میرا ایک رابطہ جامعہ ام القریٰ کے اندر قراءتوں کا کام کرنے والے ایک پاکستانی صاحب سے بھی تھا، لیکن افسوس کہ بعد میں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

متشدد ظالموں نے انہیں جوانی کی عمر ہی میں شہید کر دیا۔ اصل میں مجھے تو جو شخصیت میسر آئی اس کو میں نے لے لیا، ورنہ میری کوشش تو تھی کہ قاری ادریس عاصم ﷾ بھی یہیں میرے پاس آ جائیں، لیکن جب وہ گئے تھے اس وقت سے ہی ان کا رابطہ لسوڑیاں والی مسجد کے ساتھ تھا، اس لیے وہ اپنے وعدے کے مطابق وہیں آ کر سیٹ ہوئے۔ اس لیے عملاً قاری ابراہیم میر محمدی ﷾ کے ساتھ مل کر ہم نے اس کام کو آگے بڑھایا، اگرچہ ہم نے کلیہ القرآن کے افتتاح کے موقع پر آغاز ہی میں ایک سپریم کونسل بنالی تھی جس میں تمام سرپرستوں کو شامل کر لیا تھا۔ قاری یحییٰ رسولنگری ﷾، قاری محمد ادریس العاصم ﷾، قاری محمد عزیر ﷾ اور دیگر کئی حضرات کو ہم نے ابتداء ہی میں اس کونسل کے ارکان میں شامل کر لیا تھا، بلکہ مجھے یاد پڑتا ہے کہ کلیہ القرآن کے نصاب سازی کی بعض ابتدائی میٹنگز قاری محمد ادریس العاصم ﷾ کے گھر میں بھی منعقد ہوئیں۔

رشد: کلِّية القرآن کا آغاز آپ نے کب فرمایا اور اس کے محرکات کیا تھے؟

مولانا: اس کلیہ کا آغاز آج سے تقریباً سترہ سال قبل ۱۹۹۲ء میں ہوا اور اس کا انتظام اس طرح ہوا کہ پہلے میں نے کلیہ الشریعہ کے اندر متنوع قراءتوں کا اہتمام کیا، پھر مجھے اس کے لیے مستقل کلیہ کھولنے کی ضرورت محسوس ہوئی۔ اس کلیہ کی ابتدا کے لیے سرپرست مجلس بھی بنائی گئی اور مجلس نے اپنی متعدد نشستوں کے اندر اس کا نصاب بنایا، تو الحمد للہ ہم نے نصاب سازی کر کے اگلے سال کلِّية القرآن کی ابتدا کر دی۔

رشد: آپ کو اللہ تعالیٰ نے مختلف معاملات میں بہت سے ممالک کا دورہ کرنے کا موقع دیا ہے، ان ممالک میں رائج قراءات کے بارے میں مختصر ذکر کر دیں۔

مولانا: قراءات کا ذوق مجھ میں بہت پہلے سے تھا۔ میرے والد گرامی تجوید کے لیے زور دیتے تھے، اس لیے جب میں 'جامعہ اہلحدیث، چوک دالگرہ' کے اندر ناظم تھا، اس وقت بھی میں مختلف قراء حضرات سے تجوید سیکھا کرتا تھا اور تجوید کے مطابق تلاوت کرنے کی کوشش کرتا تھا۔ پھر بعد میں بھی میں اس سلسلے میں کوشش کرتا رہا۔ جامعہ حقانیہ میں قاری غلام رسول صاحب کے پاس میں مستقل طور پر تجوید کی مشق کرتا رہا۔ جب میں مختلف ممالک میں گیا اور مختلف قراءتوں کا عملاً جائزہ لیا تو مجھے بڑی خوشی ہوئی کہ یہ کام دنیا بھر میں پھیلا ہوا ہے، مثلاً ہم نے تراویح مراکش کے اندر پڑھی تو ہم روایت ورش میں پڑھتے رہے۔ بلکہ جب میں مراکش میں دروس حَسَنِيَّة کے سلسلے میں جاتا رہا، تو وہاں ایک عالم دین، مدینہ منورہ کے کلیہ قرآن سے فارغ التحصیل موجود ہیں، انہوں نے جب ڈاکٹر حمزہ مدنی کی روایت ورش کی تلاوت سنی تو کہنے لگے کہ اصل ورش کی تلاوت یہی ہے۔ جو مراکش کے اندر ورش کی تلاوت چل رہی ہے، یہ پوری ورش نہیں ہے۔ صحیح ورش کی تلاوت وہ ہے جو ڈاکٹر حمزہ مدنی کی کیسٹ میں ہے۔ مجھے یہ سن کر بہت زیادہ خوشی ہوئی۔

اسی طرح میں نے سوڈان میں دوری عن ابی عمرو بصری کی تلاوت سنی۔ سوڈان نے بعد ازاں جن روایتوں کا طبع کرنے کا اہتمام کیا ہے ان میں امام ابن کثیر مکی ؒ کے دوراوی بزّی ؒ اور قنبل ؒ بھی شامل ہیں۔ اسی طرح سوڈان میں دیگر روایات کی تدریس کا بھی علمی سطح پر اہتمام پایا جاتا ہے، لیکن میں یہاں یہ بات واضح کرنا چاہتا ہوں کہ سوڈان میں روایت حفص کے علاوہ روایت دوری بھی پڑھی جاتی ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دنیا میں چار متداول روایتوں کو تو میں نے مختلف ممالک میں خود سنا ہے اور باقی روایتیں عوامی طور پر تو میں نے خود نہیں سنی ہیں، لیکن سبعة أحرف کی اگر چار روایتیں دنیا میں پائی جاتی ہیں، تو تنوع تو ثابت ہوگیا۔ اب جب دنیا میں تنوع پایا جاتا ہے تو خواہ وہ چار کا ہی ہو تو اس تنوع کو آگے بڑھانے میں کون سی چیز مانع ہے۔ اس لیے کہ اصل مسئلہ تو یہ ہے کہ تنوع موجود ہے یا نہیں؟ جس طرح ہم سینہ بہ سینہ روایت حفص کو اپنائے ہوئے ہیں، اسی طرح اسلامی مغربی ممالک قراءت نافع اور قراءت ابی عمرو کو اپنائے ہوئے ہیں۔ تو جس طرح ہمارے ہاں 'تواتر عملی' کی ایک اصطلاح استعمال کی جاتی ہے، حالانکہ اگر بنظر غائر دیکھیں تو امام حفص رحمہ اللہ کی روایت قاری عاصم رحمہ اللہ سے ہے، لیکن امام عاصم رحمہ اللہ کے جو دوسرے راوی شعبہ رحمہ اللہ ہیں، ان کی روایت ہمارے ہاں سینہ بہ سینہ موجود نہیں ہے۔ اگر آپ روایت شعبہ کا انکار کر دیں، تو اس کا معنی یہ ہے کہ آپ قراءۃ عاصم کا انکار کر رہے ہیں، تو قراءۃ عاصم کا انکار کرنے کے بعد روایت حفص کو کیسے باقی رکھیں گے کہ ایک ہی امام سے اگر روایت حفص ہے، تو اسی امام سے شعبہ رحمہ اللہ کی روایت بھی موجود ہے۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ خود ایک امام کے اندر یہ تنوع پایا جاتا ہے۔ اس کے بعد دوسرے اماموں سے جو تنوع پایا جاتا ہے، اس کا انکار کیسے ہوسکتا ہے؟ اگر آپ اس طرح کا دعویٰ کریں گے تو آپ اس 'تواتر عملی' کا انکار کریں گے، جس کی بنیاد پر روایت حفص مسلمہ صورت اختیار کرتی ہے۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ روایت شعبہ کا انکار حقیقت میں قراءۃ عاصم کا انکار ہے اور قراءۃ عاصم کا انکار ہوگیا تو روایت حفص کی بنیاد ہی ختم ہوجاتی ہے۔ اس طرح اگر آپ کہیں گے کہ دنیا میں روایت حفص ہی ایک روایت ہے، تو دنیا میں جو دیگر روایتیں پائی جاتی ہیں اور امام حفص رحمہ اللہ کی قراءۃ کی طرح متداول ہیں تو آپ مسلمانوں کی بہت بڑی تعداد کے قرآن مجید پڑھنے کا انکار کر رہے ہیں، تو اتنے بڑے مسئلے کا آپ انکار نہ کریں، اس لیے کہ یہ چیز تعامل امت اور اجماع علماء سے ثابت ہے، جس کو آپ 'تواتر عملی' کے لفظ سے تعبیر کرتے ہیں۔

رشد: منکرین قراءات کے بارے میں آپ کی رائے کیا ہے اور عصر حاضر میں قراءات کے حوالے سے ہمارا لائحہ عمل کیا ہونا چاہیے؟

مولانا: جہاں تک قرآن مجید کا تنوع ہے اس کا انکار تو بہت خطرناک ہے۔ اس لیے کہ سبعة أحرف کا انکار تو متواتر حدیث کا انکار ہے اور متواتر حدیث کا انکار بہت خطرناک بات ہے، لیکن جہاں تک موجودہ قراءتوں کا تعلق ہے تو ان کی شکل اماموں کی روایات کی سی ہے۔ اس لیے کوئی شخص اگر کسی امام کو نہ مانے تو یہ تو ایمان کا حصہ نہیں ہے کہ وہ شخص مسلمان نہ رہے، اس بناء پر ہم ان اماموں کے نام سے قراءتیں نہ ماننے والوں کو کافر تو نہیں کہتے، اگرچہ یہ قراءتیں بھی ان آئمہ سے تواتر سے مروی ہیں اور ہمارے ہاں معروف یہی ہے کہ تواتر کا انکار کفر ہوتا ہے، لیکن اب صورتحال یہ ہے کہ فتویٰ میں ہم سب سے کمزور شکل کو سامنے رکھ لیتے ہیں۔ وہ فتویٰ یہ ہے کہ وہ لوگ جو مختلف تاویلوں کی صورت میں ان کا انکار کرتے ہیں تو اہل علم کا محتاط رویہ یہی ہے کہ تاویلوں سے کسی چیز کا انکار ہو تو اس پر کفر کا فتویٰ نہ لگایا جائے۔ اس بناء پر میں سمجھتا ہوں کہ مخصوص اماموں کی نسبت سے قراءات کا انکار تو کفر نہیں ہے، جس طرح اگر کوئی شخص امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کو نہ مانے یا امام مالک، شافعی، امام بخاری یا امام جعفر صادق رحمہ اللہ کو نہ مانے تو ایمان جاتا نہیں رہتا، کیونکہ یہ امام تو بعد میں دنیا میں آئے ہیں اور ان لوگوں سے پہلے بہت لوگ گزر چکے، اس لیے میں ان اماموں کی قراءات کا انکار تو کفر نہیں سمجھتا، لیکن نفس قرآن کریم میں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تنوع قراءات کے انکار کے بارے میں خطرہ ہے کہ اس سے کفر لازم آجائے۔ پھر بھی ہم ہلکا فتویٰ یہی دیتے ہیں کہ یہ انکار شدید ترین گمراہیوں میں سے ہے اس لیے کہ یہ انکار تاویل کے قبیل سے ہے اور تاویل سے انکار کرنے والا اہل علم کے نزدیک گمراہ ہوتا ہے۔

رشد: مجلس التحقیق الاسلامی، لاہور کے 'موسوعہ قراءات' کے بارے میں تفصیل اور اغراض ومقاصد بیان فرما دیں۔

مولانا: اس وقت مجلس التحقیق الاسلامی کے تحت تین انسائیکلو پیڈیاز تیار ہو رہے ہیں، ان میں سے ایک 'موسوعہ قضائیہ' ہے جس میں نبی کریم ﷺ سے لے کر عصر حاضر تک جتنے بھی فیصلے ہوئے ہیں اور ستاون اسلامی ممالک میں اسلام کے نام پر ہونے والے فیصلے اور غیر مسلم ممالک کی شریعت کونسلوں میں ہونے والے فیصلے، ہماری کوشش ہے کہ موسوعہ قضائیہ میں جمع کر دیں۔ ہمارا دوسرا پروگرام یہ ہے کہ برصغیر پاک وہند کے اندر تقریباً ڈیڑھ سو سال میں رسائل وجرائد کا جتنا کام ہوتا رہا ہے ہم اس سب کا اشاریہ تیار کرنا چاہتے ہیں جس میں تمام رسائل وجرائد کا اشاریہ آجائے۔ یہ ہمارا دوسرا انسائیکلو پیڈیا ہے۔

ہمارا تیسرا انسائیکلو پیڈیا 'موسوعہ قراءاتِ قرآنیہ' ہے۔ ہمارا یہ سارا کام مجلس التحقیق الاسلامی کی نگرانی میں ہو رہا ہے اور کلّیة القرآن الکریم، جامعہ لاہور الاسلامیہ کے تعاون سے آگے بڑھ رہا ہے۔ میں اس سلسلے میں تفصیل کے بجائے اختصار سے کچھ عرض کرنا چاہوں گا، اس لیے کہ اس کے تعارف پر رشد قراءات نمبر حصہ اول میں ہمارے بیٹے قاری فہد اللہ سلمہ نے تفصیلی مضمون لکھا ہے۔ دنیا کے اندر سب سے پہلا کام سبعة أحرف کو محفوظ کرنے کا تھا۔ قرآن مجید کی حفاظت کے سلسلے میں اصل چیز ادائیگی ہے، جس کو ہم تلاوت بھی کہہ سکتے ہیں۔ اس ادائیگی کے لیے سب سے پہلے قرآن مجید کا تلفظ سیکھا جاتا ہے، اس کے بعد قرآن مجید کی تلاوت کی جاتی ہے۔ اس کے لیے قاریوں کے ہاں تلقّی وتلاوت کی اصطلاح پائی جاتی ہے۔ تلقّی کی اِصطلاح تلفظ کے بارے میں استعمال ہوتی ہے، جبکہ سنت کی روایت میں یہ اصطلاح نہیں ہے، کیونکہ روایت سنت میں الفاظ کو اتنی اہمیت نہیں ہوتی، اس میں اصل شے مفہوم ہوتا ہے اور کوشش کی جاتی ہے کہ اسی کو الفاظ میں بیان کیا جائے، جو نبی کریم ﷺ اور ان کے صحابہ کی تعبیر ہے۔ سنت کے اندر تحمّل واداء یا تحمّل وروایت کی اِصطلاح استعمال ہوتی ہے، تو یہ سنت کے اندر حفاظت روایت کا طریقہ ہے۔ اس کے بعد حفاظت کی اصل شکل یہ رہی ہے کہ اس کو کتابت کے اندر لے آیا جائے، لیکن تقریباً پچیس تیس سال سے جو چیز دنیا میں تقریباً پھیل گئی ہے، وہ یہ ہے کہ حفاظت کے سلسلہ میں جدید الیکٹرانک میڈیا کو بھی استعمال کیا جائے۔ قرآن مجید کو کتابت یا الیکٹرانک ذریعے سے محفوظ کیا جائے یہ متبادل ذرائع ہیں۔ نبی اکرم ﷺ کے زمانے میں کتابت موجود تھی، لیکن کم تھی اس لیے نبی کریم ﷺ نے کتابت کا اہتمام تو کیا ہے، لیکن چونکہ قرآن مجید نبی کریم ﷺ کے زمانہ میں اتر رہا تھا، اس لیے تلاوت کی حد تک پورا قرآن مجید محفوظ تھا اور صحابہ کی بڑی تعداد جو اپنے آپ کو اہل قرآن بھی کہلاتے تھے اور انہیں قراء بھی کہا جاتا تھا، وہ نبی کریم ﷺ کے زمانہ میں موجود تھی۔ قرآن مجید کی کتابت کا اہتمام جنگ یمامہ میں قاریوں کی ایک بڑی جماعت کے شہید ہونے پر شروع ہوا تھا۔ کتابت ایک متبادل ذریعہ ہے ورنہ قرآن مجید کی اصل حفاظت ﴿بَلْ هُوَ اٰيَاتٌ بَيِّنَاتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ أُوْتُوا الْعِلْمَ﴾ سے ہوئی ہے، یعنی قرآن مجید کی اصل حفاظت صدری حفاظت ہے، پھر بعد میں قرآن مجید کی حفاظت صدری ذریعہ کی طرح کتابت سے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بھی کی گئی۔اسی طرح سنت کی حفاظت بھی صدری اور کتابی دونوں طرح سے ہوتی رہی ہے۔

قرآن مجید کی سب سے پہلی کتابی حفاظت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں اس طرح ہوئی کہ مکمل قرآن مجید کو ایک جگہ محفوظ کیا گیا، جبکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں مکمل قرآن مجید کتابی صورت میں موجود نہیں تھا، بلکہ وہ ٹھیکریوں، چھلکوں اور ہڈیوں پر لکھا جاتا تھا، ان سب کو ایک جگہ جمع کر کے محفوظ کرنے کا کام حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے سب سے پہلے کیا اور چونکہ یہ صفحات الگ الگ تھے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے جب ان کو اکٹھا کیا تو انہوں نے اس کا ایک مصحف تیار کرلیا، چنانچہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے جمع کردہ کام کو'صحف ابی بکر' بولتے ہیں، جبکہ جمع عثمانی میں قرآن کریم چونکہ ایک جلد میں تھا، چنانچہ اسے 'مصحف' کا نام دیا گیا۔

اس لیے ترتیب قرآنی جس میں 'سورتوں' کی ترتیب بھی شامل ہے، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ہوئی، جبکہ سورتوں کی اندرونی ترتیب یعنی نظم آیات حضرت ابوبکرؓ کے زمانہ میں مکمل ہوچکی تھی اور تلاوت کی صورت میں ﴿بَلْ هُوَ اٰيَاتٌ بَيِّنَاتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ﴾ میں موجود تھی۔آج تک قرآن مجید کی اصل حفاظت صدری ہی ہورہی ہے اور تلفظ کی صورت میں قرآن مجید موجود ہے، جہاں تک اس کی کتابی حفاظت ہے وہ اضافی طور پر ساتھ چل رہی ہے اور یہ کام اسی طرح آگے بڑھتا رہے گا۔ان شاء اللہ

قرآن مجید کی چار روایتیں تو متداول صورت میں موجود ہیں اور وہ کتابت کی صورت میں طبع ہورہی ہیں۔کتابی شکل میں قرآن مجید کی پہلی حفاظت تو حضرت ابوبکرصدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کی۔ چونکہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں سبعة أحرف کو مکمل جمع کرلیا گیا تھا، اسی لیے انہیں جامع قرآن کہا جاتا ہے، تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ قرآن مجید کا نقش سب سے پہلے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے محفوظ کیا اور محفوظ کرنے کے بعد یہ اہتمام بھی شروع ہوا کہ اس کا رسم الخط کیا ہو؟ اس بارے میں آپ یاد رکھیں کہ یہ قریش کا رسم الخط تھا یہی وجہ ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس یہی مسئلہ درپیش ہوا کہ اگر قرآن مجید کو لکھنے میں اختلاف ہوجائے تو پھر کس رسم الخط کو اصل بنایا جائے اور باقی رسم الخط تابع ہوجائیں، تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اگر تمہارا آپس میں اختلاف ہوجائے تو''فاكتبوه بلغة قريش'' ''قریش کی لغت میں لکھو۔'' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا تھا کہ قرآن مجید کا ابتدائی نزول چونکہ اصلا لغت قریش میں ہوا تھا، چنانچہ کتابت میں بھی وہی لغت اصل ہونی چاہیے۔تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اصل رسم الخط قریشی قرار دیا، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ قریش کی لغت کے علاوہ باقی ساری لغتیں منسوخ ہوگئیں، جیسا کہ بعض لوگوں کو مغالطہ ہوا ہے۔قرآن مجید کے اندر سبعة أحرف کی صورت میں باقی لغات بھی موجود ہیں، لیکن رسم الخط کے اندر اصل کتابت قریش کے رسم الخط کو دی گئی ہے اور صرف قریش کے رسم الخط کو ہی نہیں، بلکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں جو کتابت تھی اس کو سامنے رکھا گیا ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں کتابت کرنے والے بہت سے لوگ تھے اور ان میں سے ایک جلیل القدر صحابی زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بھی تھے، وہ مسلسل نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے سے لے کر حضرت ابوبکرصدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں بھی کمیٹی کے اندر سرکردہ رکن کی حیثیت سے شامل رہے ہیں۔ان کو انصاری ہونے کے باوجود خاص طور پر تلقین کی گئی کہ قریشی رسم الخط کا اہتمام کریں۔

میں یہاں ایک نقطہ واضح کیے دیتا ہوں، جس میں بعض لوگوں کا اختلاف ہوتا ہے، تاکہ اس کی کوئی وجہ آپ کے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سامنے آجائے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے جب قرآن مجید کے تمام متنوع احرف کو جمع کر دیا اور قریش کے رسم الخط کو بنیاد بنایا اور انہوں نے جو قرآن مجید لکھوائے اس کے بارے میں ابو عمرو دانی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ یہ چار نسخے تھے، جبکہ ہمارے ہاں عام طور پر یہ مشہور ہے کہ وہ آٹھ نسخے تھے۔ میرے نزدیک اس کی صحیح توجیہ یہ ہے کہ قرآن مجید کے آٹھ نسخے جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے لکھوائے تو ان نسخوں میں سبعة أحرف کے اندر الفاظ کی بھی کچھ کمی بیشی کی تھی، مثلاً بعض نسخوں میں 'واؤ' اور 'ف' ہے، جبکہ بعض نسخوں میں نہیں یہ حروف نہیں ہیں۔ یہ فرق اصل میں سبعة أحرف میں موجود ہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے جو چار نسخے لکھوائے تھے، ان میں تلاوت کا اختلاف تو موجود تھا، لیکن دنیا میں جو نسخے بھیجے گئے وہ آٹھ تھے۔ گویا ہم تنوع کو دیکھیں تو چار نسخے بنتے ہیں اور ترسیل آٹھ نسخوں کی ہوئی ہے۔ یہ ایک توجیہ ہے جو ہم نے آپ کے سامنے رکھ دی ہے۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بہر صورت اس کا اہتمام کیا تھا اور یہی وجہ ہے کہ اس وقت دنیا میں جو متنوع قراءتیں پائی جاتی ہیں ان کے اندر الفاظ کی کمی موجود ہے، اگرچہ وہ 'ف' اور 'واؤ' کی ہو یا جس طرح حروف کو لمبا یا چھوٹا کرنا جسے صلہ وعدم صلہ کہتے ہیں کی قسم کی کمی بیشی ہو۔ آپ اس طرح کے اختلاف سے متوحش نہ ہوں کیونکہ خود زبر، زیر اور پیش الف، یا اور واؤ کا نصف کہلاتے ہیں، یعنی پیش نصف واؤ، زبر نصف الف اور زیر نصف یا ہے۔ اس لیے اگر آپ زبر، زیر اور پیش کو مانتے ہیں تو کچھ لمبا کرنے سے اگر صلہ پیدا ہو جاتا ہے تو یہ لہجہ وطرز کا اختلاف ہے۔ پھر یہ بھی نوٹ کریں کہ حرکات کے جس فرق سے قراءتوں کے ضمن میں ہم پریشان ہو جاتے ہیں وہ ایک روایت حفص ہی کے اندر بھی موجود ہے: ﴿اللهُ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ ضُعْفٍ﴾ اور ﴿اللهُ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ ضَعْفٍ﴾

اس کا مطلب یہ ہے کہ زبر اور پیش کا فرق تو آپ کو ماننا پڑے گا، تو جب آپ نے یہ مان لیا تو پھر الف اور واؤ کا فرق بھی مان لیں۔ اس لیے یہ کہنا کہ بالکل تنوع ہے ہی نہیں، غلط بات ہے۔ تنوع تو روایت حفص میں بھی موجود ہے۔ تسلیم کرنا پڑے گا کہ یہ تنوع ہے اور تنوع کے وہی فوائد ہیں جو ائمہ کی علمی آراء کے فوائد ہوتے ہیں۔ ان کے ساتھ کسی مسئلے کے تمام پہلو ہمارے سامنے آجاتے ہیں۔ اسی طرح قرآن مجید کی تلاوت کی تمام شکلیں ہمارے سامنے آجانے سے اور بلاغت کے متعدد اسالیب میں آجانے سے مخاطبین قرآن کے لیے قرآن فہمی آسان ہو جاتی ہے۔ الغرض جس طرح فقہ کا تنوع مفید ہے، اسی طرح قراءتوں کا تنوع بھی بڑی مفید چیز ہے۔

آپ نے سوال کیا تھا کہ 'موسوعہ قراءات' کیا چیز ہے؟ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا قرآن کو جمع کرنا تو سبعة أحرف کو جمع کرنا تھا، لیکن سبعة أحرف کتابی صورت میں تو عثمانی رسم الخط کے اندر محفوظ ہو گئے ہیں، جبکہ صدری صورت میں قاریوں کے ذریعہ سے منقول چلے آتے ہیں۔ جو روایت صدری صورت میں چلی آرہی ہے، اس میں ہمارے پاس دس قراءتیں ہیں، جن کی بیس (۲۰) روایتیں قراءات عشرہ صغری میں ہیں اور اسی (۸۰) قراءات عشرہ کبریٰ میں۔ اس کے علاوہ بھی قراءتیں موجود ہیں، لیکن جس طرح مشہور آئمہ کے اَقوال ہمارے ہاں پائے جاتے ہیں اور بہت سے اَقوال شاذ اور نادر کہلاتے ہیں، اسی طرح کئی قراءتیں بھی شاذ و نادر کہلاتی ہیں، ان قراءتوں کے بارے میں اہل علم کا فتویٰ یہ ہے کہ کیونکہ یہ شاذ قراءتیں ہیں اور تواتر سے ثابت نہیں، اس لیے نماز میں ان کی تلاوت نہیں کی جائے گی، البتہ جو تواتر سے ثابت ہے ان کی نماز میں تلاوت کی جائے گی۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہمارا 'موسوعہ قرآنیہ' کا کام حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے جمع ثالث کے بعد جمع رابع کی صورت میں کام کو آگے بڑھانا ہے۔ اس سلسلے میں جمہوریہ مصر کے ممتاز محقق قراءات ڈاکٹر لبیب السعید رحمہ اللہ نے کئی سال قبل توجہ دلائی تھی کہ قرآن مجید کی کتابت کی طرح اس کی صدری روایت کو بطور اداء کے ریکارڈنگ کی صورت میں محفوظ کر لینا چاہیے۔ ان کے اس فکر کو اہمیت دیتے ہوئے کئی اداروں نے کام کیا۔ اگرچہ ابتداءً شیخ الازہر نے تو اس کی مخالفت کی تھی، لیکن الحمد للہ علمی کام مخالفت کے باوجود آگے بڑھتا رہا۔ آج مصر کے اندر جامعہ ازہر ہی میں ایک لجنة مراجعة المصاحف بھی ہے، وہ برابر مطبوع اور مُسَجَّل مصاحف کی مراجعت کا کام بھی کرتی ہے اور قراءتوں کی مراجعت کا کام بھی۔ اس وقت تک قرآن مجید کے صوتی جمع کی صورت میں جو کام ہو چکا ہے، اس میں کچھ کام تو اذاعة القرآن، ریاض اور مدینہ منورہ کے كلِّية القرآن مل کر کیا تھا۔ دوسرا کام مروّج و متداول قراءات کی ریکارڈنگ کے سلسلہ میں مجمّع ملك فهد نے کیا۔ مجمع نے قاری ابراہیم میر محمدی حفظہ اللہ کی آواز میں امام ورش رحمہ اللہ کی روایت ریکارڈ کی، جو اگرچہ پوری نہ ہو سکی، اسی طرح مسجد نبوی کے امام الشیخ علی عبدالرحمٰن حذیفی حفظہ اللہ کی آواز میں امام قالون رحمہ اللہ کی روایت کی ریکارڈنگ مکمل ہو چکی ہے۔ روایت حفص میں تین قاریوں کا مکمل قرآن ریکارڈ کیا گیا ہے، جس میں ڈاکٹر قاری ایوب برماوی حفظہ اللہ، الشیخ قاری ابراہیم اخضر حفظہ اللہ اور قاری عبدالرحمٰن حذیفی حفظہ اللہ شامل ہیں۔

مختلف روایتوں میں ریکارڈنگ کے علاوہ مجمّع ملك فهد ابھی تک چار متعدد روایات میں مصاحف کی اشاعت بھی کر چکا ہے۔ اگرچہ اس کام میں ہم بعد میں شامل ہونے والے ہیں، لیکن اسے مزید آگے بڑھا رہے ہیں۔ اس سے پہلے میں آپ کو بتا چکا ہوں کہ سوڈان بھی دو روایتوں کی طباعت کے سلسلہ میں اپنا کام کر چکا ہے۔ ہمارا کام جامعہ لاہور الاسلامیہ کے كلِّية القرآن اور کویت کے عالمی ادارے 'حامل المسك' کا باہمی تعاون ہے، جس میں اولاً تو بیس روایات کی ریکارڈنگ کا پروجیکٹ زیر تکمیل ہے۔ ہم کوشش کر رہے ہیں کہ وہ تمام علوم جو كلِّية القرآن کے اندر اضافی طور پر پڑھائے جاتے ہیں، جس کے اندر علم ضبط، علم الفواصل، علم القراءات، علم الرسم اور علم الوقف وغیرہ جیسے علوم شامل ہیں، ان تمام کو عملی شکل میں ریکارڈ کروائیں۔ ہماری اس وقت ترجیح یہ ہے کہ صوتی صورت میں قرآن مجید کی ریکارڈنگ مکمل ہو جائے۔ اس سلسلے میں ہمارا كلِّية القرآن جو کام کر رہا ہے، اس نے ایک کمیٹی بنائی ہے، جس کے تحت ڈاکٹر حمزہ مدنی اس وقت تک ابوالحارث عن الکسائی، دوری عن الکسائی، ادریس عن خلف العاشر اور اسحاق عن خلف العاشر ان چار روایتوں میں مکمل قرآن مجید ریکارڈ کروا چکے ہیں، جبکہ باقی سولہ روایات میں ریکارڈنگ کا سلسلہ جاری ہے۔

مجلس التحقیق الاسلامی، لاہور نے كلِّية القرآن میں ایک کمیٹی بنا رکھی ہے، جو اس ریکارڈنگ کی مکمل مراجعت کرتی ہے اور اس کے بعد یہ کام نشر ہوتا ہے۔ اب تک جو کچھ نشر ہوا، اس میں بطور نمونہ مختلف قراءتوں میں ریکارڈ شدہ تیسواں پارہ نشر ہوا۔ اس کے بعد پورا قرآن مجید بیس روایتوں میں ڈاکٹر حمزہ مدنی کی آواز میں نشر ہوا، جو کیسٹوں اور سی ڈیز کی شکل میں موجود ہے۔ مذکورہ چار روایتوں کی مراجعت كلِّية القرآن تو کر ہی رہا ہے لیکن ہماری خواہش ہے کہ مصر کی 'لجنة مراجعة المصاحف' سے بھی ہم اس کی مراجعت کروائیں۔ اس سلسلے میں تسجیلات

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حامل المسك ان سے رابطہ کیے ہوئے ہے، اس طرح کام آگے بڑھے گا تو اس میں مزید علمی وتحقیقی معیار پیدا ہوجائے گا۔ اس طرح ہمارا ریکارڈنگ کا کام ڈاکٹر حمزہ مدنی کے ذریعہ سے آگے بڑھ رہا ہے اور ہماری کوشش یہ ہے کہ ان بیس روایتوں کی ریکارڈنگ میں حمزہ صاحب کے ساتھ کچھ اور لوگ بھی شامل ہوجائیں، تاکہ یہ کام جلد پورا ہوسکے۔

'موسوعہ قراءات' کے ضمن میں جمع صوتی کا کام تو میں نے آپ کے سامنے ذکر کر دیا ہے۔ اب کچھ بات جمع کتابی کے حوالے سے بھی کر لیتے ہیں۔ جہاں ہم قرآن کریم کی صوتی جمع کی کوششوں میں شریک ہیں وہیں ہمارا ارادہ یہ ہے کہ اللہ توفیق دے اور ہم کتابی صورت میں بھی روایت حفص کی مثل دیگر بیس قراءات میں قرآن کریم طبع کروا کر اہل علم کے سامنے لے آئیں۔ یہ کام بھی كلّية القرآن اور کویت کے ادارے لجنة الزكاة للشامية والشويخ کے تعاون سے عرصہ تین سال سے جاری ہے۔ اس کا خیال ابتداء وہاں سے پیدا ہوا کہ جب قرآن مجید کی مختلف مصاحف کی بعض نمائشیں دیکھی گئیں تو اندازہ ہوا کہ لوگ تو قرآن مجید کی خطاطی کے مختلف اندازوں کے اظہار کے لیے متعدد قدیم وجدید نسخے نمائشوں میں پیش کرتے ہیں اور قرآن مجید کے نسخوں کے ضمن میں علمی سطح کی نمائشیں اس لیے منعقد نہیں ہوتیں کیونکہ علمی سطح پر قرآن مجید کی طباعت کا کام ہی بہت محدود سطح پر ہوا ہے۔ چنانچہ احساس پیدا ہوا کہ اللہ کی توفیق سے متعدد غیر متداول قراءات میں قرآن مجید کی طباعت ہونی چاہیے اور قرآن کے سلسلہ میں علمی اشیاء منظر عام پر لانی چاہییں۔ اس ضمن میں جو پروگرام بنایا گیا اس کا رمزی نام 'جمع کتابی' تجویز کیا گیا۔ جمع کتابی کے سلسلے میں تا حال دنیا میں رائج چار متعدد روایات میں قرآن مطبوع ہیں، ہم نے ارادہ کیا ہے کہ جس طرح بیس روایتوں میں قرآن مبین ریکارڈ ہو رہا ہے، اسی طرح بیس روایتوں کے مصاحف چھپ کر نشر بھی ہوں۔

قرآن کریم کی جمع کتابی کے لیے ہم پچھلے دو تین سالوں میں كلّية القرآن کے فضلاء پر مشتمل دس بارہ افراد کی ایک کمیٹی تشکیل دی تھی، جس نے تقریباً ڈھائی، تین سال سے عملی طور اس کام کو کام کو شروع کر رکھا تھا۔ الحمد للہ یہ کام ایک سال قبل پورا ہو چکا اور ہم نے جن مصاحف کو مکمل کیا ہے ان میں سے ہر مصحف کی سات دفعہ مراجعت بھی اس ٹیم سے کروا چکے ہیں۔ آج کل یہ کام کمپوزنگ وغیرہ کے مرحلہ میں ہے اور جیسے جیسے یہ کام تکمیل کی طرف بڑھتا رہیگا ویسے ویسے اس کا تعارف بھی ہم کرواتے رہیں گے۔ اس سلسلے میں ہمارے کام کو فائنل کرنے میں ہمارا ازہر شریف کی 'لجنة مراجعة المصاحف' سے معاہدہ ہے، جس کی تقریبا تیرہ رکنی کمیٹی اس کام کی مراجعتِ نہائیہ کرے گی اور اس کے بعد یہ کام کویت کی طرف سے طبع ہو کر منظر عام پر آجائے گا۔ مزید برآں جس طرح بیس مصاحف کی علمی تیاری اور اس کی ابتدائی مراجعات کا کام دس بارہ افراد پر مشتمل ٹیم نے پاکستان میں مکمل کیا تھا، اسی طرح کمپیوٹر پر اس کام کے پورا ہونے پر اس کام کی پروف ریڈنگ کا کام بھی ہم ہی کریں گے۔

یہ تو ہے اداروں کی تفصیلی صورتحال، خلاصے کے طور پر میں ایک بار پھر ذکر کیے دیتا ہوں کہ ایک کام تو 'كلّية القرآن' اور 'اذاعة القرآن' کا ریکارڈنگ کے سلسلے میں ہے اور ایک کام 'مجمع ملك فهد' کا ہے، جو انہوں نے متداول روایتوں کی ریکارڈنگ اور طباعت کے سلسلہ میں کیا ہے۔ ان روایات میں سے دو پر کام سوڈان کے ایک ادارہ نے بھی کیا ہے۔ اسی طرح ہمارا كلّية القرآن کا کام حامل المسك کے ساتھ مل کر انہی خطوط پر آگے بڑھ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رہا ہے، جس میں طباعت اور صوتی ریکارڈنگ کا کام شامل ہے۔ یہ خلاصہ میں نے آپ کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ مزید تفصیل قاری فہداللہ کے لکھے گئے مضمون میں آپ ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

رشد: 'رشد' نکالنے کا پس منظر کیا تھا اور ادارہ رشد کی قراءات نمبر جیسی منفرد کاوش کو آپ کس نظر سے دیکھتے ہیں؟

مولانا: ہم نے جب جامعہ کا کام دعوتی انداز میں آگے بڑھانے کا سوچا، تو میں نے سوچا کہ ہم علمی کام تو مجلس التحقیق الاسلامی، لاہور کی طرف سے کر رہے ہیں اور چونکہ جامعہ کا تعلق عوام سے ہوتا ہے اس میں عوامی لوگ پڑھنے آتے ہیں، اس لیے عوام میں جامعہ کا تعارف ہونا چاہیے۔ ابتداء میں میں نے سوچا تھا کہ ایک ہفت روزہ رسالہ نکالا جائے، جو جامعہ کی سرگرمیوں سے متعلق ہو۔ 'رشد' کا ڈیکلیئریشن اسی غرض سے لیا گیا تھا کہ جامعہ کی خبریں اس میں شائع ہوں۔ یہ کام جامعہ کی خبروں کی صورت میں جامعہ کے اندر تو ہم کرتے رہے، لیکن اس کو باہر پھیلانے کے سلسلے میں ہمارا کام زیادہ منظم نہ ہوسکا، موقع بموقع ایسے حالات پیدا ہوتے رہے کہ جامعہ کے طلباء واساتذہ کی توجہ سے 'رشد' کی اشاعت ہوتی رہی اور یہ جامعہ سے باہر بھی بھیجا جانے لگا، لیکن اس کی باقاعدہ اور باضابطہ ترسیل کی کوئی شکل نہ تھی۔

پھر ڈاکٹر حافظ حسن مدنی سے چھوٹے بیٹے حافظ انس مدنی نے کہا کہ میں 'رشد' کو جامعہ کے نمائندے کی حیثیت سے باقاعدہ نکالنا چاہتا ہوں۔ انہوں نے اس کی رجسٹریشن ترسیل کے لیے بھی کروا لی تو پھر ہم نے اسے باضابطہ ماہوار کر لیا۔ اس سے پہلے اس کا زیادہ تعلق جامعہ کی خبروں سے تھا، لہٰذا موقع بموقع ہم اس کو ہفتہ وار، ماہوار اور سہ ماہی نکالتے رہے، لیکن اس کی باقاعدہ ترسیل چندسال پہلے شروع ہوئی اور جامعہ لاہور الاسلامیہ، لاہور کے آرگن کے طور پر یہ اس طرح شائع ہونا شروع ہوا کہ اس میں جامعہ کے زیر تعلیم طلباء بھی مضمون لکھتے ہیں اور فضلاء واساتذہ بھی لکھتے ہیں، جبکہ بعض مضمون باہر والے لوگوں کی طرف سے بھی آ جاتے ہیں۔ جس طرح جامعہ کے تحقیقی ادارے مجلس التحقیق الاسلامی کی طرف 'محدث' عرصہ دراز سے نکل رہا ہے، اسی طرح 'رشد' نے بھی 'محدث' کی سابقہ پوزیشن کے انداز پر کام شروع کیا ہے۔ اس میں جامعہ کی سطح پر خبریں بھی شائع ہوتی ہیں، جبکہ محدث میں ہم نے یہ طریقہ کار اختیار نہیں کیا، سوائے اس کے کہ کوئی خاص موقع ہو تو جامعہ کی خبر 'محدث' میں آجاتی ہے۔

باقی رہا کہ رشد کا قراءات نمبر تو اس ضمن میں کچھ باتوں کی وضاحت ہو جانی چاہیے۔ رشد میں جامعہ کی خبریں دینے کا ایک معنی تو یہ ہے کہ اس میں جامعہ کی معمولات کے اُمور پیش کر دیے جائیں اور ایک انداز یہ بھی ہے کہ جامعہ کا جو علمی کام ہے یا جو کچھ جامعہ تیار کر رہا ہے، وہ تیار شدہ کام سامنے آئے۔ تو جب جامعہ کے فارغ التحصیل یا جامعہ کے اساتذہ کے مضامین سامنے آئیں گے تو اس کا مطلب ہے کہ جامعہ میں جو کھیپ کام کر رہی ہے، یہ ان کے افکار کا ایک تعارف ہے۔ جامعہ میں کلّیۃ القرآن کی کاوش ابتداء پاکستان بھر میں اپنی نوعیت کی ایک یکتا کوشش تھی کہ اس انداز کا کام پورے پاکستان میں موجود نہیں تھا۔ اگرچہ کلّیۃ القرآن اب کئی اور جگہوں پر بھی کھل گئے ہیں، جو اچھا کام کر رہے ہیں اور ان میں مسابقت کی فضاء پائی جاتی ہے، لیکن جب یہ کلّیۃ القرآن کھلا تھا تو اپنے طور پر یہ ایک یکتا کام تھا۔ قرآنی علوم، جن میں علم القراءات، علم الضبط، علم الفواصل، علم الوقف اور علم الرسم وغیرہ شامل ہیں، ان سے ابھی تک عوام متعارف نہیں ہیں، یہاں تک کہ علمی حلقے بھی اس سے پوری

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طرح متعارف نہیں ہیں، تو ہم نے سوچا کہ ان علوم کو اور ان سے متعلقہ کلیہ کو علمی حلقوں میں متعارف کروایا جائے۔ نیز عوام کے اندر تنوع قراءات کے بارے میں جو شبہات پائے جاتے ہیں، ان کا ازالہ بھی ہونا چاہیے اور دنیا میں قرآن کریم پر جو کام ہو رہے ہیں ان کا تعارف بھی کروایا جائے، اس قسم کے اغراض ومقاصد کے پیش نظر ہم نے ارادہ کیا کہ جامعہ کے کلیہ القرآن کی طرف سے 'رشد' کا ایک قراءات نمبر نکالا جائے۔

یہ قراءات نمبر کلیّۃ القرآن اور مجلس التحقیق الاسلامی، لاہور کے تعاون سے سامنے آ رہا ہے۔ اتفاق ایسا ہے کہ عرصہ دو تین سال سے ڈاکٹر حمزہ مدنی سلمہ مجلس التحقیق الاسلامی کے ناظم اور کلیّۃ القرآن کے مدیر کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے بھرپور محنتوں اور کوششوں سے یہ پروگرام بنایا ہے۔ ابتداء میں یہ ایک محدود پروگرام تھا جو بعدازاں پھیل گیا۔ اب یہ نمبر تین ضخیم جلدوں میں منظر عام پر آ رہا ہے۔ اس قراءات نمبر میں جو چیزیں اوپر میں نے ذکر کی ہیں تمام کی تمام موجود ہیں۔ جب علماء کرام ان علوم سے متعارف ہوں گے تو عوام کو بھی متعارف کرانا آسان ہو جائے گا، لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ پہلی کوشش ہے جو علماء کی حد تک کامیاب رہے گی اور عوام کی حد تک جو کوششیں زیادہ کامیاب ہو سکتی ہیں وہ محافل قراءات ہیں۔ اصل میں کوئی بھی چیز اس وقت ہی عوامی بنتی ہے، جب اس کی اشاعت کا سلسلہ بہت زیادہ ہو جائے۔ ابھی جو 'رشد' کی اشاعت خاص ہے، علماء کی حد تک اُمید ہے کہ کامیاب ہو جائے گی۔ علماء میں بھی مختلف میدانوں میں کام کرنے والے لوگ ہیں اور وہ اپنے اپنے میدان سے تو واقف ہوتے ہیں، لیکن قرآن مجید سے متعلقہ علوم سے واقف نہیں ہوتے تو ہم یہ چاہتے ہیں کہ قرآن مجید سے متعلقہ علوم سے بھی ان کو متعارف کرایا جائے۔ میرے لیے انتہائی خوشی کی بات یہ ہے کہ اس خاص نمبر میں لکھنے والے تقریباً اسی فیصد مضمون نگار جامعہ کے فضلاء ہیں اور اس کا مطلب یہ ہے کہ جامعہ کی ایک بہت بڑی کاوش لوگوں کے سامنے آئے گی کہ ہمارے جامعہ نے کیسے لوگ تیار کر رکھے ہیں اور وہ اپنے مقاصد سے کس حد تک واقف ہیں۔

رشد: اس سلسلے میں طلباء کی تیاری کے بارے میں آپ کیا کہیں گے؟

مولانا: جہاں تک طلباء کی تیاری کا تعلق ہے، تو یہ کسی رسالے کے ساتھ اس طرح نہیں ہوتی۔ ایک تو ہوتا ہے کہ طلباء کو مضامین کی تیاری کی مشق کروائی جائے۔ یہ مقصود تو کسی رسالے سے پورا ہو ہی نہیں سکتا، کیونکہ طباعت صرف ان چیزوں کی ہوتی ہے جو ایک معیار پر ہوں، لیکن اتنی بات ضرور ہے کہ جو لوگ اس میدان میں اہل قلم بن کر آ گئے ہیں، ان کی مزید بہتری اور ترقی کے لیے 'رشد' ممد ومعاون ہے۔ ویسے کوئی مجلّہ اس غرض سے شائع کرنا کہ اس سے طلباء کی تیاری ہو جائے گی ایسا تو ممکن ہی نہیں ہے۔ طباعت کے اخراجات ہی اس قدر زیادہ ہوتے ہیں کہ ان کو اس غرض سے برداشت ہی نہیں کیا جا سکتا۔

رشد: 'رشد' پہلے تو 'جامعہ لاہور الاسلامیہ' کا ترجمان تھا، لیکن اب ہمارا احساس ہے کہ اسے تمام مدارس اور ہر مسلک کا ترجمان بنایا جانا چاہیے۔ آپ کا اس بارے میں کیا خیال ہے۔

مولانا: میری رائے یہ ہے کہ ہمیں اسلام کا نمائندہ بننا چاہیے، اس وقت اصل ضرورت اسلام کی نمائندگی کی ہے۔ اپنے مسلک کی نمائندگی یا اپنے مسلک کی ترویج واشاعت کے لیے لوگ کام کر رہے ہیں۔ کوئی شخص آئمہ اربعہ کا تعارف کرواتا ہے یا ایک فقہ کا پابند ہو جاتا ہے تو ہم اس کی حوصلہ شکنی نہیں کرتے، اسی طرح ہم کسی مسلک کی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

حوصلہ شکنی نہیں کرنا چاہتے، اس لیے میری سوچ یہ ہے کہ ہمیں اسلام کا نمائندہ بن کر کام کرنا چاہیے۔ اگر یہ دینی مدارس کا ترجمان بنے گا تو میری خواہش ہوگی کہ تمام دینی مدارس کا ترجمان بنے، بلکہ صحیح الفاظ میں میں یہ کہوں گا کہ اس کا مقصد دین اسلام کی ترجمانی ہونا چاہیے اور اسی نقطہ نظر سے ہم اسے آگے بڑھائیں۔ باقی جہاں تک اس کی اشاعت کا تعلق ہے تو اشاعت تو حالات کے مطابق ہوتی ہے۔ہمیں سب سے پہلے جامعہ کا تعارف کرانے کے لیے خود اپنے جامعہ کے متعلقین کے اندر ضرورت تھی، ہم وہاں تک بھی کام کرتے رہے، حتی کہ ایسا بھی ہوتا رہا کہ 'محدث' جامعہ کے مختلف اداروں کی رپورٹوں کے لیے کام کرتا رہا، پھر ایک وقت آیا کہ ہم نے اسے عوام میں متعارف کرانا شروع کر دیا۔ اب اگر اس کی ترسیل عوامی ہورہی ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ عوامی ترجمان بن رہا ہے اور عوام کو منظم کررہا ہے۔ بہرحال رشد کی قراءات نمبر کے سلسلے میں کاوش ایک اچھوتی کوشش ہے۔ اگرچہ 'قرآن نمبر' تو متعدد رسالوں نے ایک سو کے قریب نکالے ہیں، لیکن قراءات کے تعارف میں کتابیں تو موجود ہیں، لیکن اس موضوع پر مجلّہ یا جریدہ شائد پہلی دفعہ منظر عام پر آرہا ہے۔

رشد: رشد کی بہتری کے لیے آپ کیا تجاویز دینا چاہیں گے؟

مولانا: دنیا میں ہر چیز کی انتہاء ہے، لیکن کمال کی انتہا نہیں ہوتی۔ اس لیے کسی کام کے لیے میں یہی خوبی سمجھتا ہوں کہ اس کا ہر قدم آگے بڑھ رہا ہو۔ اس لیے میرے نزدیک 'رشد' کے لیے یہی بات کافی ہے کہ اس کا ہر قدم آگے بڑھ رہا ہے اور یہ برابر ترقی کرتا جا رہا ہے اور اس کا ہر شمارہ پہلے شمارے سے بہتر ہوتا ہے۔نقش ثانی نقش اول سے بہتر ہوتا ہے، اس لیے یہ وقت کانٹ چھانٹ کا نہیں ہے، اس لیے کہ پودے جب بڑھ جاتے ہیں تو ان کی کانٹ چھانٹ کی ضرورت پیش آتی ہے۔ ابھی تو اس کے پھیلنے کا وقت ہے، اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ جو کام بھی ہورہا ہے وہ بڑا قابل قدر ہے اور میں اپنے ساتھیوں اور عزیزوں کو اس سلسلے میں مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ ان کی کوششیں بڑی کامیاب ہیں اور دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کی کوششوں کو بارآور کرے۔ آمین

رشد: قراءات کے طلباء کے نام اگر آپ کوئی پیغام دینا چاہیں تو!

مولانا: ہمیشہ قوت اپنے اصل کے ساتھ ہوتی ہے۔ عام طور پر سائنسی ایجادات میں بعد میں آنے والی چیز پہلے سے بہتر ہوتی ہے لیکن ہمارا دین محمد رسول اللہﷺ کی ذات ہے اور نبی کریم ہی اسوہ کامل اور نمونہ ہیں۔ اس لیے قرآن مجید کی ترقی کے لیے ضروری ہے کہ ہم اس کو اس طرف لے جائیں جس طرح نبی کریمﷺ کے زمانہ میں قرآن مجید پڑھا جاتا تھا۔ آپﷺ نے بھی حکم یہی دیا ہے کہ ان عربی لہجوں میں پڑھو جو رسول اللہﷺ کے زمانے کے عربی لہجے تھے۔ مجھے افراط اور تفریط کی دونوں راہیں ذکر کر کے آپ کو بتانا ہے کہ صحیح راہ کیا ہے۔ ایک تو اس میں تفریط کی راہ یہ ہے کہ اتنی زیادہ بے احتیاطی سے کام لیا جائے کہ قرآن مجید مخارج اور اس کی صفات کا لحاظ ہی نہ رکھا جائے۔ قرآن مجید میں لحن کی ایسی غلطی اہل علم کے لیے تو گوارہ نہیں ہونی چاہیے۔ نبی کریمﷺ نے عوام کے اعتبار سے تو اس میں کسی حد تک چھوٹ دی ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ جو شخص تجوید کے ساتھ قرآن نہیں پڑھتا اس کا قرآن قرآن نہیں ہے۔حضور نبی کریمﷺ نے قرآن مجید کے اندر یہ رعایت رکھی ہے کہ جو قرآن مجید کو مشکل سے پڑھتا ہے، اس کا پڑھنا اس کے لیے کافی ہے، لیکن اہل علم میں اتنی کمزوری نہیں ہونی چاہیے کہ وہ تجوید کا اہتمام نہ کریں۔ یہ تو ایک پہلو ہے، اب دوسرا پہلو قراء سے متعلقہ ہے کہ تجوید کے اہتمام کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کی اصل عنایت خشوع اور خضوع

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے۔قرآن مجید کے خشوع اور خضوع کو جتنا بڑھایا جا سکتا ہے بڑھایا جائے،لیکن خشوع اور خضوع کے ساتھ اگرچہ نبی کریم ﷺ نے حسن صوت کے ساتھ پڑھنے کو ترجیح دی ہے لیکن آواز کے اندر ایک ہوتا ہے تصنع اور ایک ہوتا ہے آواز کے اندر بے تکلفانہ حسن، چونکہ قرآن میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

﴿وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِينَ﴾ ''میں تکلف کرنے والوں سے نہیں ہوں۔''

تو آپ ﷺ نے تکلف کو پسند نہیں کیا۔قرآن مجید میں تجوید وقراءات کے اہتمام کے ساتھ ساتھ خشوع وخضوع کو ملحوظ رکھنا ازحد ضروری ہے،لیکن اس میں افراط وتفریط اس وجہ سے پیدا ہوئی کہ قرآن مجید کی موسیقی کے قواعد کے مطابق ترتیل کی جانے لگی ہے اور تلاوت میں بھی موسیقی کا سا اُتار چڑھاؤ، جس میں ایکو سسٹم اور لاؤڈ سپیکر کا استعمال کیا جاتا ہے، اسی طرح آوازوں میں اتار چڑھاؤ پیدا کرنے کے لیے ہاتھوں کا بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ چیز اگر تکلف کی حد تک بڑھ جائے تو مجھے خدشہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کا یہ ارشاد ایسے لوگوں پر صادق آجائے، جس میں آپ نے فرمایا تھا کہ ''ایسے لوگ آئیں گے جو قرآن مجید کو تیروں کی طرح تیکھا کر کے پڑھیں گے۔'' اس میں غالباً آپ کی مراد یہی ہے کہ قرآن مجید میں تصنع بڑھ جائے گا اور اس کا قدرتی خشوع وخضوع متاثر ہوگا، تو جس میں تصنع بڑھ جائے ایسی صورت سے بچنا چاہیے۔قراءات کے طلباء کو میں خصوصاً یہ تلقین کرنا چاہوں گا کہ ان کے اندر تصنع کے بجائے خشوع وخضوع زیادہ ہونا چاہیے اور یہی قرآن مجید کی فطری صورت ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ چونکہ نبی کریم ﷺ نے اجازت دی اور عام طور پر قراءات کے طلباء جماعت بھی کرواتے ہیں تو ان کے ہاں صورتحال یہ بن گئی ہے کہ اچھی آواز والا شخص اپنے آپ کو کچھ سمجھنے لگتا ہے۔ میں نے دیکھا ہے کہ قاریوں کے اندر نخوت سب سے پہلے پیدا ہوجاتی ہے اور وہ سمجھتے ہیں کہ دنیا کے اندر آواز ہی سب کچھ ہے، اس کے علاوہ کسی چیز کی اہمیت نہیں ہے۔ یہ نخوت قرآن مجید کے ساتھ لگا نہیں کھاتی اس لیے کہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے:

«إن الله يرفع بهذا الكتاب ويضع به آخرين»

''اللہ تعالیٰ اس کتاب کے ساتھ کچھ قوموں کو بلندی عطا کرتا ہے اور کچھ کو گراتا ہے۔''

ایسا نہ ہو کہ قرآن مجید کا مقصد نظر انداز کر کے ہم گر جائیں۔ اسی طرح نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ انسان تواضع اختیار کرے اور ساتھ آپ ﷺ نے فرمایا کوئی آدمی دوسرے پر سرکشی نہ کرے، تو قاری حضرات کو ان چیزوں کو خصوصی طور پر ملحوظ رکھنا چاہیے۔ اس کے علاوہ قاری حضرات کا یہ جو جذبہ ہوتا ہے کہ ہماری زیادہ خدمت کی جائے، یہ بہر صورت کوئی اچھا جذبہ نہیں ہے۔ آپ قرآن مجید کو اس کی خدمت کے جذبہ سے پڑھیں اور اس کے لیے پیسوں کا لالچ نہ کریں۔ نبی کریم ﷺ نے اپنے ارشاد میں جہاں فرمایا ہے کہ ''ایسے لوگ آئیں گے جو قرآن مجید کو تیکھا کر کے پڑھیں گے''، وہاں آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ ''وہ دنیا کے طالب ہوں گے۔'' اس لیے قرآن مجید کے طالب میں دنیا کی طلب نہیں ہونی چاہیے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

''جہنم کی آگ جن لوگوں سے بھڑکائی جائے گی، ان میں سے ایک وہ قاری ہوگا جس نے قرآن ریا کے لیے پڑھا۔''

اس لیے میں اس معاملے میں نہ افراط پسند کرتا ہوں اور نہ تفریط۔ اس معاملے میں ریا سے بچنے کی جو شکل ہے وہ ایسی نہیں ہونی چاہیے کہ اچھی آواز والا نماز ہی نہ کرائے یا اچھا قرآن مجید ہی نہ پڑھے، یہ بات تو نبی کریم ﷺ نے قبول نہیں کی۔ اس لیے اعتدال کی راہ یہ ہے کہ انسان جتنی بھی اچھی آواز سے پڑھ سکتا ہے پڑھے اور خصوصاً جب

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لوگ سنتے ہوں تو مزید اچھی آواز میں قرآن کریم پڑھنے کی تاکید موجود ہے۔ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی رسول اللہ ﷺ نے تلاوت سنی تو آپ نے فرمایا کہ میں تمہاری تلاوت سن رہا تھا، تم نے بہت اچھی تلاوت کی۔ تو حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کہنے لگے کہ اللہ کے رسول ﷺ! اگر مجھے علم ہوتا کہ آپ میری تلاوت سن رہے ہیں تو میں اور زیادہ خوش الحانی سے پڑھتا۔ اس کا معنی یہ ہے کہ کسی کے سامنے خوش الحانی سے قرآن مجید پڑھنا منع نہیں ہے، لیکن یہ اس صورت میں ہے کہ جب قاری کے اندر نہ تو نخوت پیدا ہو اور نہ ریا۔

میں یہاں ایک اور بات ذکر کرنا چاہوں گا کہ جتنا کام فقہ پر ہوا ہے اتنا تحقیقی کام قرآن مجید کے علوم پر نہیں ہوا، حالانکہ قرآن مجید ہماری شریعت کی پہلی چیز ہے۔ نبی کریم ﷺ قرآن مجید لے کر آئے اور قرآن مجید کا پہلا حق یہی ہے کہ اس کی تلاوت کی جائے۔ قرآن مجید کے خلاف غیروں نے اتنا کچھ بھر دیا ہے اور ہم نے اس سلسلے میں ابھی بہت تھوڑا کام کیا ہے۔ ابھی بھی ہمارے قاری حضرات کا زور اس کے حسنِ تلاوت پر زیادہ ہے۔ قرآن مجید کے علوم کے بارے میں جو سوالات اٹھتے ہیں ہمارے قاری حضرات ان پر کام کے لیے تیار نہیں ہیں۔ اس لیے میں ان کو توجہ دلاتا ہوں کہ وہ قرآن مجید کے ان علوم پر جو خاص طور پر مستشرقین اور متجدِّدین نے لوگوں کے اندر جو تشکیک پیدا کی ہے، سب سے پہلے اس کا ازالہ کریں۔ اس کے بعد قرآن مجید کے علوم کا تعارف کرائیں۔ اس کے تعارف کے اندر ایک بڑی چیز جو قراءتوں کا تنوع ہے اس کے ساتھ قرآن مجید کے اندر کیا معنوی حسن پیدا ہوتا ہے اور قرآن مجید کے مفاہیم کے اندر کیا توسع اور عالمیت پیدا ہوتی ہے، اس کو اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔ اس لیے کام کرنے کے لیے ابھی بہت بڑا میدان پڑا ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ اس سلسلے میں کوئی کام نہیں ہو رہا۔ سعودی عرب وغیرہ میں تو یہ کام ہو رہا ہے، لیکن عالمی سطح پر یہ کام ہونا چاہیے۔

میں جب قراءات کے بارے میں اہل علم قراء کی کتابیں دیکھتا ہوں تو مجھے بہت خوشی ہوتی ہے کہ برصغیر کے علماء قراء نے بڑا کام کیا ہے، لیکن جب میں عام قاریوں کو دیکھتا ہوں تو میری بڑی حوصلہ شکنی ہوتی ہے کہ وہ نہ تو قراءتوں کے علوم سے اس طرح واقف ہیں اور نہ صحیح طرح قرآن مجید کے علوم ہی سے واقف ہیں۔ میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ قرآن مجید کو ہمارا متعارف رواج بن جانا چاہیے اور اس کے لیے بھرپور کوشش کرنی چاہیے۔ اس لیے قراءات کے طلباء کو میں خصوصاً یہ نصیحت کرتا ہوں کہ وہ قرآن مجید کو پڑھنے میں خشوع اور خضوع کا دھیان رکھیں اور قرآن مجید کی علمی خدمات کی طرف آگے بڑھیں اور اس وقت جو بھی علمی سوالات موجود ہیں، ان کا باقاعدہ جواب دیں۔ اس سلسلے میں ہمارا کام اتنا کم ہے کہ ابھی تک سبعة أحرف کی تشریح عوامی نہیں بن سکی، یعنی لوگ ابھی تک اس میں الجھے ہوئے ہیں، لہٰذا اس کو اتنا متعارف کرانا چاہیے کہ یہ چیز عوامی بن جائے۔ جب تک کوئی چیز عوامی نہ بنے اس وقت آپ سمجھیں کہ وہ 'عرف' نہیں بنا۔ اس لیے اسے 'عرف خاص' سے 'عرف عام' بنانے کے لیے بھرپور جدوجہد کرنی چاہیے۔

انٹرویو پینل: حضرت حافظ صاحب! ہم آپ کے شکرگزار ہیں کہ طبیعت کی ناسازی اور دیگر جملہ مصروفیات کے باوجود آپ نے ہمیں موقع فراہم کیا۔ ہم اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو صحت کاملہ عطا فرمائے اور آپ جیسے علماء اور بڑوں کا سایہ تادیر ہم پر قائم رکھے اور ہم اللہ تعالیٰ سے یہ بھی دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو دینی خدمات، محنتوں اور کاوشوں کا اجر دنیاوی آسانیوں اور اخروی فلاح وفوز کی صورت میں عطا فرمائے۔ آمین

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

انٹرویو پینل

شیخ القراء قاری محمد ادریس العاصم حفظہ اللہ سے ملاقات

شیخ القراء قاری محمد ادریس العاصم حفظہ اللہ جماعت اہل حدیث میں تجوید وقراءات کے اُن بانی اساتذہ میں سے ہیں، جنھوں نے اس فن کی تدریس وتصنیف کو گزشتہ چالیس سالوں سے اوڑھنا بچھونا بنا رکھا ہے۔ ان کے سینکڑوں تلامذہ ملک وبیرون ملک میں مسلسل اس علم کے فروغ میں کردار ادا کر رہے ہیں۔ ان کے مبارک قلم سے تاحال تجوید وقراءات سے متعلق ۴۰ کے قریب قیمتی تصانیف منصۂ شہود پر آ چکی ہیں۔ آپ مدینہ یونیورسٹی کے کلّیۃ القرآن کے فضلاء میں سے ہیں اور پاکستان میں المدرسۃ العالیۃ تجوید القرآن، مسجد لسوڑیاں والی، لاہور کے رئیس ہیں۔ جامعہ لاہور الاسلامیہ، لاہور کے سابق استاد اور ادارہ کلّیۃ القرآن کی سپریم کونسل کے رکن ہیں۔ ماہنامہ رُشد قراءات نمبر حصہ اوّل ودوم میں جس طرح آپ ہماری سرپرستی فرماتے رہے، وہ ناقابل فراموش ہے۔

آپ کی شخصیت کے مذکورہ اوصاف کی نسبت سے رُشد قراءات نمبر کی حالیہ اشاعت میں ہم آپ کا انٹرویو شائع کر رہے ہیں۔ انٹرویو پینل میں قاری فہد اللہ مراد حفظہ اللہ (رکن مجلس التحقیق الاسلامی، لاہور)، قاری شفیق الرحمن حفظہ اللہ (مدرس مادر اِدارہ کلّیۃ القرآن، لاہور)، قاری محمد صفدر حفظہ اللہ (مدرس کلّیۃ القرآن، جامعہ محمدیہ، لوکو ورکشاپ) اور ثالثہ کلیہ کے حافظ احسان الٰہی ظہیر شامل تھے۔ [ادارہ]

رشد: قاری صاحب! سب سے پہلے آپ اپنا نام، والدین کا نام، جائے پیدائش اور تاریخ پیدائش کے بارے میں بتایئے؟

شیخ: نام تو محمد ادریس ہے، جامعہ اسلامیہ گوجرانوالہ میں پڑھتا تھا تو وہاں ادریس دو تین تھے۔ جس کی وجہ سے خطوط خلط ہو جاتے۔ لہٰذا میں نے امام عاصم رحمہ اللہ کی نسبت سے اپنا تخلّص العاصم رکھ لیا۔ ایک بار حافظ عبدالرشید اظہر حفظہ اللہ نے مجھ سے پوچھا کہ تم نے یہ تخلّص کیوں رکھا ہے؟ تو میں نے کہا کہ عاصم تخلّص اس لیے رکھا ہے کہ میں لوگوں کو قرآن غلط پڑھنے سے بچاتا ہوں۔ تب سے یہ میرے نام کا جز بن گیا۔ میرے والدمحترم کا نام محمد یعقوب بن غلام اللہ بن جامعی ہے۔ میری جائے پیدائش چینیاں والی مسجد کے قریب سریاں والا بازار کی ہے جبکہ میری تاریخ پیدائش قیام پاکستان کے ڈیڑھ سال بعد ۱۹۴۹ء کی ہے۔

رشد: ابتدائی تعلیم کہاں سے حاصل کی؟

شیخ: چینیاں والی مسجد کے قریبی اسکول میں، میں نے اپنی تعلیم کا آغاز کیا، پرائمری تک یہیں تعلیم حاصل کی۔ چینیانوالی مسجد میں عام بچوں کی طرح ہم بھی قرآن پڑھنے جاتے تھے۔ اس مسجد کے ساتھ ہمارا ایک خاص تعلق تھا۔ امام

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عبدالواحد غزنوی رحمہ اللہ وہاں خطیب تھے ان کو تو ہم نے نہیں دیکھا البتہ حضرت مولانا سید داؤد غزنوی رحمہ اللہ کو اچھی طرح سے دیکھا ہے۔ آپ کا چہرہ اس قدر نورانی تھا کہ آدمی دیکھ نہیں سکتا تھا۔

میرے والد محترم کی شدید خواہش تھی کہ میرا کوئی بیٹا بھی اس طرف آئے، بڑے بیٹے کو لگایا لیکن وہ نہ چل سکا۔ پھر مجھے لگایا۔ وہ مجھے کہا کرتے تھے کہ بیٹا! اس چینیا نوالی مسجد کے محراب میں، میں نے بڑے علماء کو رو رو کر دعائیں کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

چینیاں والی مسجد میں ستائیسویں رات کو قیام اللیل ہوا کرتا تھا اور وتر حضرت مولانا داؤد غزنوی رحمہ اللہ پڑھایا کرتے تھے۔ آپ اس دوران بہت زیادہ روتے اور مسجد میں کوئی بھی ایسا نہیں ہوتا تھا جو روتا نہیں تھا۔ ہم اس وقت بہت چھوٹے تھے، لیکن ہمارا بھی رونے کو دل چاہتا۔ تو میرے والد محترم نے کہا کہ بیٹا! میں نے تمہارے لیے اس محراب میں اللہ سے دعا کی ہے کہ میرے بیٹے کو دین کے لیے چن لے۔

پرائمری کے بعد میں نے چینیاں والی مسجد ہی سے حفظ شروع کیا۔ تقسیم ہند سے پہلے یہاں قاری فضل کریم پڑھاتے تھے۔ ان کا زمانہ ہم نے نہیں دیکھا۔ تقسیم سے پہلے پاکستان میں تجوید و قراءت کا سب سے پہلا مدرسہ چینیا نوالی مسجد میں تھا۔ قاری عبدالماجد حفظہ اللہ کے والد قاری نور محمد اور قاری شریف بھی وہاں پڑھتے رہے ہیں۔

رشد: اس دوران کوئی خوشگوار واقعہ ہوا ہو تو سنائیے؟

شیخ: ایک مرتبہ اسکول میں کچھ لوگ خشک دودھ لے کر آئے اور بنا بنا کر لڑکوں کو پلانے لگے۔ میں نے بھی دودھ پیا اور کچھ ساتھ گھر لے گیا اور والدہ سے کہا کہ میں دودھ لے کر آیا ہوں اسے بنا دیں۔ انہوں نے مجھے ایک چپت رسید کی اور کہنے لگیں: ''ایہہ تے دل تے بہہ جائے گا پراں سُٹ اینوں'' (یہ تو دل پر بیٹھ جائے گا اسے دور پھینک دو)

رشد: آپ نے حفظ کہاں سے شروع کیا؟

شیخ: میں نے چینیا نوالی مسجد سے حفظ شروع کیا۔ اس وقت قاری اسماعیل رحمہ اللہ اور قاری عبدالغفار رحمہ اللہ یہاں پڑھاتے تھے۔ قاری عبدالغفار رحمہ اللہ یہاں ناظرہ پڑھایا کرتے انہی کے پاس میں نے ناظرہ شروع کیا۔ ان کے ساتھ جماعت کا اختلاف ہوا تو یہ سامنے بریلویوں والی مسجد میں چلے گئے۔ ہم بھی ان کے ساتھ چلے گئے۔ رنگ محل شاہ عالمی سے دو منزل بس چلتی تھی۔ ہم گھر سے پڑھنے نکلتے تو راستے میں کہیں طوطے کا، تو کہیں زبان کاٹنے کا کھیل ہوتا دیکھ کر وہاں کھڑے ہو جاتے جس کی وجہ سے مدرسے سے لیٹ ہو جاتے اور مدرسے میں جا کر سزا ملتی۔ پھر رمضان شریف آ گیا تو قاری اظہار رحمہ اللہ اور قاری صدیق لکھنوی رحمہ اللہ کا انتخاب ہو گیا۔ رمضان کی ستائیسویں رات میں حضرت مولانا داؤد رحمہ اللہ نے ان دونوں بزرگوں کو دعوت دی اور دونوں نے چار چار رکعتیں نماز پڑھائی۔ دونوں حضرات اتنا مسحور کن قرآن پڑھا کہ میں ان کو دیکھتا ہی رہ گیا۔

اس کے بعد قاری اظہار احمد رحمہ اللہ چینیا نوالی مسجد میں تشریف لائے تو میں نے پھر وہیں حفظ قرآن شروع کر دیا۔ جب چینیا نوالی مسجد میں قاری اظہار احمد رحمہ اللہ نے پڑھانا شروع کیا تو اہلحدیث طالب علم (۱) قاری محمد نور رحمہ اللہ (۲) قاری محمد یوسف رحمہ اللہ دو تھے، باقی دیوبندی۔ قاری یوسف رحمہ اللہ انتہائی نیک شخص تھے۔ چینیا نوالی مسجد میں میرے استاد قاری صدیق لکھنوی رحمہ اللہ تھے جن سے میں حفظ کرتا تھا اور قاری اظہار احمد رحمہ اللہ حفظ کے لڑکوں کو

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشق کرواتے تھے۔

رشد: آپ نے مکمل حفظ قاری صدیق رحمہ اللہ سے ہی کیا؟

شیخ: نہیں! قاری صاحب رحمہ اللہ نے وہاں تقریباً دو اڑھائی سال ہی پڑھایا تھا کہ جامعہ اشرفیہ والے انہیں تجوید کے لیے اپنے ہاں لے گئے۔ اصل میں یہاں شیخ شجاع الدین ہوتا تھا وہ بہت ظالم انسان تھا۔ اللہ اس کے حال پر رحم کرے۔ بچوں کو شدید پیٹتا تھا۔ قاری صاحب رحمہ اللہ اس وجہ سے یہاں گھٹن محسوس کرتے تھے۔ قاری نور صاحب اب بھی ملتے ہیں تو پوچھتے ہیں شجاع الدین زندہ ہے یا مرگیا ہے؟ میں نے بتایا کہ مرگیا ہے تو کہتے، بڑا ظالم تھا وہ مجھے بڑے ٹھڈے مارتا اور پنکھا بند کردیتا۔ ایک بار ایسا ہوا کہ اس نے لڑکوں پر سختی کی تو حافظ ایوب اور دو تین اور لڑکوں نے اسے پکڑ کر شدید پٹائی کی اور مار مار کر اَدھ موا کردیا۔

قاری صدیق رحمہ اللہ جامعہ اشرفیہ چلے گئے تو قاری محمد دین صاحب میانوالی سے تشریف لے آئے۔ قاری صاحب صبح کے وقت ٹھنڈا دودھ یا لسّی پیتے اور ساتھ میں پراٹھا کھاتے اس کے بعد وہ کلاس میں سو جاتے۔ قاری صاحب نے اپنے پاس چھانٹے کی سوٹی سجا کر رکھی ہوتی جو لڑکا ان کو سنانے کے لیے آتا اگر اس کے سبق میں اٹکن آتی تو وہ لاتعداد سوٹیاں رسید کرتے۔ اس دوران ایک چھوٹا سا واقعہ گوش گزار کرتا ہوں:

میری والدہ مرحومہ مجھ سے کہنے لگیں کہ تمہارے جسم پر خشکی بہت ہورہی ہے۔ پہلے جسم پر تیل ملو اور اچھی طرح نہا کے پھر جمعہ پڑھنے جاؤ۔ والدہ نے جب قمیض اتاری تو میرے دونوں کندھے کالے تھے۔ میری دادی مرحومہ نے دیکھا تو کہنے لگیں: ''منڈے دی اے جگہ کیوں کالی اے'' میں نے کہا کوئی نہیں کالی۔ والدہ مرحومہ کہنے لگیں تم نے ضرور قاری صاحب کو سبق نہیں سنایا ہوگا۔ تم سبق کیوں نہیں یاد کرتے ہو۔ حالانکہ اس میں میری غلطی کم تھی استاد جی کا مزاج ہی کچھ اس طرح کا تھا۔ خیر یہ قاری صاحب بھی ۱۹۶۳ء میں چلے گئے۔ قاری اظہار رحمہ اللہ بھی موتی بازار تشریف لے گئے۔ اس دوران ایک واقعہ سناتا ہوں۔

قاری اظہار احمد رحمہ اللہ اور قاری صدیق رحمہ اللہ اکٹھے بیٹھ کر دوپہر کا کھانا کھایا کرتے تھے۔ قاری صاحب رحمہ اللہ مجھے حکم دیتے کہ جاؤ میرے گھر سے کھانا لے آؤ میں بھاگا بھاگا پرانی انارکلی جاتا اور کھانا لے آتا۔ دونوں حضرات کھانا کھا رہے تھے کہ اذان ہوگئی۔ ابھی چند لقمے ہی رہ گئے تھے کہ تکبیر شروع ہوئی اوپر سے شیخ ضیاء الدین آگیا اور من ترك الصلاة فقد كفر والی حدیث غلط ملط پڑھ کر چلا گیا۔ قاری صدیق رحمہ اللہ ذرا جذباتی تھے جبکہ قاری اظہار رحمہ اللہ انتہائی ٹھنڈی طبیعت کے انسان تھے۔ قاری صدیق رحمہ اللہ قاری اظہار رحمہ اللہ سے کہنے لگے کہ دیکھا آپ نے، یہ ہمیں کافر بنا گیا ہے۔ قاری صاحب رحمہ اللہ کہنے لگے کہ وہ جاہل انسان ہے اسے کیا پتہ کہ تارك صلاة کیا ہوتا ہے اور کافر کون ہوتا ہے، لیکن قاری صدیق رحمہ اللہ بضد تھے کہ جائیں مولانا داؤد رحمہ اللہ سے بات کریں۔ قاری اظہار رحمہ اللہ ان کے کہنے پر مولانا داؤد رحمہ اللہ کے پاس گئے تو انہوں نے بھی یہی جواب دیا کہ یہ آپ کے مقام کو نہیں سمجھتا لیکن میں آپ سے اس کی طرف سے معذرت کرتا ہوں۔

رشد: قاری اظہار احمد رحمہ اللہ کے موتی بازار جانے کی وجہ کیا تھی؟

شیخ: حضرت داؤد غزنوی رحمہ اللہ کا ۱۹۶۳ء میں انتقال ہوگیا انہوں نے ہی مدرسہ شروع کیا۔ بعدازاں جماعت والوں نے فیصلہ کیا کہ ہم کتب کا مدرسہ کھولنا چاہتے ہیں تو انہوں نے قاری صاحب رحمہ اللہ کو جواب دے دیا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

رشد: پھر آپ نے حفظ قرآن کہاں سے مکمل کیا؟

شیخ: میں قاری اظہار احمد رحمہ اللہ کے ساتھ 'تجوید القرآن' آ گیا تھا اور یہیں پر میں نے ۱۹۶۵ء میں حفظ مکمل کر لیا۔تقریباً تین چار سالوں میں میں نے حفظ مکمل کیا اور پھر وہیں قاری اِظہار احمد رحمہ اللہ سے تجوید پڑھی۔ ادھر مولانا بدیع الزمان رحمہ اللہ ہوتے تھے جو ہمیں ترجمہ، عربی اور علم الصرف اور نحو پڑھاتے تھے۔

رشد: موتی بازار میں قاری اظہار احمد رحمہ اللہ کے ساتھ اور کون کون سے استاد موجود تھے؟

شیخ: قاری فضل کریم صاحب، قاری احمد دین صاحب رحمہ اللہ، مولانا بدیع الزماں صاحب رحمہ اللہ۔

رشد: آپ تجوید سے کب فارغ ہوئے؟

شیخ: تقریباً ۱۹۶۶ء میں۔

رشد: قاری صاحب رحمہ اللہ سے تجوید کی کون سی کتابیں پڑھیں؟

شیخ: جمال القرآن، تیسیر التجوید، فوائد مکیة اور مقدمه الجزرية۔

رشد: تجوید کے بعد آپ نے سبعہ شروع کی یا کتابیں؟

شیخ: تجوید پڑھنے کے بعد میں نے کتابیں شروع کیں۔ مدرسہ محمدیہ رینالہ خورد میں، جس کا موجودہ نام ابوہریرہ ہے۔ناظم حافظ عزیز الرحمٰن رحمہ اللہ تھے جبکہ مولانا حبیب الرحمٰن اور حافظ شفیق الرحمٰن پڑھاتے تھے۔مولانا حبیب الرحمٰن انتہائی متقی انسان اور صرف ونحو کے امام تھے۔ ان کے مزاج میں کھلا پن بھی کافی تھا۔ایک دن مجھ سے کہنے لگے۔ادھر آؤ میرے ساتھ وینی پکڑو۔ میں اپنے اساتذہ کا بے حد احترام کرتا تھا اس لیے کچھ کہا تو انہوں نے دوبارہ پھر حکم دے دیا۔مولانا بظاہر دیکھنے میں تو کافی کمزور نظر آتے تھے،لیکن جب ان کے کہنے پر پہلے میں نے ان کی وینی (زور آزمائی کے لیے ایک دوسرے کا بازو پکڑنا) پکڑی تو پورے زور کے ساتھ تو انہوں نے ایک جھٹکے سے چھڑا لی۔ پھر جب انہوں نے پکڑی تو اپنی پوری زور آزمائی کے باوجود میں وینی نہ چھڑا سکا۔

میں تقریباً ایک سال اس مدرسے میں رہا پھر بیماری کی وجہ سے لاہور آ گیا۔ حافظ اسماعیل ذبیح رحمہ اللہ ہمارے عزیز تھے وہ ہمارے گھر آئے تو والدہ سے میری تعلیم کے متعلق دریافت کیا انہوں نے بتایا کہ رینالہ خورد میں پڑھتا ہے۔ وہ کہنے لگے کہ اسے کسی بڑے مدرسے میں داخل کرواؤ۔ جامعہ اسلامیہ میں بھیج دو۔ اس وقت جامعہ اسلامیہ کی شہرت حضرت ابوالبرکات رحمہ اللہ کی وجہ سے تھی ان کو علوم پر بہت عبور تھا۔ میں نے ان سے بہت سی کتابیں پڑھیں۔جس میں بخاری شریف، مسلم شریف، ابوداؤد، ترمذی وغیرہ بھی شامل تھیں۔ جب میں نے ان سے بیضاوی اور جلالین پڑھی تو لفظ أأنذرتهم، میں جتنی قراءتیں ہیں سب پڑھ کر بتائیں۔ میں نے آج تک کسی کو نہیں دیکھا جس نے یہ تمام قراءتیں پڑھ کر بتائی ہوں۔

مولانا رحمہ اللہ کے پاس میں نے چھ سات سال گزارے اور وہیں سے فارغ ہوا۔ان کے ایک دو واقعات میں آپ کو سناتا ہوں۔کراچی میں ایک پروفیسر یامین محمدی تھے۔ ان کی داڑھی بالکل چھوٹی چھوٹی تھی۔ بشیر انصاری نے آ کر مولانا کو کہا کہ ایک میرے پروفیسر دوست کراچی سے آ رہے ہیں۔آپ اجازت دیں تو وہ یہاں جمعہ پڑھا لیں۔مولانا نے اس کو دیکھا نہیں ہوا تھا۔انہوں نے اجازت دے دی۔لہٰذا پورے گوجرانوالہ میں اعلان ہو گیا کہ پروفیسر یامین محمدی جمعہ پڑھائیں گے، جمعہ کا وقت ہوا تو ابوالبرکات رحمہ اللہ پہلی صف میں تشریف فرما تھے اور میں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ان کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا۔ پروفیسر صاحب مسجد میں داخل ہوئے تو ان کا پائجامہ ٹخنوں سے نیچے تھا۔ جسے وہ اوپر چڑھاتے ہوئے آگے آ رہے تھے۔ اوپر سے داڑھی بھی بالکل چھوٹی تھی۔ جب مولانا نے پروفیسر صاحب کو دیکھا تو ان کا چہرہ سرخ ہوگیا اور اسی وقت کھڑے ہو کر انہیں کہنے لگے۔ ''پروفیسر صاحب آپ بعد میں خطاب کر لیجئے گا میں آپ کو منبر رسول ﷺ کے قابل نہیں سمجھتا۔'' مولانا گلا خراب ہونے کے باوجود منبر پر چڑھے اور خطبہ جمعہ دیا۔

مولانا ابوالبرکات رحمہ اللہ نے آٹھ سال شافعیوں کے مدرسہ میں پڑھا ہے۔ تقسیم ہند کے بعد کراچی تشریف لائے اور امام عبدالستار (غرباء والے) سے دوبارہ بخاری پڑھی۔ پھر مولانا ماموں کانجن چلے گئے۔ یہاں آ کر انہیں پتہ چلا کہ حافظ محمد گوندلوی رحمہ اللہ بہت بڑے استاد ہیں۔ صوفی محمد عبداللہ رحمہ اللہ نے مشورہ دیا کہ آپ وہاں چلے جائیں۔
ماموں کانجن کا ایک واقعہ جو مولانا نے مجھے خود سنایا تھا آپ کے گوش گزار کرتا ہوں۔ کسی بریلوی نے فاتحہ خلف الامام اور آمین پر اعتراضات کئے تو کسی نے اس کا جواب لکھا تو اس نے دوبارہ عربی میں چھ سات صفحات کا جواب لکھا۔ اب وہاں بڑے اساتذہ نے اس کا جواب لکھنے سے انکار کر دیا۔ مولانا ابوالبرکات رحمہ اللہ نے فرمایا میں لکھتا ہوں۔ آپ نے پہلے اس کی عربی کی غلطیاں نکالیں اور پھر چوبیس صفحات پر مشتمل عربی میں جواب دیا۔ پھر صوفی صاحب نے ان کو حافظ محمد گوندلوی رحمہ اللہ کے پاس جانے کا کہا۔ آپ گوجرانوالہ تشریف لے آئے جہاں حضرت محدث گوندلوی رحمہ اللہ سے بخاری پڑھی اور ساتھ ہی حافظ محمد گوندلوی رحمہ اللہ نے آپ کو کچھ سبق بھی پڑھانے کے لیے دے دیئے۔
حافظ محمد گوندلوی رحمہ اللہ کا گدا، چادر اور تکیہ ابوالبرکات رحمہ اللہ نے سنبھال کر رکھا ہوا تھا۔ حضرت حافظ صاحب رحمہ اللہ جمعہ جامعہ اسلامیہ میں پڑھتے تھے۔ آپ تقریباً ساڑھے دس بجے وہاں پہنچ جاتے اور ذکر و اذکار اور نوافل وغیرہ ادا کرتے رہتے۔ مولانا ابوالبرکات رحمہ اللہ نے جمعہ کے فوراً بعد اٹھتے اور الماری سے گدا، چادر اور تکیہ خود پکڑ کر بچھاتے کسی اور کو ہاتھ بھی نہ لگانے دیتے۔ حضرت حافظ صاحب رحمہ اللہ وہاں لیٹ جاتے اور ابوالبرکات رحمہ اللہ ان کو دبانا شروع کر دیتے۔
اس کے علاوہ جب حافظ گوندلوی رحمہ اللہ نوافل وغیرہ سے فارغ ہوتے اور جمعہ کا وقت قریب ہوتا تو ابوالبرکات رحمہ اللہ حضرت محدث گوندلوی رحمہ اللہ کے پاس جاتے اور کہتے حضرت! جمعہ پڑھائیں۔ محدث گوندلوی رحمہ اللہ جواباً کہتے اجازت ہے۔ وہ ہر جمعہ دعوت دیتے اور اجازت لیتے۔ اتنا ادب و احترام آج تک ہم نے کسی میں نہیں دیکھا۔

رشد: سنا ہے کہ ابوالبرکات رحمہ اللہ حافظ صاحب رحمہ اللہ سے بخاری پڑھنے کے بعد لاہور تشریف لے آئے اور یہاں انار کلی میں ٹوپیاں بیچتے رہے؟

شیخ: جی بالکل! انہوں نے یہ کام شروع کیا، لیکن حضرت حافظ صاحب رحمہ اللہ نے منع فرما دیا۔

رشد: آپ جامعہ اسلامیہ، گوجرانوالہ سے کس سن میں فارغ ہوئے؟

شیخ: ۱۹۷۵ء میں۔

رشد: اس کے بعد آپ نے کیا کیا؟

شیخ: قاری صاحب: اس کے بعد میں یہاں آ گیا اور قاری اظہار احمد رحمہ اللہ سے سبعہ شروع کر دی۔ یہاں سے ایک

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کتابیں پڑھانے والے مدرس چلے گئے تھے۔ مولانا ہدایت اللہ رحمہ اللہ یہاں خطیب تھے وہ بھی جا چکے تھے۔ جماعت والوں نے مجھے کہا کہ تم یہاں آجاؤ اور کتابیں پڑھاؤ۔۱۹۷۶ء میں، میں نے یہیں تدریس شروع کر دی اور ساتھ ساتھ قاری اظہار احمد رحمہ اللہ سے سبعہ مکمل کی۔ میں نے دو سال میں سبعہ مکمل کی اور تقریباً تین سال پڑھایا۔

رشد: دورانِ تعلیم آپ کی روحانی کیفیت کیسی تھی؟

شیخ: روحانیت تو جیسی کیسی بھی تھی البتہ میں علما کی خدمت کرتا تھا مثلاً حضرت حافظ محمد گوندلوی رحمہ اللہ کے پیچھے میں مغرب کی نماز ادا کرنے جاتا تھا جو ٹالی والی مسجد میں نماز پڑھاتے تھے۔ نماز کے بعد آپ کچھ دیر ذکر اذکار کرتے اور سنتیں گھر جا کر ادا کرتے۔ میں جلدی جلدی سنتیں ادا کرنے کے بعد ان کی جوتی اور لاٹھی پکڑ تا ان کے سامنے پیش کر کے پھر باتیں کرتے اور مسائل پوچھتے ہوئے گھر تک چھوڑتا۔

رشد: تجوید وقراءات کی جانب کیسے میلان ہوا؟

شیخ: تجوید وقراءات کی جانب میرا ذہن شروع ہی سے مائل تھا، کیونکہ ہماری رہائش چینیا نوالی مسجد کے قریب تھی، قاری اسماعیل اچھے لہجے میں پڑھتے تھے اس لیے میرا رجحان ادھر ہوا۔ جامعہ اسلامیہ میں اس سلسلے میں، میں نے تقریباً دس بارہ لڑکے فارغ کئے ہیں۔

رشد: آپ کے اندر تجوید وقراءات کا ذوق پیدا کرنے میں کس ہستی کا ہاتھ ہے؟

شیخ: میرے استاد و مربی قاری اظہار احمد رحمہ اللہ کا۔ چونکہ میں حفظ کے ساتھ ہی قاری اظہار احمد رحمہ اللہ سے منسلک ہو گیا تھا اس لیے قاری صاحب رحمہ اللہ کی طرح میرا ذہن بھی تجوید وقراءات کی جانب مائل ہو گیا اور میں نے شروع سے ہی ان سے مشق شروع کر دی تھی۔

رشد: قاری صاحب رحمہ اللہ کی آپ پر خصوصی توجہ کی وجہ آپ کی آواز تھی؟

شیخ: قاری افضل صاحب جو مولوی غلام اللہ خان کی مسجد راولپنڈی میں ہوتے تھے۔ جو لڑکوں کو بڑے عجیب سے انداز میں اذان سکھاتے۔ ادھر سے ایک لڑکا بھاگ کر یہاں چینیا نوالی مسجد آ گیا۔ اس نے اس لہجے میں اذان دینا شروع کر دی جو میرے ذہن میں بیٹھ گیا۔ پھر میں نے بھی اسی لہجے میں بھرپور تیاری کے ساتھ اذان کہی اور اذان کے بعد باہر ٹہلنے لگ گیا کہ قاری صاحب رحمہ اللہ آ کر مجھے داد دیں گے۔ قاری صاحب رحمہ اللہ آئے تو انہوں نے مجھے بلایا، میں خوشی خوشی گیا کہ ان سے داد وصول کرتا ہوں۔ وہ کہنے لگے: ''ادریس'' کمبخت کہیں کے۔ اذان اس طرح دیتے ہیں۔ نماز کے بعد میرے پاس آنا۔ نماز کے بعد میں ان کے پاس گیا تو انہوں نے مجھے اذان کی مشق کروائی اور مسلسل پندرہ دن حجازی لہجے میں مشق کرواتے رہے۔

قاری صاحب رحمہ اللہ مجھے مقابلہ حسن قراءات میں بھیجا کرتے تھے۔ میں جامعہ اسلامیہ گوجرانوالہ میں تھا کہ مجھے قاری صاحب رحمہ اللہ کا خط ملا، لکھا تھا۔ ''فلاں تاریخ کو تم نے لاہور لازماً پہنچنا ہے۔ کوالیفائی مقابلے میں تمہارا نام دے دیا گیا ہے۔''

بادشاہی مسجد میں مقابلہ ہوا۔ قاری اظہار احمد رحمہ اللہ، حضرت حسن شاہ صاحب، قاری عبدالوہاب صاحب اور غلام

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

رسول صاحب جج تھے۔ اس مقابلے میں میری تیسری پوزیشن آئی۔ قاری صاحب رحمہ اللہ کا شروع ہی سے مجھے اس طرف لگانے کا ذہن تھا۔

رشد: مدینہ یونیورسٹی کس طرح جانا ہوا؟

شیخ: مدینہ یونیورسٹی میں دوست پڑھتے تھے اور مصری قراء کی باتیں سناتے، جس سے مجھے بھی شوق پیدا ہوا۔ میرے کافی سارے دوستوں نے مدینہ یونیورسٹی میں کاغذات بھیجے میں نے بھی کاغذات بھیجے، لیکن میرے اور ان کے کاغذات میں فرق یہ تھا کہ انہوں نے تو تصدیق کروا کے کاغذات بھیجے تھے جبکہ میں نے تصدیق کے بغیر ہی تجوید اور کچھ دیگر سندوں کے ساتھ کاغذات بھیج دیئے۔

مدینہ یونیورسٹی سے جواب یہ آیا کہ اس سال تو کوٹہ پورا ہو چکا ہے آپ اگلے سال کے لیے سعودی سفارتخانے سے اپنی سندوں کی تصدیق کروا کر بھیجیں۔ میں سعودی سفارتخانے میں چلا گیا، لیکن تین دن تک میری وہاں شنوائی نہ ہوئی۔ چوتھے دن میں کچھ پیسے ساتھ لے کے وہاں پہنچ گیا۔ اچانک وہاں میری ملاقات عطاء اللہ ثاقب رحمہ اللہ سے ہوگئی۔ جنہوں نے هداية المستفيد کا ترجمہ کیا اور چینیانوالی مسجد میں مولانا داؤد رحمہ اللہ کے نائب ہوا کرتے تھے۔ اور وہاں درس وغیرہ بھی دیتے تھے۔ مجھ سے کہنے لگے قاری صاحب آپ کدھر، میں نے مدعا بیان کیا تو انہوں نے کہا آؤ میرے ساتھ۔ انہوں نے جا کر انہیں کہا کہ یہ جماعت کے قاری ہیں اور اہلحدیث ہیں ان کی تصدیق کردیں۔ انہوں نے مجھے اگلے دن آنے کا کہا۔ بالآخر انہوں نے میری سندوں کی تصدیق کردی۔ لہٰذا میں نے کاغذات دوبارہ بھیج دیئے۔

حافظ ثناء اللہ زاہدی حفظہ اللہ گوجرانوالہ میں میرے ساتھ پڑھتے رہے تھے۔ ان کا داخلہ ایک سال پہلے ہو چکا تھا۔ یہ میرے پاس آئے تو میں نے انہیں بتایا کہ میں نے کاغذات بھیجے تھے، لیکن واپس آ گئے اب دوبارہ بھیجے ہیں تو وہ کہنے لگے۔ ہم شیخ ابن باز رحمہ اللہ کو خط لکھتے ہیں کہ وہ سفارش کردیں۔ لہٰذا زاہدی صاحب حفظہ اللہ نے میری طرف سے خط بنا کر شیخ ابن باز رحمہ اللہ کو بھیج دیا۔ شیخ ابن باز رحمہ اللہ نے مدینہ یونیورسٹی میں میری سفارش کردی لہٰذا میرا داخلہ ہوگیا اور میں مدینہ پہنچ گیا۔ وہاں پہنچ کر اتفاقاً مجھے یونیورسٹی کا رجسٹر دیکھنے کا موقع ملا تو دیکھا کہ اس پر لکھا ہوا ہے۔ محمد ادریس عاصم اور آگے درج تھا کہ شیخ ابن باز رحمہ اللہ نے اس کی سفارش کی ہے، لیکن اس سال تو کوٹہ پُر ہو چکا ہے لہٰذا آئندہ سال اس کا داخلہ ہوگا یعنی اس سال میرا داخلہ بھی ہوا اور مجھ سے معذرت بھی کی گئی۔ داخلہ ۱۹۷۴ء میں ہوا تھا۔

رشد: مدینہ میں آپ نے کتنے سال پڑھا؟

شیخ: ایک سال شعبہ میں پڑھا، جبکہ چار سال كلية القرآن میں۔

رشد: كلية القرآن میں آپ کے اساتذہ کون کون سے تھے؟

شیخ: شیخ عبدالفتاح المرصفی رحمہ اللہ، شیخ سیبویہ، شیخ عبدالرافع رضوان، شیخ محمد جادو، شیخ عبدالفتاح القاضی، شیخ عبدالرزاق اور شیخ سالم محیصن میرے اساتذہ تھے۔

رشد: آپ نے کلیہ میں چار سال کے اندر عشرہ کبریٰ پڑھی؟ اس کے ساتھ ساتھ آپ علیحدہ کچھ پڑھتے رہے ہوں تو

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس کی تفصیل بتا دیں؟

شیخ: مدینہ یونیورسٹی میں مجھے پتہ چلا کہ شیخ مرصفی رحمہ اللہ لڑکوں کو الگ پڑھنے کے لیے ٹائم دیتے ہیں۔ ان سے میرا تعارف ہوا تو میں نے پڑھنے کے لیے ٹائم مانگا۔ انہوں نے مجھے گھر آنے کا کہا۔ میں ان کے گھر گیا تو انہوں نے پہلے مجھ سے سنا اور سن کر بہت خوش ہوئے۔ اس وقت تمیم ذعبی ان سے پڑھا کرتے تھے۔ چونکہ ان کے پاس اور بھی لڑکے پڑھنے آتے تھے اس لیے انہوں نے مجھے ایک دن کا ٹائم دیا کہ ایک ہفتے میں ایک دن میرے پاس آ جایا کرو، لیکن جیسے جیسے لڑکے فارغ ہوتے گئے میرا ٹائم بڑھتا گیا۔ بالآخر ہفتے کے سارے دن مجھے مل گئے۔

کلیہ میں چونکہ ہم نے پہلے سال طیبۃ النشر پڑھی تھی۔ اس کتاب کے ساتھ ایک خاص تعلق کی بنا پر میں نے شیخ صاحب رحمہ اللہ سے کہا کہ مجھے طیبۃ النشر بھی پڑھائیں۔ انہوں نے مجھے کہا کہ تم اس کتاب کا مطالعہ کرو اور ساتھ میں تمہیں ایک اور کتاب لا کر دیتا ہوں۔ شیخ صاحب رحمہ اللہ نے مجھے 'منھۃ المولی' لا کر دی۔ اس میں جو اختلافی کلمات شاطبیہ اور درہ وغیرہ میں موجود نہیں ہیں، کا تفصیلی ذکر ہے۔

رشد: آپ شیخ مرصفی رحمہ اللہ سے کتنا عرصہ پڑھتے رہے؟

شیخ: تقریباً ساڑھے تین سال میں نے ان سے فیض حاصل کیا ہے اور عشرہ صغریٰ اور کبریٰ میں ان سے اجازہ حاصل کیا۔

رشد: آپ مدینہ یونیورسٹی سے کس سن میں فارغ ہوئے؟

شیخ: میں وہاں سے ۱۴۰۲ھ میں فارغ ہوا۔

رشد: فارغ ہونے کے فوراً بعد آپ پاکستان آ گئے؟

شیخ: اس وقت مکہ مکرمہ میں تدریب المعلّمین کا کورس ہوتا تھا۔ میں نے وہاں انٹرویو دیا تو اس میں پاس ہو گیا۔ لہٰذا ایک سال مکہ مکرمہ میں گزارا۔ میری شدید خواہش تھی کہ میں اپنے والدین کو حج کرواؤں۔ اس سلسلے میں کچھ پیسے جمع کرنے کے لیے میں نے ایک دیوبندی دوست قاری سے رابطہ کیا اور اس سے کہا کہ مجھے امامت کے لیے کوئی مسجد ڈھونڈ دیں۔ انہوں نے مکہ میں مجھے ایک مسجد ڈھونڈ دی۔ پھر اللہ کے فضل سے میں نے اپنے والدین کو وہاں بلوایا انہیں اپنے پاس رکھا اور حج کروا کے واپس بھیجا۔ میرا وہ ایک سالہ کورس مکمل ہوا تو رابطہ عالم اسلامی والوں نے مجھے نائیجیریا بھیجنے کا فیصلہ کیا۔ کاغذات وغیرہ مکمل تیار ہو چکے تھے، لیکن میں نے وہاں جانے سے انکار کر دیا۔ انہوں نے مجھ سے وجہ دریافت کیا تو میں نے کہا کہ میں نے اپنے ملک جانا ہے۔ انہوں نے دریافت کیا کہ پاکستان کیوں جانا چاہتے ہو، میں نے کہا کہ میں اپنے ملک میں تجوید وقراءات کا کام کرنا چاہتا ہوں۔ وہ کہنے لگے کہ پاکستان میں تمہارے سوا کوئی قاری نہیں؟ میں نے کہا: موجود ہیں۔ کہنے لگے کہ تم سے پاکستان کے بارے میں پوچھ نہیں ہوگی جہاں میں تمہیں بھیج رہا ہوں اس کے بارے میں ضرور پوچھ ہوگی۔ وہاں تو کوئی قاری موجود نہیں ہے۔ لیکن میں نے کہا کہ میں وہاں نہیں جا سکتا۔ انہی دنوں میں علامہ احسان الٰہی ظہیر رحمہ اللہ کسی دورے پر وہاں تشریف لے آئے۔ میں نے اپنا معاملہ ان کے گوش گزار کیا تو انہوں نے مجھے کہا کہ کل تم مجھے ان کے دفتر میں ملنا۔ میں اگلے دن وہاں پہنچا تو علامہ صاحب رحمہ اللہ مجھے لے کر ناصر عبودی کے پاس چلے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

گئے اور اسے کہا کہ یہ شیخ پاکستان کا مقری کبیر ہے اور اس کے علاوہ میری بہت سی تعریف ان کے سامنے کی اور کہا میں اسے پاکستان لے جانا چاہتا ہوں۔ ناصر عبودی کہنے لگے علامہ صاحب آپ ہمارے دوست اور سلفی بھائی ہیں۔ہم آپ کو کسی دھوکے میں نہیں رکھنا چاہتے۔ یہ امر مَلَکی ہے لہٰذا اس سال یہ اپنے ملک نہیں جا سکتا۔

اسی دوران حافظ عبدالرحمٰن مدنی حفظہ اللہ وہاں پہنچ گئے۔ میں نے ان کو سارا واقعہ سنایا۔انہوں نے بھی کافی تگ و دو کی لیکن کام نہ بن سکا۔ میرے پاس دو دفعہ حافظ ثناء اللہ مدنی حفظہ اللہ بھی تشریف لائے۔انہوں نے پہلی بار مجھ سے سوال کیا تھا کہ سبعہ احرف سے کیا مراد ہے؟ تو میں نے جواباً کہا: "أوجه مقروءة مختلفة لا تزيد عن السبعة" حافظ صاحب حفظہ اللہ جواب سن کر بہت خوش ہوئے۔

میرے پاس بہت سے مشائخ کے تزکیے تھے ایک شیخ عامر تھے جو شیخ ابن باز رحمہ اللہ کے خاص الخاص آدمیوں میں سے تھے،لیکن مجھے اس بات کا پتہ نہیں تھا۔ جب میں مدینہ سے فارغ ہوا تو ایک رحلہ نماس گیا۔ یہ بہت ٹھنڈا علاقہ ہے۔اس رحلہ میں میرا نام بھی زبردستی لکھ دیا گیا۔ وہاں پہنچ کر میں امامت اور تلاوتیں وغیرہ کرتا رہا۔ وہاں دارالحدیث مکیہ کا نائب مدیر زہرانی تھا اس کے ساتھ میری کافی واقفیت ہوگئی۔ میں نے چاہا کہ ان سے تزکیہ لکھواتا ہوں تاکہ بعد میں کسی موقع پر کام آ سکے۔میں جب ان کے پاس گیا تو انہوں نے مجھے شیخ عامر کے پاس بھیج دیا۔

شیخ عامر انتہائی سادہ آدمی تھے ہم ان کے پاس گئے تو وہ خود ہی تمام کام نپٹا رہے تھے حتیٰ کہ جو کام نوکر سے کروائے جاتے ہیں وہ بھی خود ہی کر رہے تھے۔ میں نے کہا ان سے تزکیہ لے کر کیا کروں گا لیکن عبدالرب اور زہرانی کے اصرار پر میں نے ان سے تزکیہ لے لیا۔

میں نے اپنے کاغذات کے اوپر ان کا تزکیہ لگایا اور کچھ دیگر لوازمات کے ساتھ شیخ ابن باز رحمہ اللہ کے سیکرٹری شیخ ابراہیم کے سامنے پیش کر دیئے تاکہ ان کی طرف سے مبعوث ہو جاؤں۔ شیخ صاحب میرے کاغذات دیکھتے رہے جب انہوں نے شیخ عامر کا تزکیہ دیکھا تو انتہائی خوش ہوکر گویا ہوئے "ذكا لك شيخ، ذكا لك شيخ عامر" انہوں نے تین دفعہ یہ الفاظ دہرائے اور بقیہ کاغذ دیکھنے کے بغیر ہی لکھ دیا کہ یہ بندہ مبعوث ہے۔ مجھے انتہائی حیرانی ہوئی کہ جس بندے کی میں پرکاہ کے برابر حیثیت نہیں سمجھ رہا تھا اس کی اتنی اہمیت ہے۔انہوں نے فوراً مجھے ہزار ریال کا چیک لکھ کر دے دیا۔اس سے پہلے کے کچھ حالات میں آپ کے گوش گزار کرتا ہوں۔

انہی دنوں ایک دیوبندی قاری اکبر شاہ بیت اللہ میں پڑھاتے تھے یہ صالح الحمید جو کہ بیت اللہ میں فجر کی نماز پڑھاتے تھے کہ ان کے استاد بھی تھے۔اکبر شاہ صاحب بعض وجوہات کی بناء پر بیت اللہ سے چھوڑ کر چلے گئے۔ مجھے حافظ فتحی محمد صاحب نے کہا تمہیں اس کی جگہ پر بیت اللہ میں تجوید پڑھانے کی ذمہ داری سونپ دیتے ہیں۔ میں نے کاغذات تیار کیے تو حافظ محمد فتحی صاحب مجھے لے کر مدیر صاحب کے پاس چلے گئے۔ مدیر صاحب میرے کاغذات اور قراءات کی سندیں دیکھ کر خوش ہوئے اور کہا کہ ٹھیک ہے ہم آپ کو یہاں استاد رکھ لیتے ہیں لیکن میرا دل اندر سے مطمئن نہ تھا، کیونکہ میں سوچتا تھا کہ بیت اللہ رہنے کی جگہ نہیں بلکہ زیارت کی جگہ ہے، اور اگر وہاں پر عمل کا اجر بہت زیادہ ہے تو کوتاہی کا گناہ بھی اتنا ہی بڑا ہے۔ انہوں نے میرے کاغذات جمع کر لیے اور کسی اور دن آنے کو کہا۔ مقررہ دن میں وہاں پہنچا تو مدیر صاحب تو موجود نہ تھے البتہ نائب مدیر صاحب ڈیوٹی پر

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

تھے۔ انہوں نے میرے کاغذات دیکھے تو کہنے لگے یہ بیت اللہ نہیں پڑھا سکتا۔ ہم نے وجہ دریافت کی تو کہنے لگے کہ مملکہ کا یہ اصول ہے کہ جو سعودی عربیہ سے فارغ ہو وہ دو یا تین سال ملک سے باہر تدریس کر کے پھر یہاں تدریس کر سکتا ہے اور اسے فارغ ہوئے تو ابھی ایک سال گزرا ہے۔اس ایک نقطے کی وجہ سے میں وہاں تدریس نہ کر سکا۔اس کے بعد میں وہاں سے مبعوث ہو کر (واقعہ پہلے گزر چکا ہے) پاکستان آ گیا۔

رشد: مکتب نے آپ کو پاکستان میں کس جگہ پر مبعوث کیا؟

شیخ: جس ادارے کی جانب سے میں مبعوث کیا گیا تھا یہ چونکہ شیخ ابن باز رحمہ اللہ کا تھا۔ان کا آرڈر تھا کہ ایک جگہ پر پہنچ کر ہمیں اطلاع دے دو کہ میں فلاں جگہ پر تدریسی خدمات سرانجام دے رہا ہوں۔ میں تو سعودیہ سے سیدھا یہاں لسوڑیاں والی مسجد آ گیا تھا اور یہیں پر آ کے بیٹھ گیا۔ چھ ماہ بعد مجھے پتہ چلا کہ ادارہ کی جانب سے تنخواہ آئی ہے۔ میں تنخواہ لینے کے لیے مکتب گیا جو لاہور میں ہی تھا۔میں نے چونکہ ان چھ مہینوں میں مکتب سے کوئی رابطہ نہ رکھا تھا اس لیے میں مدیر صاحب کے پاس پہنچا ہی تھا کہ وہ بہت ناراض ہوئے۔ مدیر صاحب مزاجاً کچھ سخت طبیعت کے مالک تھے۔حافظ عبدالرشید اظہر حفظہ اللہ نے سمجھا بجھا کر انہیں کچھ ٹھنڈا کیا تو وہ چپ ہوئے۔

رشد: آپ کی شادی کس سن میں ہوئی؟

شیخ: میری شادی مدینہ یونیورسٹی جانے سے چھ ماہ قبل ۱۹۷۸ء میں ہوگئی تھی۔

رشد: یہ شادی آپ کی پسند کی تھی یا والدین کی پسند کی؟

شیخ: میری شادی سگی پھوپھو کے گھر میں ہوئی اور والدین کی پسند کی تھی البتہ کچھ پسند میری بھی شامل تھی۔

رشد: آپ کی بیوی تعلیم یافتہ خاتون ہیں؟

شیخ: جی ہاں! اس وقت انہوں نے میٹرک کر رکھا تھا اور ترجمہ وغیرہ بھی جانتی تھیں۔

رشد: آپ کی زندگی میں ان کی وجہ سے آپ کے کام میں کوئی خلل واقع ہوا؟

شیخ: نہیں! ایسی کوئی بات نہیں ہے بلکہ تعلیمی امور میں انہوں نے میرے ساتھ بہت زیادہ تعاون کیا، کیونکہ اگر میں تعلیمی مصروفیات کی بنیاد پر رات کے دو بجے بھی گھر آتا تھا تو بھی انہوں نے کبھی شکایت نہیں کی۔

رشد: آپ کے خاندان میں آپ سے پہلے بھی کوئی عالم یا قاری موجود تھا؟

شیخ: مجھ سے پہلے ہمارے خاندان میں قاری تو کوئی موجود نہیں تھا البتہ میرے تایا اور ایک ماموں امرتسر میں پانچ یا چھ سال مدرسے میں پڑھتے رہے ہیں۔ حافظ ابراہیم کمیرپوری ان کے کلاس فیلو تھے۔لیکن تایا جی بعد میں اپنی تجارت میں مشغول ہوگئے تھے۔اس کے علاوہ میرے ایک ماموں بھی امرتسر میں تین چار سال مدرسہ میں پڑھتے رہے لیکن کسی نے بھی مستقل طور پر اس لائن کو اختیار نہیں کیا۔

رشد: آپ کے کتنے بیٹے اور بیٹیاں ہیں؟

شیخ: میرے چار بیٹے جبکہ دو بیٹیاں ہیں۔ میری بڑی بیٹی میٹرک تعلیم اور درس نظامی کی فارغ ہے۔اس کی شادی قاری سیف اللہ کے بیٹے احمد حسن کے ساتھ ہوئی۔ اس کے بعد چھوٹا بیٹا عمر جسے دینی تعلیم کی طرف لگایا، لیکن وہ اس طرف چل نہ سکا۔اب وہ سناروں کا کام کرتا ہے۔اس سے چھوٹا بیٹا ابوبکر ہے۔ اس نے مڈل تک تعلیم حاصل

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

کرنے کے بعد حفظ کیا، تجوید پڑھی اور درس نظامی کیا ہے۔ کچھ عرصہ قبل جامعہ اسلامیہ گوجرانوالہ سے فارغ ہوکر آیا ہے اس وقت وہ سبعہ کر رہا ہے اور میرے ساتھ پڑھا بھی رہا ہے۔
اس سے چھوٹا اویس ہے اس نے بھی پہلے مڈل کیا، پھر حفظ کے بعد تجوید پڑھی۔ اس وقت وہ ستیانہ بنگلہ میں تیسری کلاس میں پڑھ رہا ہے۔ چوتھا بیٹا اس وقت میٹرک کر چکا ہے اور اب کسی کالج میں کوئی ٹیکنیکل کورس کر رہا ہے۔ سب سے چھوٹی بیٹی نے اس دفعہ نویں کلاس کا امتحان دیا ہے۔

رشد: عمومی طور پر جو لوگ امت کو سنوارنے کا کام کرتے ہیں وہ بعض دفعہ اپنی اولاد پر توجہ کم دے پاتے ہیں۔ آپ کے ساتھ کوئی ایسا مسئلہ تو نہیں پیش آیا؟

شیخ: شروع شروع میں عدم توجہی رہی ہے، لیکن اب میں اپنی اولاد کا پورا پورا خیال رکھنے کی کوشش کرتا ہوں۔ شروع شروع میں، میں سات بجے پیدل چل کر مدرسہ میں پہنچ جاتا تھا۔ عربی کی کتابیں، تجوید کی کتابیں اور سبعہ میں خود اکیلا پڑھاتا رہا ہوں پھر تین چار سال بعد جا کر میں نے عربی کا معاون رکھا تھا۔

رشد: جامعہ اسلامیہ گوجرانوالہ اور سعودیہ میں آپ کی تعلیمی قابلیت کیسی تھی؟

شیخ: میری تعلیمی حالت درمیانی تھی اور اس کی بھی ایک خاص وجہ تھی جسے حادثے کا نام دیا جاسکتا ہے وہ یہ کہ جب میں شیخ مرصفی رحمہ اللہ سے پہلے سال پڑھنا شروع کیا تو ایک رات شیخ عبدالرافع اور شیخ جعد ان سے ملنے کے لیے آئے۔ اصل میں شیخ مرصفی رحمہ اللہ کے بیٹے کا چھوٹا سا ایکسیڈنٹ ہوا تھا۔ دونوں شیوخ اسی وجہ سے شیخ مرصفی رحمہ اللہ کو ملنے آئے تھے۔ شیخ مرصفی رحمہ اللہ اسی وقت مجھے کہنے لگے: 'لك موت' پھر مجھ سے پوچھا کہ شیوخ کے پوچھنے پر تم انہیں کیا بتاؤ گے کہ ادھر بچے کا پتہ لینے آئے ہو یا مجھ سے پڑھتے ہو۔ میں نے کہا: میں تو سچ بولوں گا کہ آپ سے پڑھتا ہوں۔ شیخ مرصفی رحمہ اللہ اندر کسی کام سے گئے تو شیخ عبدالرافع نے مجھ سے پوچھا کیا آپ شیخ صاحب سے پڑھتے ہیں؟ میں نے اثبات میں جواب دیا۔ پھر تین سال ان شیوخ نے جتنا مجھے تنگ کیا وہ قابل بیان نہیں ہے۔

رشد: اس کی کوئی خاص وجہ؟

شیخ: اس کی وجہ شیخ مرصفی رحمہ اللہ کے ساتھ حسد تھا۔ شیخ عبدالرازق کا شیخ مرصفی رحمہ اللہ کے ساتھ بہت زیادہ پیار تھا جبکہ عبدالرافع رضوان، شیخ سیبویہ سالم المحیصن اور شیخ جادو، شیخ مرصفی رحمہ اللہ کے ساتھ بہت حسد رکھتے تھے اور اس کی وجہ شیخ مرصفی رحمہ اللہ کی قابلیت تھی۔ ان کی بات میں بہت وزن ہوتا تھا۔ اس کے بعد امتحانوں میں بھی وہ میرے نمبر عمداً کم لگاتے تھے۔ وہ لڑکے جو شاطبی میرے سے پڑھتے تھے، ان کے نمبر مجھ سے زیادہ ہوتے تھے۔

رشد: دوران تعلیم کس کھیل کا شوق تھا؟

شیخ: شروع سے لے کر آج تک میں کسی کھیل کی جانب راغب نہیں ہوا۔

رشد: آپ کے والدین حیات ہیں؟

شیخ: نہیں! میرے والدین وفات پا چکے ہیں۔

رشد: آپ کی زندگی کی سب سے بڑی خواہش کیا ہے؟

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

شیخ: جو پڑھا ہے اور پڑھایا ہے اللہ تعالیٰ اسے قبول کرلے اور خاتمہ ایمان پر ہو۔
رشد: آپ کے بھائی کتنے ہیں؟
شیخ: ہم کل چھ بھائی ہیں اور میرا نمبر دوسرا ہے۔
رشد: آپ کی بہنیں کتنی ہیں؟
شیخ: میری تین بہنیں ہیں جوکہ شادی شدہ ہیں۔
رشد: دوران تعلیم کسی مشکل کا سامنا کرنا پڑا؟
شیخ: دوران تعلیم میں کافی بیمار رہا ہوں۔اس سلسلے میں ایک واقعہ سناتا ہوں۔

میں جب جامعہ اِسلامیہ گوجرانوالہ میں تھا۔ایک دن ہم کچھ دوست مل کر کینو کھا رہے تھے۔لڑکے عموماً چونکہ مجلس میں مذاق وغیرہ کرتے رہتے ہیں۔اسی طرح کسی لڑکے نے مذاق کیا تو ہم ہنسنا شروع ہوگئے۔اسی دوران مجھے ہچکی لگ گئی جو ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی اور اس کی وجہ سے میرے سینے میں درد بھی شروع ہوگیا حتیٰ کہ اگلے دن منہ سے خون آنا بھی شروع ہوگیا۔

اس کے علاوہ حفظ کے دوران میں کافی بیمار رہا۔گردے میں تکلیف بھی شروع ہوئی تھی۔اس وقت میں جامعہ اسلامیہ گوجرانوالہ میں تھا۔ڈاکٹر نے کہا کہ یہ چھ سات ماہ مکمل آرام کرے، دوائی کھائے اس کے بعد یہاں آسکتا ہے،لیکن مجھے چین نہیں آرہا تھا۔میں پندرہ بیس دن بعد والدہ کے روکنے کے باوجود بضد ہوکر مدرسہ پہنچ گیا۔ادھر جاکر مولانا ابوالبرکات رحمہ اللہ کو بتایا تو انہوں نے کہا کہ تم پھر اس طرح کرو کہ صبح کی سنتوں اور نماز کے دوران ۴۱ مرتبہ الحمد شریف اور ۴۱ مرتبہ درود شریف پڑھا کرو۔میں یہ وظیفہ کرتا رہا یہاں تک اللہ تعالیٰ نے مجھے مکمل شفا دے دی۔

رشد: بھائیوں کے نام ترتیب وار بتائیں؟
شیخ: محمد یونس، ادریس عاصم، سعید احمد، خالد محمود، طاہر محمود اور شاہد محمود
رشد: آپ کے اَساتذہ کے ساتھ کیسے تعلقات تھے؟
شیخ: اَساتذہ کے ساتھ میں بہت قرابت رکھتا تھا۔میں اس سلسلے میں ایک واقعہ گوش گزار کرتا ہوں۔

جب میں مدینہ یونیورسٹی میں پڑھتا تھا تو شیخ مرصفی رحمہ اللہ جب ہمیں پڑھانے آتے تو ساتھ برگر ٹائپ ایک چیز جسے ادھر 'سمولی' کہا جاتا ہے، لے کر آتے اور پیریڈ کے بعد جب وقفہ ہوتا تو وہ اس کے ساتھ ناشتہ کرتے۔ایک دن انہوں نے مجھے بلایا اور آدھا ریال دے کر کہا کہ چائے لے کر آؤ۔میں کینٹین کے گلاس ہی میں چائے لے کر حاضر ہوگیا۔شیخ مرصفی رحمہ اللہ نے آدھی سمولی توڑ کر مجھے دی کہ آپ کھالیں۔اس کا ذائقہ عجیب سا ہونے کی وجہ سے میں نے اسے بڑی مشکل سے کھایا۔دوسرے دن پھر ایسا ہی ہوا۔شیخ مرصفی رحمہ اللہ نے مجھے آدھا ریال چائے لانے کے لیے دیا۔میں جب کینٹین کے گلاس میں چائے ڈال کر جانے لگا تو کینٹین والا مجھے بلا کر کہنے لگا کہ یہ گلاس ساتھ لے جانے کی اجازت نہیں ہے۔میں نے کہا کہ استاد جی کے لیے ہے تو اس نے کہا کہ آج تو لے جاؤ،لیکن کل سے یہ نہیں ملے گا۔میں اسی دن بازار گیا اور تین ریال کا ایک بڑا خوبصورت گلاس اور ایک چمچ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خریدی۔ شیخ مرصفی رحمہ اللہ نے جب اگلے دن مجھے بلایا تو میں نے اس گلاس میں چائے پیش کردی۔ شیخ مرصفی رحمہ اللہ نے پوچھا یہ کیا ہے؟ میں نے سارا ماجرا سنایا کہ کینٹین والے نے گلاس لے جانے سے منع کیا تھا۔لہٰذا میں اپنا گلاس لے کر آ گیا۔ شیخ مرصفی رحمہ اللہ بہت خوش ہوئے اور مجھے دعا دی۔ ”فتح الله عليك فتوح العارفين“ پھر انہوں نے مجھ سے کہا کہ تم ادھر سے فارغ ہو جاؤ تو یہ گلاس مجھے دے کر جانا۔ پھر میں آتی دفعہ وہ گلاس اور چمچ شیخ کو دے کر آیا تھا۔

رشد: آپ کا پسندیدہ کھانا کون سا ہے؟

شیخ: کھانا کوئی خاص تو نہیں البتہ میٹھی چیز زیادہ پسند ہے۔

رشد: آپ کے وہ کون سے شاگرد ہیں جو آپ کے زیادہ قریب ہیں؟

شیخ: میرا تو سارے شاگردوں کے ساتھ ہی بہت اچھا تعلق ہے البتہ کچھ شاگرد زیادہ قریب ہیں۔ ان میں قاری نجم الصبیح ، عبدالباسط منشاوی، قاری ابوبکر عثمانی وغیرہ۔

رشد: سبعہ احرف کی تعداد معین ہے یا اس سے مراد تعدد ہے؟

شیخ: سبعہ احرف سے مراد عدد معین ہے۔

رشد: آپ کے نزدیک پھر عدد سے مراد سبعہ وجوہ ہے یا سبعہ لغات؟

شیخ: سبعہ وجوہ۔ میں نے تو کہا ہے کہ ’’أوجه مقروءة مختلفة لا تزيد عن سبعة‘‘ کچھ لغات ایسی ہیں جنہیں اب قراءات ہی کہا جاتا ہے۔ فتحہ اور امالہ وغیرہ جیسی جو لغات، لیکن اب ہم انہیں قراءات ہی کہیں گے۔

رشد: ثبوت قراءات کے لیے جو تین شرطیں مقرر ہیں کیا ان تینوں کا پایا جانا ضروری ہے؟

شیخ: اصل تو تواتر ہے جبکہ باقی شرطیں ضروری نہیں، اصل اساس یہ ہے کہ ’’وصح إسناداً هو القرآن‘‘ صحیح اسناد ہی تواتر ہے۔ اور ایسا تواتر جس میں قطعیت پائی جائے۔

رشد: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اختلاف قراءات کو ختم کیا تھا یا کسی اور چیز کو؟

شیخ: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے قراءات کو ختم نہیں کیا۔ قراءات کو تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی ختم نہیں کر سکتے، کیونکہ یہ اللہ نے نازل کی ہیں۔

رشد: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کیا کام کیا تھا؟

شیخ: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ایسے رسم پر قرآن کو لکھوایا تھا کہ جن پر وہ تمام اختلافات، جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہیں سارے منطبق ہوں یعنی وہ جمع رسمی تھی۔

رشد: جو پہلے مصاحف لکھے جا چکے تھے کیا وہ رسم کے مطابق نہ تھے اگر ہم کہتے ہیں کہ رسم توقیفی ہے تو پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کیا کام کیا تھا؟

شیخ: اس میں دو مذہب ہیں۔ ہمارے پاکستانی مشائخ قاری اظہار احمد رحمہ اللہ وغیرہ کا کہنا تھا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے جو مصاحف لکھوائے ہیں وہ صرف قرآن کو ایک جگہ جمع کرنے کے لیے تھے۔ لیکن سعودیہ کے مشائخ رسم عثمانی کی موافقت کرتے تھے، لیکن یہ مصحف عام نہیں ہوا تھا بلکہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس رہا پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

کے پاس رہا اس کے بعد حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس چلا گیا۔ پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو جمع کر کے کہا کہ وہ لوگ کھڑے ہو جائیں جن کے سامنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے «أنزل القرآن علی سبعة أحرف» فرمایا ہے تو لا تعداد لوگ کھڑے ہو گئے۔ پھر انہوں نے جو مصاحف لکھوائے وہ ایسے مصاحف تھے جن پر باقاعدہ قراءات منطبق ہوتی تھیں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے صرف یہ کام کیا ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مصحف سے نقل کیا ہے۔ یعنی انہوں نے نقلیں تیار کی ہیں جسے موجودہ دور میں ہم فوٹو کاپی کا نام دیتے ہیں۔

رشد: پھر اسے رسم عثمانی کہنے کی کیا وجہ ہے؟

شیخ: یہ کام چونکہ ان کے زمانے میں ہوا ہے اس لیے اسے یہ نام دیا گیا۔

رشد: کیا رسم الخط توقیفی ہے؟ اگر توقیفی ہے تو اس میں اختلاف کیا ہے؟

شیخ: رسم الخط توقیفی ہے اور اختلاف صرف وہ لوگ کرتے ہیں جو جانتے نہیں ہیں۔

رشد: کیا قرآن خبر واحد سے ثابت ہو سکتا ہے؟

شیخ: اس کے لیے قطعیت ضروری ہے۔

رشد: قرآن اور قراءات ایک چیز ہیں یا دو مختلف چیزیں؟

شیخ: قرآن اور قراءات ایک ہی چیز ہیں۔

رشد: منکر قراءات کا کیا حکم ہے؟

شیخ: منکر قراءات قرآن کا منکر ہے لہٰذا وہ کافر ہے۔

رشد: قراءاتِ شاذۃ کا کیا حکم ہے؟

شیخ: قراءاتِ شاذۃ کے بارے قرآنیت کا اعتقاد رکھنا ضروری نہیں ہے۔ البتہ مسائل کے استنباط میں اس کو لیا جا سکتا ہے۔

رشد: موجودہ قراءات کل سبعہ احرف ہیں یا سبعہ احرف کا بعض حصہ ہیں؟

شیخ: موجودہ قراءات کل سبعہ احرف ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عرضہ اخیرہ میں جو منسوخ کی گئی ہیں ان کے علاوہ سب موجود ہیں۔

رشد: بعض ائمہ قراءات پر محدثین نے جرح کی ہے۔ اس جرح کے باوجود کیا وہ اس مقدس کلام کو نقل کر سکتے ہیں؟

شیخ: محدثین نے ان کے حدیث کے حوالے سے جرح کی ہے۔ قرآن میں ان کی ثقاہت متفق علیہ ہے۔

رشد: حضرت جبرئیل علیہ السلام کا جو آخری دور ہوا تھا وہ سبعہ احرف کے مطابق ہوا تھا یا کہ کسی ایک کے؟

شیخ: سبعہ احرف کے مطابق ہوا تھا۔

رشد: اس کا طریقہ کار کیا تھا؟

شیخ: آپ صلی اللہ علیہ وسلم تمام اختلافات پڑھتے جاتے تھے۔

رشد: اس کا مطلب ہے کہ جمع الجمع اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے؟

شیخ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت ہشام رضی اللہ عنہ کا اسی وجہ سے اختلاف ہوا تھا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رشد: اگر قراءات منزل من اللہ ہیں تو ان کی نسبت رجال کی طرف کیوں ہوتی ہے؟
شیخ: کثرت تعلق کی وجہ سے ان کی طرف نسبت ہوتی ہے۔انہوں نے اس کو بہت زیادہ پڑھا اور پڑھایا ہے۔
رشد: تحریرات کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟
شیخ: اس میں شدت اختیار نہیں کرنی چاہئے۔
رشد: شاطبیۃ، درۃ اور طیبۃ کیا تمام قراءات پر مشتمل ہیں یا بعض قراءات ان سے باہر بھی ہیں؟
شیخ: بعض نے لکھا ہے کہ ایسی وجوہات موجود ہیں جو صحیح ہیں اور اس کے باہر موجود ہیں۔
رشد: طلباء کے لیے کوئی پیغام؟
شیخ: اپنے اَساتذہ کا دل سے احترام کریں اور اگر کچھ بننا چاہتے ہیں تو شدید محنت کریں۔
رشد: اَساتذہ کے لیے کوئی پیغام، خصوصاً تجوید کے اَساتذہ کے لئے؟
شیخ: اَساتذہ کے لیے بھی پیغام یہی ہے کہ وہ اپنے اَساتذہ کے ساتھ ہمیشہ تعلق قائم رکھیں۔تلقی یہی ہے کہ وہ اساتذہ کی خدمت میں حاضر ہوتے رہیں۔’’و صحبة أستاذ وطول زمان‘‘

میں جب جامعہ اسلامیہ گوجرانوالہ میں پڑھتا تھا تو تقریباً ایک ماہ کے بعد گھر واپسی ہوتی جب میں گھر آتا تو والدہ وغیرہ سے مل کر فوراً گھر سے نکل جاتا۔ والدہ کہتی کہ ایک ماہ بعد گھر آئے ہو پھر بھی آرام سے نہیں بیٹھ رہے اور میری نظر گھڑی پر ہوتی تھی کہ قاری اظہار احمد رحمہ اللہ نے اس وقت جزری کا سبق پڑھانا ہے اور اس وقت شاطبی کا سبق پڑھانا جو میں نے سننا ہے۔

علاوہ ازیں استاد کے لیے مطالعہ از حد ضروری ہے۔ مطالعے کے بغیر استاد، استاد نہیں ہے اور اساتذہ کو اس بات کا بھی خیال رکھنا چاہئے کہ وہ اپنے اساتذہ کو تلاوت سنا کر اپنی خامیوں کو دور کریں اور تجوید وقراءات کے فن کی کتابیں ضرور خریدیں۔

معذرت

ماہنامہ رُشد قراءات نمبر (حصہ اوّل) کے بعض مقامات پر سہواً حفظہ اللہ اور رحمہ اللہ کا اختلاط ہوا ہے، یا پھر کمپوزنگ کی غلطی کی وجہ سے بعض حضرات کے ناموں کے ساتھ رحمہ اللہ کا اضافہ ہوگیا ہے، خصوصاً صفحہ نمبر ۴۷۰ پر منکر قراءات علامہ تمنا عمادی کے نام کے ساتھ رحمہ اللہ لکھا گیا ہے۔ اس غلطی پر ادارہ تمام قارئین سے معذرت خواہ ہے۔ (ادارہ)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قاری محمد حسین ☆

سابقہ ادوار میں لکھی گئی کتب قراءات کا جائزہ

دورِ حاضر کے وہ دانشور اور 'محققین' جو حدیث وقراءات کے انکار میں پیش پیش ہیں اور خبر و روایت کے نام سے چڑ رکھتے ہیں اور ان کے مطابق کسی شے کے ثابت ہونے کا اصل ذریعہ تعامل یا بالفاظ دیگر 'تواتر عملی' ہے، زیر نظر مضمون میں فاضل مضمون نگار نے شرح سبعہ قراءات از شیخ المشائخ قاری محی الاسلام پانی پتی رحمہ اللہ، عنایات رحمانی از شیخ القراء قاری فتح محمد پانی پتی رحمہ اللہ، معجم مصنفات القرآن از ڈاکٹر علی شواخ اسحاق حفظہ اللہ اور جبیرۃ الجراجات فی حجیۃ القراءات از قاری صہیب احمد میر محمدی حفظہ اللہ کی روشنی میں پچھلی چودہ صدیوں میں لکھی گئی کتب تجوید وقراءات کی ایک جامع فہرست مرتب کی ہے، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ قراءات قرآنیہ جہاں خبر و روایت سے ثابت ہیں، وہاں اُمت میں انہیں اہل علم کا مسلسل تصنیفی تعامل اور ہر دور میں قبولیت عامہ حاصل رہا ہے۔ [ادارہ]

پہلی صدی ہجری

① وضع رموز الضبط الدالة على الحركات والتنوين أبوالاسود الدؤلي [م ۶۹ھ]

② یحیٰ بن یعمر رحمہ اللہ [م ۸۹ھ] نے پہلی کتاب لکھی۔ چنانچہ سیزگن اور الفضلی نے بھی اسی کی تصدیق کی ہے۔

دوسری صدی ہجری

① المقطوع والموصول في القرآن از عبداللہ بن طاہر بن یزید یحصبی رحمہ اللہ [م ۱۱۸ھ]

② اعشار القرآن از قتادہ رحمہ اللہ [م ۱۱۸ھ]

③ اختلاف مصاحف الشام والحجاز والعراق از ابن عامر یحصبی رحمہ اللہ [م ۱۱۸ھ]

④ الاختيار في القراءات على مذهب العربية [م ۱۲۳ھ]

⑤ منظومة في القراءات از ابراہیم بن محمد بن ابی بکر بن علی المقدس القاھری رحمہ اللہ [۱۲۳ھ]

⑥ الجامع۔ عاصم بن ابی النجود رحمہ اللہ ۱۲۷ھ

⑦ القراءات از ابان بن تغلب کوفی رحمہ اللہ [م ۱۴۱ھ]

⑧ القراءات از مقاتل بن سلیمان رحمہ اللہ [م ۱۴۱ھ]

⑨ إجراء ثلاثمأة و ستين عمروبن عبيد المعتزلي [م ۱۴۴ھ]

⑩ الاختيار۔ عیسیٰ بن عمر الثقفی رحمہ اللہ [م ۱۴۹ھ]

☆ فاضل کلیۃ القرآن، جامعہ لاہور الاسلامیہ ورکن مجلس التحقیق الاسلامی، لاہور

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

⑪ القراء ت ازحمزہ زیات رحمہ اللہ [ت۱۵۶ھ]
⑫ القراء ات الزائدۃ از ابن قدامہ ثقفی رحمہ اللہ [ت۱۶۱ھ]
⑬ القراءۃ نافع بن عبدالرحمٰن بن ابی نعیم اللیثی رحمہ اللہ [۱۶۹ھ]
⑭ القراء ات از ہارون نحوی رحمہ اللہ [ت۱۷۰ھ]
⑮ مفرد عاصم بن بهدلة بن ابی النجود از ابوعمر حفص بن سلیمان الاسعدی الکوفی رحمہ اللہ [۱۸۰ھ]
⑯ القراء ات از ابومعاویۃ ہیثم بن بشیر بن قاسم السلمی رحمہ اللہ [۱۸۳ھ]
⑰ القراء ات (وھو کتاب الکبیر) از عباس بن الفضل الأنصاری الواقفی رحمہ اللہ [۱۸۶ھ]
⑱ رسالة مشتملة علی مسائل لحمزة و ھشام وورش از عثمان بن سعید بن عبداللہ مصری رحمہ اللہ [۱۹۷ھ]

تیسری صدی ہجری

① الجامع از یعقوب بن اسحاق حضرمی رحمہ اللہ
② قراء ۃ أبی عمرو بن العلاء از یحیٰ بن مبارک یزیدی رحمہ اللہ [ت۲۰۲ھ]
③ وجوہ القراء ات از یعقوب بن اسحاق بن زید الحضرمی البصری رحمہ اللہ [۲۰۵ھ]
④ کتاب القراء ات از قاضی ابوعبید القاسم بن سلام بغدادی رحمہ اللہ [ت۲۲۴ھ]
⑤ الجامع فی القراء ات۔ محمد بن سعدان الکوفی رحمہ اللہ [ت۲۳۱ھ]
⑥ القراء ات از ابوجعفر محمد بن ابراہیم بن سعدان بن المبارک الکوفی رحمہ اللہ [۲۳۱ھ]
⑦ المجرد فی القراء ات از ابوجعفر محمد بن ابراہیم بن سعدان الکوفی رحمہ اللہ [۲۳۱ھ]
⑧ قراء ت النبی از ابوعمر حفص بن عمرو دوری رحمہ اللہ [ت۲۴۶ھ]
⑨ کتاب القراء ات از ابوحاتم سہل بن محمد بن عثمان سجستانی رحمہ اللہ [ت۲۴۸ھ]
⑩ کتاب فی القراء ات از ابوہاشم محمد بن یزید بن کثیر بن رفاعہ الرفاعی رحمہ اللہ [۲۴۸ھ]
⑪ کتاب الخمسة از احمد بن جبیر بن محمد کوفی رحمہ اللہ [ت۲۵۸ھ]
⑫ کتاب القراء ات از احمد بن جبیر بن محمد کوفی رحمہ اللہ [ت۲۵۸ھ]
⑬ آداب القراء ات از عبداللہ بن مسلم نحوی بغدادی معروف بہ ابن قتیبہ رحمہ اللہ [ت۲۶۷ھ]
⑭ کتاب القراء ات از قاضی ابواسحاق اسماعیل بن اسحاق بن اسماعیل رحمہ اللہ [ت۲۸۲ھ]
⑮ کتاب القراء ات از ابوالعباس احمد بن یحیٰ شیبانی رحمہ اللہ [ت۲۹۱ھ]
⑯ کتاب الشواذ از ابوالعباس احمد بن یحیٰ شیبانی رحمہ اللہ [ت۲۹۱ھ]

چوتھی صدی ہجری میں لکھی جانے والی کتب

① البیان از امام عبدالواحد رحمہ اللہ
② کتاب السبعة از النقاش رحمہ اللہ
③ معجم کبیر از النقاش رحمہ اللہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

④ معجم اوسط از النقاش رحمہ اللہ
⑤ معجم صغیر از النقاش رحمہ اللہ
⑥ منشاء القراء ات از ابوالفتح رحمہ اللہ
⑦ کتاب السبعة (مشہور سبعہ قراءات پر پہلی کتاب) از ابوبکر بن مجاہد رحمہ اللہ
⑧ توضیح المشکل فی القرآن از سعید بن محمد الغسانی رحمہ اللہ [۳۰۲ھ]
⑨ الجامع از ابوجعفر محمد ابن جریر طبری (مشہور مؤرخ) رحمہ اللہ [ت ۳۱۰ھ]
⑩ القراءات۔عبداللہ بن سلیمان بن الأشعث السجستانی رحمہ اللہ ۳۱۶ھ
⑪ احتجاج القراء از ابن سراج شمس الدین محمد بن اسدی مصری رحمہ اللہ [ت ۳۱۹ھ]
⑫ کتاب القراء ات از ابوبکر محمد بن احمد بن عمر الداجونی رحمہ اللہ [ت ۳۲۴ھ]
⑬ اختلاف قراء ة الامصار از احمد بن موسیٰ بن عباس بن مجاہد رحمہ اللہ [ت ۳۲۴ھ]
⑭ الشواذ فی القراء ات از ابوبکر احمد بن موسیٰ بن العباس التمیمی المعروف بابن مجاہد رحمہ اللہ [۳۲۴ھ]
⑮ کتاب القراء ات الکبیرة از ابوبکر احمد بن موسیٰ بن العباس التمیمی المعروف بابن مجاہد رحمہ اللہ [۳۲۴ھ]
⑯ اختلاف القراء ات وتعریف وجوھها از ابوبکر احمد بن موسیٰ بن العباس التمیمی المعروف بابن مجاہد رحمہ اللہ [۳۲۴ھ]
⑰ السبعه فی منازل القراء از ابوبکر احمد بن موسیٰ بن العباس بن مجاہد رحمہ اللہ [۳۲۴ھ]
⑱ اختلاف قراء الامصار۔ابوبکر احمد بن موسیٰ بن العباس بن مجاہد رحمہ اللہ [۳۲۴ھ]
⑲ امام نافع، ابن کثیر مکی، ابوعمرو بصری، ابن عامر شامی، امام عاصم، امام کسائی اور امام حمزہ رحمۃ اللہ علیہم کی قراءات پر الگ الگ بھی مستقل کتابیں لکھی ہیں۔[۳۲۴ھ]
⑳ القصیدة الخاقانیة فی القراء ات از موسیٰ بن عبداللہ بن یحییٰ الخاقانی رحمہ اللہ [۳۲۵ھ]
㉑ شواذ القراء ات از ابوالحسن محمد بن احمد بن ایوب ابن شنبوذ رحمہ اللہ [۳۲۸ھ]
㉒ المصاحف از ابوبکر عبداللہ بن سلیمان الاشعث سجستانی رحمہ اللہ [ت ۳۴۸ھ]
㉓ قراء ة أعمش از ابوطاہر عبدالواحد بن عمر بن محمد البغدادی رحمہ اللہ [۳۴۹ھ]
㉔ شواذ السبعه از ابوطاہر عبدالواحد بن عمر بن محمد بن ابی ہاشم بغدادی رحمہ اللہ [۳۴۹ھ]
㉕ القراء ات از ابوبکر احمد بن کامل بن خلف بن شجرة البغدادی رحمہ اللہ [۳۵۰ھ]
㉖ قراء ة أعمش از ابوعلی حسن بن داؤد النقاد الکوفی رحمہ اللہ [۳۵۲ھ]
㉚ قراء ة حمزه از ابوعیسیٰ بکار بن احمد بن بکار البغدادی رحمہ اللہ [۳۵۲ھ]
㉛ قراء ة الکسائی از ابوعیسیٰ بکار بن احمد بن بکار البغدادی رحمہ اللہ [۳۵۲ھ]
㉜ الصحاح فی القراء ات از ابوبکر محمد بن حسن بن یعقوب بن حسن بغدادی رحمہ اللہ [۳۵۴ھ]
㉝ المصاحف از ابوبکر محمد بن عبداللہ بن محمد بن اشتہ رحمہ اللہ [ت ۳۶۰ھ]

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

٣٤ المحبر فی القراء ات از ابوبکر محمد بن عبداللہ بن محمد بن اشتہ رحمہ اللہ [ت ٣٦٠ھ]
٣٥ السبعة الاصغر فی القراء ات از ابوبکر محمد بن الحسن بن مقسم بغدادی رحمہ اللہ [٣٦٢ھ]
٣٦ السبعہ الأوسط از ابوبکر محمد بن الحسن بن مقسم بغدادی رحمہ اللہ [٣٦٢ھ]
٣٧ السبعة الاکبر از ابوبکر محمد بن الحسن بن مقسم بغدادی رحمہ اللہ [٣٦٢ھ]
٣٨ کتاب القراء ات از ابوبکر احمد بن نصر بن منصور شذانی رحمہ اللہ [ت ٣٧٠ھ]
٣٩ البدیع فی القراء ات السبع از ابوبکر احمد بن نصر بن منصور شذانی رحمہ اللہ [ت ٣٧٠ھ]
٤٠ کتاب القراء ات از حسین بن عبداللہ نحوی المعروف بابن خالویہ رحمہ اللہ [ت ٣٧٠ھ]
٤١ کتاب القراء ات از حسین بن عبداللہ نحوی المعروف بابن خالویہ رحمہ اللہ [ت ٣٧٠ھ]
٤٢ شرح کتاب السبعہ لابن مجاھد از حسین بن عبداللہ نحوی المعروف بابن خالویہ رحمہ اللہ [ت ٣٧٠ھ]
٤٣ الحجة فی القراء ات السبعة از حسین بن عبداللہ نحوی المعروف بابن خالویہ رحمہ اللہ [ت ٣٧٠ھ]
٤٤ مختصر من شواذ القرآن از حسین بن عبداللہ نحوی المعروف بابن خالویہ رحمہ اللہ [ت ٣٧٠ھ]
٤٥ تعلیل القراء ات العشر ازھری از حسین بن عبداللہ نحوی المعروف بابن خالویہ رحمہ اللہ [ت ٣٧٠ھ]
٤٦ أسئلة وأجوبة فی التجوید از حسین بن عبداللہ نحوی المعروف بابن خالویہ رحمہ اللہ [ت ٣٧٠ھ]
٤٧ رسالة عن البسملة فی آخر براء ة از حسین بن عبداللہ نحوی المعروف بابن خالویہ رحمہ اللہ [ت ٣٧٠ھ]
٤٨ اعراب القراء ات السبع وعللها از حسین بن عبداللہ نحوی المعروف بابن خالویہ رحمہ اللہ [ت ٣٧٠ھ]
٤٩ الحجة لاختلاف القراء از ابوعلی الحسن بن احمد بن عبدالغفار الفارسی رحمہ اللہ [٣٧٧ھ]
٥٠ شرح کتاب السبعہ لابن مجاھد از ابوعلی الحسن بن احمد فارسی رحمہ اللہ [ت ٣٧٧ھ]
٥١ تذکرہ فی سبعہ از ابوالحسن طاہر بن احمد نحوی بغدادی رحمہ اللہ [ت ٣٨٠ھ]
٥٢ الغایة فی العشرة از ابوبکر احمد بن حسین ابن مہران رحمہ اللہ [ت ٣٨١ھ]
٥٣ شامل از ابوبکر احمد بن حسین ابن مہران رحمہ اللہ [ت ٣٨١ھ]
٥٤ کتاب مذھب حمزہ فی الھمز فی الوقف از ابوبکر احمد بن حسین ابن مہران رحمہ اللہ [ت ٣٨١ھ]
٥٥ کتاب طبقات القراء از ابوبکر احمد بن حسین ابن مہران رحمہ اللہ [ت ٣٨١ھ]
٥٦ کتاب المدات از ابوبکر احمد بن حسین ابن مہران رحمہ اللہ [ت ٣٨١ھ]
٥٨ کتاب الاستعاذة از ابوبکر احمد بن حسین ابن مہران رحمہ اللہ [ت ٣٨١ھ]
٥٩ الغایة فی القراء ات العشر از ابوبکر احمد بن حسین بن مہران اصبہانی رحمہ اللہ [ت ٣٨١ھ]
٦٠ القراء ات السبعة از ابوبکر احمد بن حسین بن مہران اصبہانی رحمہ اللہ [ت ٣٨١ھ]
٦١ المبسوط فی القراء ات العشر از ابوبکر احمد بن حسین بن مہران اصبہانی رحمہ اللہ [ت ٣٨١ھ]
٦٢ غرائب القراء ات از ابوبکر احمد بن الحسن ابن مھران نیشاپوری رحمہ اللہ [٣٨١ھ]
٦٣ کتاب القراء ات (یہ ان کتابوں میں سے پہلی کتاب ہے جس میں پہلے اصول اور پھر فروش بیان ہوئے ہیں)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

از ابوالحسن علی بن عمر بن احمد دارقطنی رحمہ اللہ [ت ۳۸۵ھ]

⑭ القراء ات السبع عند الأئمة السبعة از ابواحمد عبداللہ بن الحسن السامری رحمہ اللہ [۳۸۶ھ]

⑮ المفصح از عبیداللہ بن محمد اسدی نحوی رحمہ اللہ [ت ۳۸۷ھ]

⑯ إکمال الفائدة فی القراء ات السبع از عبیداللہ بن محمد اسدی نحوی رحمہ اللہ [ت ۳۸۷ھ]

⑰ استکمال الفائدة از عبیداللہ بن محمد اسدی نحوی رحمہ اللہ [ت ۳۸۷ھ]

⑱ التهذیب لاختلاف نافع فی روایة ورش و ابی عمرو بن العلاء فی روایة الیزیدی واختلاف ورش و قالون عن نافع از ابوالخطیب بن غیون رحمہ اللہ [۳۸۹ھ]

⑲ المحتسب شرح کتاب الشواذ لابن مجاهد از ابوالفتح عثمان بن جنی رحمہ اللہ [ت ۳۹۲ھ]

⑳ ارشاد فی العشرة از ابوالطیب طاہر بن عبدالمنعم بن عبیداللہ بن غلبون المصری رحمہ اللہ [ت ۳۹۹ھ]

㉑ ما انفرد به بعض القراء از ابوطیب طاہر بن عبدالمنعم بن عبیداللہ بن غلبون المصری رحمہ اللہ [۳۹۹ھ]

㉒ المرشد فی القراء ات السبع از ابوطیب طاہر بن عبدالمنعم بن عبیداللہ بن غلبون المصری رحمہ اللہ [۳۹۹ھ]

㉓ معدلا از ابوالطیب طاہر بن عبدالمنعم بن عبیداللہ بن غلبون المصری رحمہ اللہ [ت ۳۹۹ھ]

㉔ تذکرہ فی القراء ات الثمان از ابوالطیب طاہر بن عبدالمنعم بن عبیداللہ بن غلبون المصری رحمہ اللہ [ت ۳۹۹ھ]

㉕ توضیح المشکل از ابوعثمان سعید بن محمد معروف بہ ابن حداد قیروانی رحمہ اللہ [ت ۴۰۰ھ]

پانچویں صدی ہجری میں لکھی جانے والی کتب

① منشأ القراء ات فی القراء ات الثمان از فارس بن احمد الحمصی رحمہ اللہ [ت ۴۰۱ھ]

② القراء ات از ابن النجار محمد بن جعفر بن محمد بن ھارون التمیمی رحمہ اللہ [۴۰۲ھ]

③ المنتهی فی القراء ات العشر از ابوالفضل محمد ابن جعفر خزاعی رحمہ اللہ [ت ۴۰۸ھ]

④ معانی القراء ات از ابوالعباس احمد بن قاسم الاندلسی رحمہ اللہ [۴۱۰ھ]

⑤ الکافی فی القراء ات السبع از محمد اسماعیل بن احمد سرخسی رحمہ اللہ [۴۱۴ھ]

⑥ الروضة از ابواسماعیل موسیٰ بن حسین رحمہ اللہ

⑦ الهاوی فی القراء ات از ابوعبداللہ محمد ابن سفیان قیروانی رحمہ اللہ [ت ۴۱۵ھ]

⑧ المجتبیٰ فی السبعة از ابوالقاسم عبدالجبار ابن احمد طرسوسی رحمہ اللہ [ت ۴۲۰ھ]

⑨ الواضح فی القراء ات السبعه از ابوالحسین احمد بن رضوان بن محمد بن جالینوس بغدادی رحمہ اللہ [۴۲۳ھ]

⑩ الروضة فی العشرة از ابوعمر احمد بن عبداللہ اندلسی رحمہ اللہ [ت ۴۲۹ھ]

⑪ الهدایة فی السبعة از ابوالعباس احمد بن ابی العباس المهدوی رحمہ اللہ [ت ۴۳۰ھ]

⑫ التیسیر از ابوالعباس احمد بن ابی العباس المهدوی رحمہ اللہ [ت ۴۳۰ھ]

⑬ بیان السبب الموجب لاختلاف القراء ات وکثرة الطرق والروایات از ابوعباس احمد بن عمار

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

المھدوی رحمہ اللہ [ت۴۳۰ھ]

⑭ الموضح فی علل القراء ات از ابوعباس احمد بن عمار المھدوی رحمہ اللہ [ت۴۳۰ھ]

⑮ التیسر فی القراء ات مخطوطہ ابوالعباس احمد بن عمار المھدوی رحمہ اللہ [۴۳۰ھ]

⑯ تبصرہ فی السبعۃ از ابومحمد مکی بن ابی طالب قیروانی الاندلسی رحمہ اللہ [ت۴۳۷ھ]

⑰ جزء فیہ تعدیل التجزئۃ بین الأئمۃ فی شھر رمضان از ابومحمد مکی بن ابی طالب رحمہ اللہ [ت۴۳۷ھ]

⑱ الابانۃ فی معانی القراء ات از ابومحمد مکی بن ابی طالب رحمہ اللہ [ت۴۳۷ھ]

⑲ تذکرۃ از ابومحمد مکی بن ابی طالب قیروانی الاندلسی رحمہ اللہ [ت۴۳۷ھ]

⑳ اختصار شرح کتاب السبعۃ لابن مجاھد از ابومحمد مکی بن ابی طالب قیروانی الاندلسی رحمہ اللہ [ت۴۳۷ھ]

㉑ کتاب الادغام از ابومحمد مکی بن ابی طالب قیروانی الاندلسی رحمہ اللہ [ت۴۳۷ھ]

㉒ الکشف عن وجوہ القراء ات السبع از ابومحمد مکی بن ابی طالب قیروانی الاندلسی رحمہ اللہ [ت۴۳۷ھ]

㉓ موجز از ابومحمد مکی بن ابی طالب قیروانی الاندلسی رحمہ اللہ [ت۴۳۷ھ]

㉔ التنبیہ علی اصول قراءۃ نافع از ابومحمد مکی بن ابی طالب رحمہ اللہ [۴۳۷ھ]

㉕ یاء ات مشددۃ از ابومحمد مکی بن ابی طالب قیروانی الاندلسی رحمہ اللہ [ت۴۳۷ھ]

㉖ الروضۃ فی العشرۃ از ابوعلی الحسن بن محمد بن ابراھیم مالکی بغدادی رحمہ اللہ [ت۴۳۸ھ]

㉗ قرأۃ اعمش از ابوعلی الحسن محمد ابن ابراھیم مالکی بغدادی رحمہ اللہ [ت۴۳۸ھ]

㉘ المفید فی العشر از ابونصر احمد بن مسرور بن عبدالوھاب بغدادی رحمہ اللہ [ت۴۴۲ھ]

㉙ جامع البیان از عثمان بن سعید ابن عثمان اندلسی رحمہ اللہ [ت۴۴۴ھ] (ان کی مختلف علوم پر تقریباً ۱۲۰ کتابیں ہیں)

㉚ تمھید از عثمان بن سعید ابن عثمان اندلسی رحمہ اللہ [ت۴۴۴ھ]

㉛ مفردہ لیعقوب از عثمان بن سعید ابن عثمان اندلسی رحمہ اللہ [ت۴۴۴ھ]

㉜ الایجاز از عثمان بن سعید ابن عثمان اندلسی رحمہ اللہ [ت۴۴۴ھ]

㉝ إیجاز البیان عن أصول قراءۃ ورش عن نافع از عثمان بن سعید بن عثمان اندلسی رحمہ اللہ [ت۴۴۴ھ]

㉞ الموضح فی الفتح والامالہ از عثمان بن سعید بن عثمان اندلسی رحمہ اللہ [ت۴۴۴ھ]

㉟ تبصرۃ المبتدی و تذکرۃ المنتھی فی القراء ات از عثمان بن سعید بن عثمان اندلسی رحمہ اللہ [ت۴۴۴ھ]

㊱ المحتویٰ فی الشاذ از عثمان بن سعید بن عثمان اندلسی المعروف بالدانی رحمہ اللہ [ت۴۴۴ھ]

㊲ المقنع فی الرسم از عثمان بن سعید بن عثمان اندلسی المعروف بالدانی رحمہ اللہ [ت۴۴۴ھ]

㊳ تذکیر الحافظ لتراجم القراء والنظائر از عثمان بن سعید بن عثمان اندلسی المعروف بالدانی رحمہ اللہ [ت۴۴۴ھ]

㊴ الارجوزۃ المنبھۃ علی اسماء القراء از عثمان بن سعید بن عثمان اندلسی المعروف بالدانی رحمہ اللہ [ت۴۴۴ھ]

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴۰ التیسیر از عثمان بن سعید ابن عثمان اندلسی المعروف بالدانی رحمہ اللہ [ت۴۴۴ھ]

۴۱ تاریخ طبقات القراء از عثمان بن سعید ابن عثمان اندلسی المعروف بالدانی رحمہ اللہ [ت۴۴۴ھ]

۴۲ ایضاح فی الهمزتین از عثمان بن سعید ابن عثمان اندلسی المعروف بالدانی رحمہ اللہ [ت۴۴۴ھ]

۴۳ التعریف فی القراءات از ابوعمرو عثمان بن سعید الدانی رحمہ اللہ [ت۴۴۴ھ]

۴۴ التلخیص لأصول قراءة نافع بن عبدالرحمن از ابوعمرو عثمان بن سعید الدانی رحمہ اللہ [۴۴۴ھ]

۴۵ التنبیه علی مذهب ابی عمرو بن العلاء فی الاماله والفتح بالعلل از ابوعمرو عثمان بن سعید الدانی رحمہ اللہ [ت۴۴۴ھ]

۴۶ التهذیب لانفراد آئمة القراء السبعه از ابوعمرو عثمان بن سعید الدانی رحمہ اللہ [۴۴۴ھ]

۴۷ توضیح المقام فی الوقف علی الهمزة لهشام وحمزه حواشی علی التیسیر فی القراءات السبع از مخطوطه ابوعمرو عثمان بن سعید الدانی رحمہ اللہ [۴۴۴ھ]

۴۸ السنة المأثورة للشافعی از رشع بن نظیف بن ماشاء اللہ الدمشقی رحمہ اللہ [۴۴۴ھ]

۴۹ شرح القصیده الخاقانیة از ابوعمرو عثمان بن سعید بن عثمان الدانی رحمہ اللہ [۴۴۴ھ]

۵۰ فائدة فی الهمزتین إذا كانت فی كلمتین از ابوعمرو عثمان بن سعید الدانی رحمہ اللہ [۴۴۴ھ]

۵۱ التذکار فی القراءات العشر از ابوالفتح عبدالواحد بن حسین بغدادی رحمہ اللہ [۴۴۵ھ]

۵۲ تذکار فی العشر از ابوالفتح عبدالواحد حسین بن شیطا بغدادی رحمہ اللہ [ت۴۴۵ھ]

۵۳ القاصد ”کتاب فی القراءات“ از عبدالرحمن بن حسن بن سعید الخزرجی القرطبی رحمہ اللہ [۴۴۶ھ]

۵۴ الوجیز فی القراءات الثمانیه از ابوعلی الحسن بن علی بن ابراہیم بن یزداد رحمہ اللہ [ت۴۴۶ھ]

۵۵ مفردات السبعة از ابوعلی الحسن بن علی بن ابراہیم بن یزداد رحمہ اللہ [ت۴۴۶ھ]

۵۶ الایضاح از ابوعلی الحسن بن علی بن ابراہیم بن یزداد رحمہ اللہ [ت۴۴۶ھ]

۵۷ الاتضاح از ابوعلی الحسن بن علی بن ابراہیم بن یزداد رحمہ اللہ [ت۴۴۶ھ]

۵۸ الموجز از ابوعلی الحسن بن علی بن ابراہیم بن یزداد رحمہ اللہ [ت۴۴۶ھ]

۵۹ النیر الجلی فی قراءة زید بن علی از ابوعلی الحسن بن علی بن ابراہیم بن یزداد رحمہ اللہ [ت۴۴۶ھ]

۶۰ جامع المشهور از ابوعلی الحسن بن علی بن ابراہیم بن یزداد رحمہ اللہ [ت۴۴۶ھ]

۶۱ قراءات حسن از ابوعلی الحسن بن علی بن ابراہیم بن یزداد رحمہ اللہ [ت۴۴۶ھ]

۶۲ قراءات ابن محیصن از ابوعلی الحسن بن علی بن ابراہیم بن یزداد رحمہ اللہ [ت۴۴۶ھ]

۶۳ الاقناع فی الشواذ از ابوعلی الحسن بن علی بن ابراہیم بن یزداد رحمہ اللہ [ت۴۴۶ھ]

۶۴ القاصد از ابوالقاسم عبدالرحمن بن حسن بن سعید قرطبی اندلسی رحمہ اللہ [ت۴۴۶ھ]

۶۵ التبصرة فی قراءة الآئمة العشرة از ابوالحسن علی بن محمد بغدادی رحمہ اللہ [ت۴۵۰ھ]

۶۶ الجامع فی القراءات العشر وقراءة للأعمش از ابوالحسن علی بن محمد بغدادی رحمہ اللہ [ت۴۵۰ھ]

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

٦٧ العنوان فی قراء ات السبعة القراء از ابوطاہر اسماعیل بن خلف انصاری رحمہ اللہ [ت ٤٥٥ھ]

٦٨ مختصر الاکتفاء فی اختلاف القراء السبع از ابوطاہر اسماعیل بن خلف انصاری رحمہ اللہ [ت ٤٥٥ھ]

٦٩ اختصار شرح کتاب السبعة از ابوطاہر اسماعیل بن خلف انصاری رحمہ اللہ [ت ٤٥٥ھ]

٧٠ ابوطاہر بن خلف بن سعید بن عمران الانصاری الاندلسی رحمہ اللہ [ت ٤٥٥ھ] کی قراءات پر ایک کتاب مکتبہ جامعہ بصرہ میں موجود ہے جس پر عنوان نہیں پڑھا جاسکتا لیکن غایۃ النہایۃ ج ١ ص ١٦٤ میں اس کا عنوان ''العنوان والاکتفاء'' بتایا گیا ہے۔

٧١ الشواذ فی القراء ات از احمد بن الفضل بن محمد الأصبہانی رحمہ اللہ [٤٦٠ھ]

٧٢ الجامع فی القراء ات العشر از ابوالحسین نصر بن عبدالعزیز ابن احمد فارسی رحمہ اللہ [ت ٤٦١ھ]

٧٣ الاکتفاء فی قراء ۃ نافع وابن عمرو از حافظ ابوعمر یوسف بن عبداللہ القرطبی رحمہ اللہ [ت ٤٦٣ھ]

٧٤ مدخل فی القراء ات از ابوعمر یوسف بن عبداللہ مالکی اندلسی رحمہ اللہ [ت ٤٦٣ھ]

٧٥ الاکتفا از ابوعمر یوسف بن عبداللہ مالکی اندلسی رحمہ اللہ [ت ٤٦٣ھ]

٧٦ کامل از ابوالقاسم یوسف بن علی بن جبارہ بن محمد ہذلی رحمہ اللہ [ت ٤٦٥ھ]

٧٧ کتاب الاشارۃ از ابونصر منصور بن احمد عراقی رحمہ اللہ [ت ٤٦٥ھ]

٧٨ جامع القراء ات محمد بن احمد بن الہیثم از ابوبکر الروف باری رحمہ اللہ [٤٦٩ھ]

٧٩ التذکرۃ فی القراء ات السبع از العاصی بن خلف بن محرز رحمہ اللہ [٤٧٠ھ]

٨٠ الکافی از ابوعبداللہ محمد بن شریح اندلسی رحمہ اللہ [ت ٤٧٦ھ]

٨١ القراء السبعہ از ابوالخطاب احمد بن علی بن عبداللہ للبغدادی رحمہ اللہ [٤٧٦ھ]

٨٢ تلخیص فی الثمان از ابومعشر عبدالکریم بن عبدالصمد رحمہ اللہ [ت ٤٧٨ھ]

٨٣ سوق العروس از ابومعشر عبدالکریم بن عبدالصمد رحمہ اللہ [ت ٤٧٨ھ]

٨٤ قصیدہ حصریہ فی قراء ۃ نافع از ابوالحسن علی بن عبدالغنی حصری رحمہ اللہ [ت ٤٨٨ھ]

٨٥ غایۃ الاختصار فی القراء ات العشر لأئمۃ الأنصار ز ابوالعلاء الحسن بن احمد بن الحسن العطار الھمدانی رحمہ اللہ [٤٨٨ھ]

٨٦ علم القراء ات از ابوعبداللہ سلیمان بن عبداللہ النحوی رحمہ اللہ [٤٩٣ھ]

٨٧ علم القراء ات از ابوعبداللہ سلیمان بن عبداللہ نحوی رحمہ اللہ [٤٩٣ھ]

٨٨ النبذ النامیۃ فی القراء ات الثمانیۃ از ابوالحسین یحییٰ بن ابراہیم اندلسی رحمہ اللہ [ت ٤٩٦ھ]

٨٩ المستنیر فی العشرۃ از ابوطاہر احمد بن علی بغدادی رحمہ اللہ [ت ٤٩٦ھ]

٩٠ کتاب المہذب فی العشر از ابومنصور محمد بن احمد بغدادی رحمہ اللہ [ت ٤٩٩ھ]

٩١ المہذب فی القراء ات از ابومنصور محمد بن احمد بن علی الخیاط رحمہ اللہ [ت ٤٩٩ھ]

٩٢ الایضاح فی القراء ات العشر از ابوعبداللہ احمد بن ابی عمر الاندرالی رحمہ اللہ [ت ٥٠٠ھ]

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چھٹی صدی ہجری

① احتجاج القراء از حسین بن محمد راغب اصفہانی رحمہ اللہ [ت۵۰۲ھ]
② الناھج للقراء ات بأشھر الروایات از ابوعبداللہ محمد بن یحییٰ بن مزاحم الانصاری رحمہ اللہ [۵۰۲ھ]
③ شواذ القراء ۃ ویسمیٰ شواذ القرآن و اختلاف المصاحف از شمس القراء رضی الدین ابوعبداللہ محمود ابونصر بن عبداللہ الکرمانی رحمہ اللہ [۵۰۵ھ]
④ التلخیص فی القراء ات از ابوعلی الحسن بن خلف قیروانی رحمہ اللہ [ت۵۱۴ھ]
⑤ التجرید فی السبعۃ از ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن ابی بکر رحمہ اللہ [ت۵۱۶ھ]
⑥ المغنع فی القراء ات السبع از ابوجعفر احمد بن خلف بن محرز الأندلسی رحمہ اللہ [۵۱۶ھ]
⑦ مفردہ یعقوب از ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن ابی بکر رحمہ اللہ [ت۵۱۶ھ]
⑧ ارشاد المبتدی از ابوالعز محمد بن حسین واسطی رحمہ اللہ [ت۵۲۱ھ]
⑨ کفایہ کبری از ابوالعز محمد بن حسین واسطی رحمہ اللہ [ت۵۲۱ھ]
⑩ رسالۃ فی القراء ات الثلاث از محمد بن الحسین بن بندار الواسطی رحمہ اللہ [۵۲۱ھ]
⑪ الشمس المنیرہ فی السبعہ از حسین بن محمد دباس بکری رحمہ اللہ [ت۵۲۴ھ]
⑫ تعلیل از ابوعبداللہ محمد بن سلیمان مالقی رحمہ اللہ [ت۵۲۵ھ]
⑬ جزء فیہ خلاف بین یحییٰ بن آدم والعلیمی الانصاری از ھبۃ اللہ بن احمد بن عبدالرحمٰن بن علی رحمہ اللہ۔[۵۳۶ھ]
⑭ الجمع والتوجیہ لما انفروبہ الإمام از یعقوب محمد بن شریح بن محمد الرعیسی رحمہ اللہ [۵۳۹ھ]
⑮ الموضح فی القراء ات العشر از ابومنصور محمد بن عبدالملک بن خیرون بغدادی رحمہ اللہ [۵۳۹ھ]
⑯ المفتاح از ابومنصور محمد بن عبدالمالک بغدادی رحمہ اللہ [ت۵۳۹ھ]
⑰ الموضح از ابومنصور محمد بن عبدالمالک بغدادی رحمہ اللہ [ت۵۳۹ھ]
⑱ الاقناع از ابوجعفر احمد بن علی اندلسی نحوی رحمہ اللہ [ت۵۴۰ھ]
⑲ الغایۃ فی القراء ۃ علی طریقۃ ابن مھران از ابوجعفر احمد بن علی اندلسی نحوی رحمہ اللہ [ت۵۴۰ھ]
⑳ تبصرۃ از ابومحمد عبداللہ بن علی بن احمد البغدادی رحمہ اللہ [ت۵۴۱ھ]
㉑ ارادۃ الطالب از ابومحمد عبداللہ بن علی بن احمد البغدادی رحمہ اللہ [ت۵۴۱ھ]
㉒ کفایہ فی الست از ابومحمد عبداللہ بن علی بن احمد البغدادی رحمہ اللہ [ت۵۴۱ھ]
㉓ الایجاز فی القراء ات السبع از ابومحمد عبداللہ بن علی بن احمد البغدادی رحمہ اللہ [ت۵۴۱ھ]
㉔ المبھج فی القراء ات الثمان از ابومحمد عبداللہ بن علی بن احمد البغدادی رحمہ اللہ [ت۵۴۱ھ]
㉕ کشف از ابوالحسن علی بن الحسین باقولی رحمہ اللہ [ت۵۴۳ھ]
㉖ الکشف عن نکت المعانی والأعراب از الشیخ نورالدین ابوالحسن علی بن الحسین بن علی الباقولی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رحمہ اللہ [۵۴۳ھ]

㊼ المحیط از ابوجعفر احمد بن علی جعفرک رحمہ اللہ [ت ۵۴۴ھ]

㊽ القراء ات از منصور بن الخیر بن یعقوب بن یملا الأندلسی رحمہ اللہ [۵۴۶ھ]

㊾ المصباح الزاھر فی القراء ات العشر البواھر از ابوالکرم مبارک بن حسن بغدادی رحمہ اللہ [ت ۵۵۰ھ]

㊿ الایماء از ابومحمد بن محمد بن عبداللہ اشبیلی رحمہ اللہ [ت ۵۵۳ھ]

(۳۱) المفیدیہ از ابوعبداللہ محمد بن ابراہیم حضرمی یمنی رحمہ اللہ [ت ۵۶۰ھ]

(۳۲) مقدمة فی اصول القراء ات از عبدالعزیز بن علی بن محمد بن الأصبغ الاشبیلی رحمہ اللہ [۵۶۰ھ]

(۳۳) المفاتیح از ابوالعلا محمد بن ابی المحاسن کرمانی رحمہ اللہ [ت ۵۶۳ھ]

(۳۴) الموضح فی القراء ات للثمان از نصر بن علی بن محمد الشیر ازی رحمہ اللہ [ت ۵۶۵ھ] کے بعد فوت ہوئے۔

(۳۵) غایة الاختصار فی العشرة از ابوالعلا حسن بن احمد ہمدانی رحمہ اللہ [ت ۵۶۹ھ]

(۳۶) القرطبیة (فی القراء ات) از یحییٰ بن سعدون بن تمام بن محمد القرطبی رحمہ اللہ [ت ۵۶۷ھ]

(۳۷) مفردہ یعقوب از ابوالعلا حسن بن احمد ہمدانی رحمہ اللہ [ت ۵۶۹ھ]

(۳۸) الخلاف بین قراءة حمزہ و ابی عمرو از علی بن عساکر بن المرحب رحمہ اللہ [ت ۵۷۲ھ]

(۳۹) الخلاف بین قراءة ابن عامر و ابی عمرو از علی بن عساکر بن المرحب رحمہ اللہ [ت ۵۷۲ھ]

(۴۰) وصول الخمر إلی اصول قراءة ابی عمرو از شیخ علاء الدین ابوالحسن علی بن شیخ شرف الدین قاسم البطارعی الشافعی رحمہ اللہ [ت ۵۷۲ھ]

(۴۱) البھجة فی القراء ات السبع از ھبۃ اللہ بن یحییٰ بن محمد رحمہ اللہ [ت ۵۸۰ھ]

(۴۲) المنتقی فی القراء ات از ابوزر اسعد بن الحسین بن سعد بن بندار الیزدی رحمہ اللہ [ت ۵۸۰ھ]

(۴۳) حرز الأمانی ووجہ التھانی از ابوالقاسم محمد بن فیرہ رعینی، شاطبی، اندلسی رحمہ اللہ [ت ۵۹۰ھ]

(۴۴) قصیدة فی السبعة بلا رموز از ابوعبداللہ محمد بن احمد اندلسی رحمہ اللہ [ت ۵۹۱ھ]

(۴۵) قصیدة فی القراء ات از الشیخ الأدیب ابوعبداللہ محمد بن احمد بن محمد الأندلسی رحمہ اللہ [ت ۵۹۱ھ]

(۴۶) ذکر الخلاف بین صاحبی عاصم از ابوبکر عبداللہ بن منصور بن عمران الباقلانی رحمہ اللہ [ت ۵۹۳ھ]

(۴۷) خیرة فی العشرة از ابوالفتح مبارک بن احمد الواسطی رحمہ اللہ [ت ۵۹۶ھ]

(۴۸) المقصد خلاصة المرشد از محمد ابن جوزی رحمہ اللہ [ت ۵۹۷ھ]

(۴۹) منجد المقرئین و مرشد الطالبین از محمد بن جوزی رحمہ اللہ [ت ۵۹۷ھ]

(۵۰) تذکرة از ابوالفرج عبدالرحمٰن بن علی رحمہ اللہ [ت ۵۹۷ھ]

(۵۱) قصیدة حصیریة از مرجی بن یونس غافقی رحمہ اللہ [ت ۶۰۰ھ]

ساتویں صدی ہجری

① حلیة القراء وزینة الاقراء از حامد بن علی بن حسنویہ ابو الفخر جاجانی رحمہ اللہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

② البرھان فی قراء ات القرآن ازفخر الدین محمد بن عمر الرازی رحمہ اللہ [ت ۶۰۶ھ]
③ تعلیل القراء ات الشاذۃ ازعبکری رحمہ اللہ [ت ۶۱۶ھ]
④ المیسر فی القراء ات ابوعبداللہ ازمحمد بن الحسین بن علی بن موفق الاندلسی ابن شکاز رحمہ اللہ [۶۲۶ھ]
⑤ ورقات المهمرۃ فی تتمہ قراء ات الآئمۃ العشرہ ازشہاب الدین احمد بن محمد بن محمد المعروف ابن عیاش رحمہ اللہ [ت ۶۲۸ھ]
⑥ أرجوزہ فی القراء ات السبع از یحیٰ بن عبدالمعطی رحمہ اللہ [ت ۶۲۸ھ]
⑦ الجامع الاکبر والبحر الازخر از ابوالقاسم عیسیٰ بن عبدالعزیز اسکندری رحمہ اللہ [ت ۶۲۹ھ]
⑧ التذکرۃ فی القراء ات العشرۃ ازموفق الدین عیسیٰ بن عبدالعزیز اسکندری رحمہ اللہ [ت ۶۲۹ھ]
⑨ نظرۃ السریع الانتها من مشهور القراء ات المنتقی من غریب الطرق والروایات ازموفق الدین عیسیٰ بن عبدالعزیز اسکندری رحمہ اللہ [ت ۶۲۹ھ]
⑩ القراء ات المنقی من غریب از موفق الدین عیسیٰ بن عبدالعزیز اسکندری رحمہ اللہ [ت ۶۲۹ھ]
⑪ الطرق والروایات ازموفق الدین عیسیٰ بن عبدالعزیز اسکندری رحمہ اللہ [ت ۶۲۹ھ]
⑫ حجۃ المفتدی ازعیسیٰ بن عبدالعزیز الاسکندری رحمہ اللہ [ت ۶۲۹ھ]
⑬ شرح شاطبیہ ازمنتخب الدین حسین بن ابی العز ہمدانی اسکندری رحمہ اللہ [ت ۶۳۰ھ]
⑭ اعلان فی السبعۃ از ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن عبدالمجید اسکندری رحمہ اللہ [ت ۶۳۶ھ]
⑮ تقریب البیان فی شواذ القرآن ازصفراوی رحمہ اللہ [ت ۶۳۶ھ]
⑯ المفتاح فی القراء ات العشر از ابومنصور محمد بن عبدالملک بن خیرون البغدادی رحمہ اللہ [ت ۶۳۹ھ]
⑰ شرح شاطبیہ از ابوالعباس احمد بن علی اندلس رحمہ اللہ [ت ۶۴۰ھ]
⑱ فتح الوصید فی شرح القصید از ابوالحسن علی بن محمد سخاوی رحمہ اللہ [ت ۶۴۳ھ]
⑲ شرح شاطبیہ از مجیب الدین ابوعبداللہ محمد بن محمود بغدادی رحمہ اللہ [ت ۶۴۳ھ]
⑳ شرح شاطبیہ ازعلم الدین ابوالحسن علی بن محمد سخاوی شافعی رحمہ اللہ [ت ۶۴۳ھ]
㉑ جمال القراء ازعلم الدین ابوالحسن علی بن محمد سخاوی شافعی رحمہ اللہ [ت ۶۴۳ھ]
㉒ افصاح ازعلم الدین ابوالحسن علی بن محمد سخاوی شافعی رحمہ اللہ [ت ۶۴۳ھ]
㉓ اقوی العدد ازعلم الدین ابوالحسن علی بن محمد سخاوی شافعی رحمہ اللہ [ت ۶۴۳ھ]
㉔ الطود الراسخ ازعلم الدین ابوالحسن علی بن محمد سخاوی شافعی رحمہ اللہ [ت ۶۴۳ھ]
㉕ نثر الدرر فی القراء ات ازعلم الدین ابوالحسن علی بن محمد سخاوی شافعی رحمہ اللہ [ت ۶۴۳ھ]
㉖ منهاج التوقیف ازعلم الدین ابوالحسن علی بن محمد سخاوی شافعی رحمہ اللہ [ت ۶۴۳ھ]
㉗ مراتب الاصول ازعلم الدین ابوالحسن علی بن محمد سخاوی شافعی رحمہ اللہ [ت ۶۴۳ھ]
㉘ وسیلہ شرح عقیلہ ازعلم الدین ابوالحسن علی بن محمد سخاوی شافعی رحمہ اللہ [ت ۶۴۳ھ]

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

٢٩ هداية المرتاب از علم الدين ابوالحسن على بن محمد سخاوى شافعى رحمہ اللہ [ت٦٤٣ھ]
٣٠ الدرة الفريدة فى شرح القصيدة از منتخب الدين احمد بن ابى العز بن الرشيد الهمدانى رحمہ اللہ [ت٦٤٣ھ]
٣١ مختصر التبصرة فى القراء ات از ابوجعفر احمد بن محمد ابن ابى حجة رحمہ اللہ [ت٦٤٣ھ]
٣٢ عنوان کی شرح از عبدالظاہر بن نشواف رومی رحمہ اللہ [ت٦٤٩ھ]
٣٣ مفردة يعقوب از ابومحمد عبدالبارى بن عبدالرحمٰن اسکندری رحمہ اللہ [ت٦٥٠ھ]
٣٤ الغاية (وهو شرح الشاطبية الكبير) از الحسين بن على بن عبدالرحمٰن الحصنى رحمہ اللہ [ت٦٥٢ھ]
٣٥ المبهرة فى العشرة از ابوالعباس احمد بن محمد بن ابى المكارم رحمہ اللہ [ت٦٥٣ھ]
٣٦ المغنية فى العشرة از ابوالعباس احمد بن محمد بن ابى المكارم رحمہ اللہ [ت٦٥٣ھ]
٣٧ الشمعة المضية بنشر قراء ات السبعة المرضية از كمال الدين ابوعبدالله محمد بن احمد موصلی حنبلی رحمہ اللہ [ت٦٥٦ھ]
٣٨ كنز المعانى شرح شاطبية كمال الدين از ابوعبدالله محمد بن احمد موصلی حنبلی رحمہ اللہ [ت٦٥٦ھ]
٣٩ المفيد شرح شاطبية از علم الدين ابومحمد قاسم بن احمد اندلسی رحمہ اللہ [ت٦٦١ھ]
٤٠ ابراز المعانى از ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن اسماعيل عرف ابوشامہ شافعی رحمہ اللہ [ت٦٦٥ھ]
٤١ مفرده از ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن اسماعيل عرف ابوشامہ شافعی رحمہ اللہ [ت٦٦٥ھ]
٤٢ شرح كبير للشاطبية از ابوالقاسم عبدالرحمٰن بن اسماعيل عرف ابوشامہ شافعی رحمہ اللہ [ت٦٦٥ھ]
٤٣ الاستبصار از محمد بن اسرائيل بن ابى بكر رحمہ اللہ [ت٦٧١ھ]
٤٤ المغنى (فى القراء ات) از ابوعبدالله محمد بن اسرائيل بن ابى بكير السلمى رحمہ اللہ [ت٦٧١ھ]
٤٥ حرز المعانى عرف قصيده داليه از جمال الدين ابوعبدالله محمد بن عبدالله اندلسی رحمہ اللہ [ت٦٧٢ھ]
٤٦ جوز المعانى فى اختصار حرز المعانى از ابوعبدالله محمد بن عبدالله اندلسی رحمہ اللہ [ت٦٧٢ھ]
٤٧ شرح شاطبيه از ابوعبدالله محمد بن حسن الفارسی رحمہ اللہ [ت٦٧٢ھ]
٤٨ شرف المراتب والمنازل فى القراء ات از محمد بن سليمان محمد المعافر الشاطبی رحمہ اللہ [ت٦٧٢ھ]
٤٩ قراءة ورش (اس موضوع پر دو کتابیں لکھیں) از احمد بن محمد بن حسين بن خضر رحمہ اللہ [ت٦٧٤ھ]
٥٠ المواقيت فى القرآن از موفق الدين ابوالعباس احمد بن يوسف موصلی رحمہ اللہ [ت٦٨٠ھ]
٥١ شرح شاطبيه از عماد الدين ابوالحسن على بن يعقوب موصلی رحمہ اللہ [ت٦٨٢ھ]
٥٢ شرح شاطبيه از تقی الدين يعقوب بن بدران جرائدی رحمہ اللہ [ت٦٨٨ھ]
٥٣ حل رموز الشاطبيه از يعقوب بن بدران المصر ی الدمشقی رحمہ اللہ [٦٨٨ھ]
٥٤ المختار فى القراء ات از تقی الدين يعقوب بنبدران بن منصور الجزائری رحمہ اللہ [ت ٦٨٨ھ]
٥٥ منظومة فى الزايد على مذهب ابى عمرو از عبدالعزيز بن احمد بن سعيد الديرينى رحمہ اللہ [ت٦٩٤ھ]

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

آٹھویں صدی ہجری

① شرح التیسیر للدانی از ابومحمد عبدالواحد بن محمد اندلسی رحمہ اللہ [ت۷۰۵ھ]
② شرح شاطبیہ از علاء الدین علی بن احمد رحمہ اللہ [ت۷۰۶ھ]
③ المفید فی کلام المجید از محمد بن محمد احمد التبریزی رحمہ اللہ [یہ ۷۱۱ھ میں زندہ تھے۔]
④ التکملة المفیدة از ابوالحسن علی بن عمر بن ابراہیم اندلسی رحمہ اللہ [ت۷۲۳ھ]
⑤ شرح شاطبیہ از ابن الخطیب یوسف بن ابی بکر الاباری رحمہ اللہ [ت۷۲۵ھ]
⑥ شرح شاطبیہ از شہاب الدین ابوالعباس احمد بن محمد مقدسی رحمہ اللہ [ت۷۲۸ھ]
⑦ سؤال اجاب عنه ابن تیمیه از تقی الدین ابوالعباس احمد بن عبدالحلیم ابن تیمیہ رحمہ اللہ [ت۷۲۸ھ]
⑧ لذة السمع فی السبع از ابوجعفر احمد بن حسن مالقی رحمہ اللہ [ت۷۲۸ھ]
⑨ الدر اللوامع فی اصل مقراء الامام نافع از علی بن محمد الحسین ابن بری رحمہ اللہ [ت۷۳۰ھ]
⑩ تجرید الأبحاث الجمیلة فی شرح العقیلة از ابواسحاق ابراہیم بن عمر بن ابراہیم جعبری رحمہ اللہ [ت۷۳۲ھ]
⑪ الاختیار فی القراء ات از احمد بن محمد بن یحییٰ الدمشقی رحمہ اللہ [ت۷۳۲ھ]
⑫ شرح شاطبیہ از علامہ جعبری ابواسحاق ابراہیم بن عمر رحمہ اللہ [ت۷۳۲ھ]
⑬ خمیلة ارباب المقاصد بشرح عقیله اتراب القصائد از ابراہیم بن عمر جعبری رحمہ اللہ [ت۷۳۲ھ]
⑭ أحکام الهمزه لهشام و حمزه از علامہ جعبری ابواسحاق ابراہیم بن عمر رحمہ اللہ [ت۷۳۲ھ]
⑮ الشرعة فی القراء ات السبعة از علامہ جعبری ابواسحاق ابراہیم بن عمر رحمہ اللہ [ت۷۳۲ھ]
⑯ نزهة البررة فی قراء ة الأئمة العشرة از علامہ جعبری ابواسحاق ابراہیم بن عمر رحمہ اللہ [ت۷۳۲ھ]
⑰ شرح نهج الاماثة فی القراء ات الثلاثه از علامہ جعبری ابواسحاق ابراہیم بن عمر رحمہ اللہ [ت۷۳۲ھ]
⑱ خلاصة الابحاث فی شرح نهج القراء ات الثلاث از علامہ جعبری ابواسحاق ابراہیم بن عمر رحمہ اللہ [ت۷۳۲ھ]
⑲ رساله شواذ از علامہ جعبری ابواسحاق ابراہیم بن عمر رحمہ اللہ [ت۷۳۲ھ]
⑳ کنز الامانی فی شرح حرز الامانی از ابراہیم بن عمرو بن ابراہیم الجوری رحمہ اللہ [ت۷۳۲ھ]
㉑ الحواشی المفیده فی شرح القصیده از ابن الدموقی رحمہ اللہ [ت۷۳۵ھ]
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

◉ جعبری رحمہ اللہ نے کنز المعانی میں آپ کو ان الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا ہے:

إمام فريد بارع متورع صبور طهور ذی عفاف مؤيد
زكا علمه فاختاره الناس قدوة فكم عالم من دره متقلد
هنيا ولی الله بالخلد ثاوی بعيش رغيد فی ظلال مؤيد
عليك سلام الله حيا وميت وحييت بالإكرام يا خير مرشد

''آپ (لوگوں میں سے) نمایاں، منفرد، متقی، صابر، پاکباز اور عزت والے ہیں۔ لوگوں نے آپ کی ذہانت کو دیکھتے ہوئے آپ کو علم میں اپنا اسوہ (آئیڈیل) بنایا۔ کتنے ہی ایسے عالم ہیں جو آپ کے بلند مرتبے کا اعتراف کرتے ہوئے آپ کی اتباع کرنے والے ہیں۔ اللہ کے ولی کے لیے خوشخبری ہے جو ہمیشہ عمدہ زندگی میں رہنے والا ہے، اور ایسے سایوں تلے جن کی مدد کی گئی ہے۔ تجھ پر زندہ اور مردہ حالت میں اللہ کی سلامتی ہو، اے بہترین راہنمائی کرنے والے تو نے باعزت طریقے کے ساتھ زندگی گزاری۔'' [كنز المعانی: ۷۵/۱]

◉ ابن خلکان رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''كان إذا قرئ عليه صحيح البخاری ومسلم والمؤطا يصحح النسخ من حفظه''

[معرفة القراء الكبار: ۱۱۱۴/۳]

جب آپ پر صحیح بخاری و مسلم اور مؤطا امام مالک کی قراءت کی جاتی تو آپ حافظے سے ان کے نسخوں کی تصحیح کرواتے۔''

امام صاحب رحمہ اللہ کی کرامات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ آپ کے پاس بیٹھنے والا بغیر کسی مؤذن کی موجودگی کے اذان کی آواز سن لیتا تھا۔ [معرفة القراء الكبار: ۱۱۱۴/۳]

امام شاطبی رحمہ اللہ چونکہ درس شروع کرتے وقت ہمیشہ ''من جاء أولا فليقرأ'' پر عمل کرتے اس لیے طلباء جانفشانی سے سب سے پہلے پہنچنے کوشش کرتے۔ لیکن ایک دن اتفاق ایسا ہوا کہ جب آپ مسند تدریس پر بیٹھے آپ نے فرمایا: ''من جاء ثانيا فليقرأ'' پس دوسرے نمبر پر آنے والے نے پڑھنا شروع کر دیا۔ پہلے آنے والا شخص اس اَمر پر شدید حیران و پریشان ہوا کہ مجھ سے ایسی کون سی خطا سرزد ہوگئی ہے جو شیخ صاحب کی طبیعت پر گراں گزری ہے۔ اسی گومگو کی کیفیت میں اسے یاد آیا کہ وہ تورات کو جنبی ہو گیا تھا، لیکن علم کی طلب اور حرص میں اسے غسل کرنا یاد نہیں رہا تھا۔ چنانچہ وہ اسی وقت بھاگم بھاگ مدرسہ کے غسل خانہ میں گیا اور غسل کر کے دوسرے کے قراءت ختم کرنے سے قبل لوٹ آیا۔ پھر امام صاحب نے فرمایا: ''من جاء أولاً فليقرأ'' تو اس نے پڑھنا شروع کیا۔

[تشريح المعانی: ص۸]

اس واقعہ سے بڑی آسانی سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ بینائی سے محروم ہونے کے باوجود آپ سے ایسی کرامات ظاہر ہوتیں جن کا صدور کسی عام انسان سے ممکن نہیں ہے۔

اَساتذہ امام شاطبی رحمہ اللہ

① أبو عبد الله محمد بن أبی العاص النفزی الشاطبی رحمہ اللہ
② إمام ابن هذيل رحمہ اللہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

③ أبو عبد الله محمد بن أبی یوسف بن سعادة رحمہ اللہ
④ الشیخ أبو محمد عاشر بن محمد رحمہ اللہ
⑤ أبو محمد عبد الله بن أبی جعفر المرسی رحمہ اللہ
⑥ أبو العباس بن طرازمیل رحمہ اللہ ⑦ أبو الحسن علیم بن هانی العمری رحمہ اللہ
⑧ أبو عبد الله محمد بن حمید رحمہ اللہ ⑨ أبو عبد الله محمد بن عبد الرحیم رحمہ اللہ
⑩ أبو الحسن بن النعمة رحمہ اللہ ⑪ أبو القاسم حبیش رحمہ اللہ
⑫ أبو طاهر سلفی رحمہ اللہ [تشریح المعانی:ص۷]

قصیدہ شاطبیہ

''حرز الأمانی ووجه التهانی'' المعروف 'شاطبیة' قراءاتِ سبعہ میں اہم ترین اور اَساسی کتاب تسلیم کی گئی ہے۔ امام شاطبی رحمہ اللہ کے دور سے لے کر آج تک اس کی اہمیت میں ذرہ برابر بھی کمی نہیں آئی۔ شاطبیہ اصل میں قراءات پر مشتمل ایک بحر بے بہا کا نام ہے جس کو امام شاطبی رحمہ اللہ نے انتہائی جانفشانی کے ساتھ ترتیب دیا۔ یہ کتاب درحقیقت امام دانی رحمہ اللہ کی فن قراءات پر مشتمل کتاب 'التیسیر' کی منظوم شکل ہے۔ علامہ شاطبی رحمہ اللہ نے اپنی کتاب میں 'التیسیر' کو منظوم انداز میں بیان کرنے کے ساتھ ساتھ ایسے دقیق فوائد اور علمی معروضات کا اِضافہ کر دیا ہے جن سے علم قراءات کا کوئی بھی طالب صرف نظر نہیں کر سکتا۔

اس قصیدے کی تالیف کی تاریخ ابتدا اور تاریخ انتہاء کا علم تو نہیں ہو سکا البتہ بعض مصادر اشارہ کرتے ہیں کہ اس مبارک کام کی ابتدا اُندلس سے ہوئی۔ وہ کونسی ایسی وجہ تھی جس نے امام صاحب رحمہ اللہ کو اس کام کی ابتدا پر آمادہ کیا اس کی وضاحت کرتے ہوئے خود امام شاطبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''بأنه عملها رغبة فی ثواب الله الکریم وحرصا علی إحیاء العلم الذی تضمنه کتاب 'التیسیر' ''[تحقیق فتح الوصید:۱/۱۲۶،۱۲۷]

''اللہ تعالیٰ سے ثواب کی امید اور کتاب التیسیر میں بیان کردہ علم کے احیاء کی حرص نے ان کو اس کام پر آمادہ کیا۔''

ایک جگہ فرماتے ہیں:

''لا یقرأ أحد قصیدتی هذه إلا وینفعه الله ، لأننی نظمتها لله''[سیر أعلام النبلاء:۲۱/۲۶۳]

''جو شخص بھی میرے اس قصیدے کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو فائدہ دے گا کیونکہ میں نے اسے خالصاً اللہ کیلئے لکھا ہے۔''

جب آپ اس قصیدہ کی تصنیف سے فارغ ہوئے تو اس کو ساتھ لے کر بیت اللہ کے گرد بارہ ہزار طواف کئے اور جب دعا کے مقامات پر پہنچتے تو یہ دعا پڑھتے:

''اللهم فاطر السموات والأرض عالم الغیب والشهادة رب هذا البیت العظیم انفع بها کل من قرأها'' [تشریح المعانی:ص۱۰]

''اے اللہ! اے زمین وآسمان کی تخلیق کرنے والے غیب اور حاضر کے جاننے والے، اس عظیم المرتبت گھر (بیت اللہ) کے پروردگار! ہر پڑھنے والے کو اس سے نفع پہنچا۔''

شاطبیہ کی قبولیت کا ایک اہم سبب یہ بھی ہے کہ ناظم کے بقول آپ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی تو سامنے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

کھڑے ہو کر خدمت بابرکت میں سلام عرض کیا اور کہا یاسیدی یا رسول اللہ ﷺ اس قصیدہ پر نظر فرمائیے۔ پس آپ ﷺ نے اس کو اپنے دست مبارک میں لیا اور فرمایا:

”هي مباركة من حفظها دخل الجنة“ [ظفر المحصلين بأحوال المصنفين:ص۷۱]

”یہ بابرکت ہے جو اس کو حفظ کرے گا جنت میں داخل ہوگا۔“

شاطبیہ میں امام صاحب نے ایسے اشارات ورموز کا استعمال کیا ہے جن کو حل کرنا کسی عام انسان کے بس سے باہر ہے ان اسرار ورموز کی تہہ تک پہنچنے کے لیے عربی زبان کے علوم اور علم قراءات میں وسعت کی ضرورت ہے۔

[معجم علوم القرآن:ص۱۷۰]

بہت سے لوگوں کی طرف سے 'شاطبیہ' پر اعتراضات بھی سامنے آئے ہیں، لیکن یہ سب کے سب شاطبیہ کے شاندار اُسلوب بیان، تسلسل اور بلاغت کے سامنے ہیچ نظر آتے ہیں جو امام صاحب رحمہ اللہ کے بیان کردہ اسرار ورموز کی گرد تک بھی نہیں پہنچ سکے۔ کتاب پر اعتراضات کرنے والوں میں سے ایک نام عبدالرحمٰن بن اسماعیل دمشقی المعروف ابی شامہ کا بھی ہے۔ جنہوں نے اپنی کتاب 'إبراز المعانی' میں امام شاطبی رحمہ اللہ پر بہت سے اعتراضات کیے ہیں، لیکن ان اعتراضات کا جائزہ لینے کے بعد اندازہ ہوتا ہے کہ ان میں سے اکثر میں امام شاطبی رحمہ اللہ کا مؤقف درست اور اَقرب الی الحق ہے۔

علماء کرام کے ہاں قصیدہ شاطبیہ کا مقام

اس قصیدہ کو علماء کرام کس نظر سے دیکھتے ہیں ملاحظہ فرمائیے:

- امام محمد ابن جزری رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

”ولا أعلم كتابا حفظ وعرض في مجلس واحد وتسلسل بالعرض إلى مصنفه كذلك إلا هو“ [العبر:۴/۲۷۳]

”میں اس کتاب (قصیدہ شاطبیہ) کے علاوہ کسی ایسی کتاب کو نہیں جانتا جو ایک ہی مجلس میں استاد پر پیش کی گئی اور زبانی یاد کی گئی ہو اور اس کی سند اس کے مصنف تک مسلسل سلسلہ کے ساتھ پہنچتی ہو۔“

- ابن خلکان رحمہ اللہ یوں رقمطراز ہیں:

”ولقد أبدع فيها كل الإبداع وهي معدة قراء هذا الزمان في نقلهم، فكل من يشتغل بالقراء ات إلا ويقدم حفظها ومعرفتها، وهي مشتملة على رموز عجيبة، وإشارات خفية لطيفة، وما أظنه سبق إلى أسلوبها“ [وفيات الأعيان:۴/۷۱]

”انہوں نے یہ قصیدہ ایسے انداز میں لکھا جس کی نظیر پیش نہیں کی جاسکتی۔ یہ ایک ایسا منظّم قصیدہ ہے جس کو تمام لوگوں نے پڑھا۔ جو کوئی قراءات کے ساتھ وابستہ ہوتا ہے وہ پہلے اسے یاد کرتا اور سمجھتا ہے۔ یہ قصیدہ بہت ہی عمدہ رموز اور انتہائی لطیف اشاروں پر مشتمل ہے، میرے خیال میں اس اسلوب پر پہلے کوئی ایسا قصیدہ نہیں لکھا گیا۔“

- امام ابن جزری رحمہ اللہ ایک مقام پر یوں رقمطراز ہیں:

”علم مقدار ما آتاه الله في ذلك خصوصا اللامية التي عجز البلغاء من بعده عن معارضتها فإنه لا يعرف مقدارها إلا من نظم على منوالها أو قابل بينها وبين ما نظم على طريقها ولقد رزق هذا الكتاب من الشهرة والقبول ما لا أعلمه لكتاب غيره في هذا الفن، بل أكاد ولا في

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غير هذا الفن، فإني لا أحسب أن بلدا من بلاد الإسلام يخلو منه، بل لا أظن أن بيت طالب علم يخلو من نسخة منه''[غاية النهاية في طبقات القراء:۲۸۵/۱]

''جو ان (امام شاطبی رحمہ اللہ) کے قصیدہ کی طرف متوجہ ہوتا ہے وہ انہیں ودیعت کردہ علم کو پہچان لیتا ہے بالخصوص قصیدہ لامیہ (شاطبیہ) جس نے فصیح وبلیغ لوگوں کو اس کی مثل پیش کرنے سے عاجز کر دیا اس کے مرتبے کو صرف وہی پہچان سکتا ہے جس نے اس نہج پر لکھنے کی کوشش کی یا اپنے لکھے ہوئے کا اس کے ساتھ تقابل کیا۔ اللہ نے اس کتاب کو ایسی شہرت اور قبولیت سے سرفراز ا جو اس فن میں کسی اور کو نہ ملی بلکہ اس فن میں اور نہ ہی کسی اور فن میں۔ میرے خیال کے مطابق کوئی بھی اسلامی ملک بلکہ کسی بھی طالب علم کا گھر اس کتاب سے خالی نہیں ہے۔''

قصیدہ شاطبیہ کی خوبیاں

شاطبیہ فن قراءات کا عجیب وغریب قصیدہ ہے اس کی لذتوں اور خوبیوں سے پوری طرح وہی حضرات واقف ہیں جو اس کے پڑھنے پڑھانے میں مشغول ہیں، لیکن عوام کے لیے ان میں سے چند خوبیاں پیش خدمت ہیں:

* پورا قصیدہ نظم میں ہے جو طبعی طور پر پسندیدہ ہوتا ہے۔
* قصیدے کے الفاظ نہایت فصیح اور بلیغ ہیں۔
* تشبیہات ومجازات بھی استعمال کیے ہیں جن سے کلام کا حسن دوبالا ہو جاتا ہے۔
* قصیدہ میں بہت سی پر اثر نصیحتیں بھی بیان کی گئی ہیں۔
* قراءتیں بیان کر کے بہت سے مواقع میں صرفی ونحوی اعتبار سے اس کی وجہ بھی بتلاتے ہیں جو عربی کے طلباء کے لیے خصوصی طور پر مفید ہیں۔
* چونکہ قراءات سبعہ کے تمام مسائل کو اختصار کے ساتھ بیان کیا گیا ہے اور تھوڑے الفاظ سے بہت سے مطالب نکالنے پڑتے ہیں اس لیے یہ نظم علمی واقفیت کے ساتھ طلباء کی عقل وفہم اور ذہانت میں بھی نمایاں ترقی کا باعث ہوتی ہے اور صرفی ونحوی اِستعداد میں بھی روز اَفزوں اضافہ ہوتا رہتا ہے۔
* مخارج کے بیان میں ناظم نے اپنی خداداد ذہانت سے ایک انوکھا طرزِ اختیار کیا ہے وہ یہ ہے کہ دوسرے مصنفین تو ہر مخرج کے ساتھ یہ بھی بتاتے جاتے ہیں کہ اس سے فلاں فلاں حرف نکلتے ہیں، لیکن ناظم نے ایسا نہیں کیا بلکہ ہر مخرج کے ساتھ اس کے حروف کی تعداد تو بیان کی ہے کہ اس مخرج سے اتنے حروف نکلتے ہیں، لیکن ان حروف کو متعین نہیں کیا کہ وہ کون کون سے ہیں۔ پھر مخارج ختم کرنے کے بعد دو شعروں کے ۲۶ کلمات میں انتیس کے انتیس حروف کو جمع کر دیا ہے اور کلمات سے ان کے حاصل کرنے کا طریق بھی بتا دیا ہے پھر لطف یہ ہے کہ اس مقصد کے لیے جو کلمات استعمال کیے ہیں وہ بے معنی نہیں بلکہ ان میں قراءت اور قاری کے متعلق نہایت بااثر اور مفید مضمون بیان کیا ہے۔

◉ علامہ شاطبی رحمہ اللہ نے اس قصیدہ میں عام مصنفین ومؤلفین کے طرز سے مختلف ایک بالکل نیا اور انوکھا انداز اختیار کرنے کے ساتھ اتنے اختصار سے کام لیا ہے کہ تھوڑے الفاظ میں بہت سے مطالب ومفاہیم کو سمو دیا ہے۔ الفاظ نہایت فصیح اور بلیغ استعمال کئے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں تشبیہات واِستعارات اور مجازات ورموز نے کلام کے حسن کو چار چاند لگا دیئے ہیں۔ اس لیے شاطبیہ کے متن سے اس کے مفہوم کو سمجھنے کے لیے محض عربی زبان سے واقفیت ہی کافی نہیں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بلکہ کسی ماہرفن کی تشریح وتوضیح بھی ضروری ہے۔بطورنمونہ ہم ''شاطبیہ'' کے مقدمہ میں سے چند اشعار پیش کرتے ہیں۔

فضائل قرآن سے متعلق اشعار

وإن كتاب الله أوثق شافع
وأغنى غناء واهبا متفضلا

''یعنی اللہ کی کتاب اپنے حامل کے لیے بہترین وقابل اعتماد وسفارش کرنے والی ہے۔''

قرآن مجید کی تلاوت کے متعلق لکھتے ہیں:

وخير جليس لا يمل حديثه
وتزداده يزداد فيه تجملا

''اور (قرآن) بہترین ہم نشین ہے۔اس کے بار بار ورد کرنے سے اکتاہٹ نہیں ہوتی بلکہ اس کے حسن و جمال میں مزید اِضافہ ہوجاتا ہے۔''

قرآن قبر کی تاریکیوں میں روشنی میں سامان فراہم کرے گا:

وحيث الفتیٰ يرتاع في ظلماته
من القبر يلقاه سنا متهلِّلا

''اور جس جگہ قاری قبر کی تاریکیوں سے گھبرائے گا یہ قرآن مجید اس کے لیے روشنی کا سامان فراہم کرے گا۔''

مزید لکھتے ہیں:

يناشد في إرضائه لحبيبه
وأجدر به سؤلا إليه موصَّلا

''قرآن اپنے دوست (قاری) کو راضی کرنے کے لیے اصرار کرے گا اور کس قدر عجیب سوال اس تک پہنچایا گیا ہے۔''

قراء سبعہ کے بارے میں اشعار

جزى الله بالخيرات عنَّا أئمة
لنا نقلوا القرآن عذبا وَّسلسلا

''اللہ تعالیٰ ہماری طرف سے آئمہ کرام کو جزائے خیر دے جنہوں نے ہمارے لیے شیریں اور بآسانی حلق سے اترنے والا قرآن کریم نقل کیا۔''

اس کے بعد لکھتے ہیں:

فمنهم بدور سبعة قد توسطت
سماء العلا والعدل زهرا وَّكملا

''پس ان میں سے سات (قراء) چودھویں کے چاند کی طرح آسمان کی بلندی میں عدل کے ساتھ روشن اور کامل ہوئے ''

لها شهب عنها استنارت فنوّرت

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سواد الدّجی حتی تفرق وانجلی

’’ان کے لیے ایسے روشن ستارے ہیں جنھوں نے ان سے روشنی حاصل کر کے سیاہ تاریک راتوں کو منور کر دیا یہاں تک کہ تاریک راتیں چھٹ گئیں اور روشنی ظاہر ہوگئی۔‘‘

تخیرهم نقادهم کل بارع
ولیس علی قرآنه متاکّلا

’’تنقید نگاروں نے ان کا انتخاب اس لیے کیا ہے کہ یہ اپنے فن میں ماہر اور قرآن کو ذریعہ معاش بنانے والے نہ تھے۔‘‘

قصیدہ شاطبیہ کا تعارف

وفی یسرها التیسیر رمت اختصاره
فاجنت بعون الله منه مؤملا

’’میں نے اس قصیدہ کے آسان بیان میں التیسیر کے مسائل کے اختصار کا قصد کیا ہے۔ خداوند تعالیٰ میری اُمیدگاہ ہے اور اسی کی مدد سے میرا یہ قصیدہ کثیر الفوائد ہوگیا۔‘‘

وسمیتها حرز الامانی تیمنا
ووجه التهانی فاهنه متقبّلا

’’اور میں نے اس قصیدہ کا نام ’’حرز الامانی ووجه التهانی‘‘ رکھا ہے اس نام سے برکت اور فال نیک مقصود ہے۔ اے مخاطب! اس کتاب کو قبول کرتے ہوئے خوش آمدید کہہ۔‘‘

امام صاحب رحمہ اللہ کی عاجزی

امام صاحب رحمہ اللہ عجز و انکسار اور اخلاص کے پیکر تھے جس کی تصویر درج ذیل اشعار میں جھلکتی ہوئی نظر آتی ہے:

و الفافها زادت بنشر فوائد
فلفت حیاء وجهها أن تفضلا

’’اور اس کے گنجان درخت اپنے فوائد ظاہر کرنے کے سبب بڑھ گئے پس اس نے حیاء کی وجہ سے اپنا چہرہ چھپا لیا یہ کہ اس کو (اصل سے زیادہ) فضیلت دی جائے۔‘‘

أخی أیها المجتاز نظمی ببابه
ینادٰی علیه کأسد السوق اجملا

’’اے میرے بھائی! اے وہ کہ جس کے در پر میری ایک نظم کا گزر ہو رہا ہے کہ جس کے متعلق اعلان ہے کہ وہ بازار علم کی ایک کم قیمت جنس ہے (میں درخواست کرتا ہوں کہ میری اس نظم کا مطالعہ کرتے وقت) حسن سلوک سے کام لے۔‘‘

وإن کان خرق فادرکه بفضلة
من الحلم ولیصلحه من جاد مقولا

’’اور اگر اس نظم میں کوئی عیب ہو تو اپنے علم و قابلیت کی بناء پر اس کی تلافی کر۔ اور جس کی زبان فصیح ہو اجازت ہے کہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس عیب کی اصلاح کرے۔''

نصائح و دعائیں

أقول لحر والمروء ة مرؤها
لاخوته المراۃ ذو النور مکحلا

''میں اللہ کے آزاد بندے کو نصیحت کرتے ہوئے کہتا ہوں۔ دراں حالیکہ صاحب انسانیت کی انسانیت اس کے دوستوں کے لیے آئینہ کا کام دیتی ہے اور وہ سرمۂ بصیرت کے لحاظ سے صاحب نور یعنی صاحب ایمان ہوتا ہے۔''

وقل صادقا لولا الوئام وروحه
لطاح الانام الکل فی الخلف والقلی

''اور بات سچی کر، حقیقت یہ ہے کہ اگر باہم اتفاق اور اس کی روح کارفرما نہ ہو تو اختلاف و دشمنی میں پڑ کر تمام لوگ برباد ہو جائیں۔''

وھذا زمان الصبر من لك بالتی
کقبض علی جمر فتنجو من البلا

''اور موجودہ زمانہ (دنیا کی اذیتوں پر) صبر کا زمانہ ہے۔ پس کون ہے جو تیرے ساتھ اچھا سلوک کرے جبکہ دین پر قائم رہنا گویا چنگاری کو ہاتھ میں پکڑنا ہے پس تو بلا سے نجات پالے۔''

ولکنھا عن قسوۃ القلب قحطھا
فیا ضیعة الاعمار تمشی سبھللا

''لیکن دلوں کے پتھرا جانے سے ایسی آنکھوں کا قحط ہے۔ اے عزیزو! عمروں کی اس بربادی سے بچو کہ کس طرح رائیگاں جا رہی ہے۔''

وقد قیل کن کالکلب یقصیه أھله
وما یأتلی فی نصحھم متبذّلا

''کہا جاتا ہے کہ راہ وفا میں اس کتے کے مثل ہو جا کہ گھر والے خواہ اس کو کتنا ہی دور بھگائیں، لیکن اپنی جان کھپا کر ان کی ہمدردی کرنے میں وہ کبھی بھی کوتاہی نہیں کرتا۔''

و یجعلنا ممن یکون کتابه
شفیعا لھم إذ ما نسوہ فیمحلا

''اور ہمیں ان لوگوں میں سے ہونے کی توفیق دے کہ جن کے لیے قیامت کے دن قرآن سفارش کرے گا، کیونکہ انہوں نے قرآن کو بھلایا نہ ہوگا کہ وہ شکایت کرے۔''

شاطبیہ کی شروحات

شاطبیہ سبعہ قراءات پر مشتمل نہایت اہم کتاب ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے امام شاطبی رحمہ اللہ کے اخلاص اور للّٰہیت

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

کی وجہ سے بہت عروج اور مقبولیت سے نوازا۔ بڑے بڑے مشائخ اور علماء نے اس قصیدہ کی تشریح کو اعزاز جانا۔درج ذیل اہل علم حضرات نے شاطبیہ کی شروحات لکھیں:

① أبوالقاسم عبدالرحمن بن إسماعيل الأزدى، التونسى۔المعروف بابن الحداد [م:٦٢٥ھ] ابن جزری رحمہ اللہ کا خیال ہے کہ یہ شاطبیہ کی سب سے پہلی شرح ہے۔
② أبو العباس أحمد بن على بن محمد الأزدى المعروف بابن الحداد[م:٦٤٠ھ تقریبا]مخطوط
③ علم الدين أبو الحسن على بن محمد السخاوى[م:٦٤٣ھ]
آپ کی شرح کا نام'الوصيد فی شرح القصيد' ہے۔مطبوع
④ أبو يوسف المنتجب بن أبى العز الهمذانى[م:٦٤٣ھ] مخطوط
⑤ أبو عبد الله محمد بن أحمد بن محمد الموصلى الحنبلى[م:٦٥٦ھ] آپ کی شرح کا نام''كنز المعانى فى شرح حرز الأمانى'' ہے۔مطبوع
⑥ أبوعبد الله محمد بن حسن الفاسى[م:٦٥٦ھ]آپ نے اپنی شرح کا نام'اللآلى الفريدة فى شرح القصيدة'' رکھا۔مطبوع
⑦ علم الدين أبو محمد القاسم بن أحمد اللورقى[م:٦٦١ھ]آپ کی شرح کا نام'المفيد فى شرح القصيد'' ہے۔مخطوط
⑧ أبوشامة عبدالرحمن بن إسماعيل المقدسى[م:٦٦٥ھ]آپ کی شرح ''إبراز المعانى من حرز الأمانى'' کے نام سے جانی جاتی ہے۔مطبوع
⑨ أبو يوسف يعقوب بن بدران بن منصور الدمشقى[م:٦٨٨ھ]مخطوط
⑩ عباد بن أحمد الحسينى[كان حيًّا سنة:٧٠٤ھ] آپ کی شرح''كاشف المعانى فى شرح حرزالأمانى'' ہے۔
⑪ محمد بن محمد بن آجروم[م:٧٢٥ھ]۔آپ کی شرح ''فرائد المعانى فى شرح حرز الأمانى'' ہے۔
⑫ يوسف بن أبى بكر الخطيب[م:٧٢٥ھ]
⑬ يوسف بن أسد الأخلاطى[م:٦٢٥ھ] آپ کی شرح کا نام''كشف المعانى فى شرح حرز الأمانى'' ہے۔مخطوط
⑭ أبو العباس أحمد بن محمد بن عبد الولى المقدسى[م:٦٢٨ھ]آپ کی شرح ''المفيد فى شرح القصيد'' کے نام سے مشہور ہے۔
⑮ أبو محمد إبراهيم بن عمر الجعبرى[م:٧٣٢ھ]آپ نے اپنی شرح کا نام''كنز المعانى فى شرح حرز الأمانى'' رکھا۔مطبوع
⑯ شرف الدين أبو القاسم هبة الله بن عبد الرحيم بن البارزى[م:٧٣٨ھ]آپ کی شرح

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

’’الفرید‌ة البارزية فی حل الشاطبية‘‘ ہے۔مخطوط

⑰ بدرالدين أبو عبد الله محمد بن أحمد بن بضحان الدمشقی[م:۷۴۳ھ]
⑱ أبو محمد الحسن بن قاسم المعروف بابن أم قاسم المرادی[م:۷۴۹ھ]
⑲ أبو العباس أحمد بن يوسف الحلبی[م:۶۵۶ھ]آپ کی شرح’’العقد النضيد فی شرح القصيد‘‘ ہے۔مطبوع
⑳ محمد بن عمر بن علی العمادی[م:۷۶۲ھ]آپ کی شرح ’’مبرز المعانی فی شرح قصيدة حرزالأمانی ‘‘ ہے۔مخطوط
㉑ حمزة بن قتلوبك بن عبد الله[م:۷۶۷ھ] آپ نے اپنی شرح کانام’’جامع القواعد لشرح الشاطبية‘‘رکھا۔مخطوط
㉒ أبوبکر بن أيدغدی بن عبدالله[م:۷۶۹ھ] آپ کی شرح کانام’’الجوهر النضيد فی شرح القصيد‘‘ ہے۔مخطوط
㉓ شرح السيد عبد الله بن محمد الحسينی[م:۷۷۶ھ]
㉔ شمس الدين محمد بن محمود بن محمد السمرقندی[م:۷۸۰ھ]آپ کی شرح’’شرح القصيدة الشاطبية‘‘ ہے۔
㉕ أبو محمد عبد الرحمن بن أحمد بن علی البغدادی(م:۷۸۱)
㉖ علاء الدين علی بن عثمان القاصح[م:۸۰۱ھ]آپ کی شرح’’سراج القاری المبتدئ وتذکار المقریء المنتهی ‘‘ ہے۔مطبوع
㉗ أبو الخير محمد بن محمد الجزری[م:۸۳۳ھ]آپ کی شرح’’شرح حرز الأمانی ‘‘ ہے۔مخطوط
㉘ محب الدين أبو عبد الله محمد بن محمود البخاری[م:۸۴۳ھ]
㉙ عجلان بن محمد البقاعی[م:۸۲۸ھ]آپ کی شرح’’کنز الأمالی شرح حرز الأمانی ‘‘ ہے۔
㉚ أبو العباس أحمد بن عبدالواحد الأسيوطی[م:۸۷۲ھ]
㉛ أحمد بن إسماعيل الکورانی[م:۸۹۳ھ]مخطوط
㉜ عبدالرحمن بن أبی بکر بن العينی[م:۸۹۳ھ]آپ کی شرح ”حل الشاطبية“مخطوط
㉝ أحمد بن علی بن أحمد الحصفکی[م:۸۹۵ھ]
㉞ جلال الدين عبد الرحمن السيوطی[م:۹۱۱ھ]آپ کی شرح’’شرح حرز الأمانی ‘‘ ہے۔
㉟ علی بن ناصر المکی[کان موجودا إلی سنة:۹۱۶ھ]آپ کی شرح نام’’الدرر المضيئة فی حل رموز الشاطبية‘‘ ہے۔مخطوط
㊱ شهاب الدين أبو العباس أحمد بن محمد القسطلانی[م:۹۲۳ھ] آپ کی شرح ’’توضيح المعانی من حرز الأمانی ‘‘ ہے۔مخطوط

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳۷ عبد الكريم الجعبري[م:۹۳۳ھ] آپ کی شرح کا نام "شرح حرز الأماني" ہے۔مخطوط
۳۸ محمد بن مصطفى الشيخ زادة[م:۹۵۱ھ] آپ نے اپنی شرح کا نام''شرح الشاطبية'' رکھا۔مخطوط
۳۹ الحسين بن علي الحصيني[كان حياً سنة:۹۲۰ھ]آپ کی شرح ''الغاية شرح الشاطبية الكبير'' ہے۔مخطوط
۴۰ إمام محمد بن حسام ددة الأياثلوغي[م:۹۸۶ھ] آپ نے اپنی شرح کا نام''المعين'' رکھا۔مخطوط
۴۱ أحمد بن أحمد بن عبدالحق السنباطي[م:۹۹۵ھ]آپ کی شرح کا نام''شرح السنباطی متن الشاطبية'' ہے۔مخطوط
۴۲ علي بن سلطان محمد، المعروف علي القارئ[م:۱۰۱۴ھ]مطبوع
۴۳ أحمد المغنساوي[م:۱۰۹۰ھ]آپ کی شرح کا نام''إظهار المعاني'' ہے۔
۴۴ محمد بن داؤد العناني[م:۱۰۹۸ھ]آپ کی شرح ''الدرة الفريدة في شرح القصيدة'' کے نام سے جانی جاتی ہے۔مخطوط
۴۵ عمر بن عبدالقادر الأرمنازي(م:۱۱٤۸ھ) آپ کی شرح ''الإشارات العمرية في حل أبيات الشاطبية'' ہے۔مخطوط
۴۶ محمد بن علي بن علوان [كان موجودا سنة:۱۱۷۲ھ] آپ کی شرح ''الفوائد السنية في حل ألفاظ الشاطبية'' ہے۔مخطوط
۴۷ أحمد بن عبد المنعم الدمنهوري[م:۱۱۹۲ھ] آپ نے اپنی شرح کا نام''حسن التعبير في بيان ما للحرز من التعبير'' رکھا۔مخطوط
۴۸ سليمان بن حسين الجمزوري[م:۱۱۹۸ھ]آپ نے اپنی شرح کا نام''الفتح الرحماني في شرح كنز المعاني بتحرير حرز الأماني'' رکھا۔مخطوط
۴۹ محمد بن عبد السلام الفاسي[م:۱۲۱۴ھ]آپ کی شرح ''إتحاف الأخ الأود المتداني ((لمحاذي)) حرز الأماني ووجه التهاني'' رکھا۔مطبوع
۵۰ رضوان بن محمد المخللاني[م:۱۳۱۱ھ]آپ کی شرح''فتح المقفلات لما تضمن الحرز والدرة من القراء ات'' ہے۔مخطوط
۵۱ علي بن محمد الضباع[م:۱۳۷۶ھ]آپ نے شرح کا نام''إرشاد المريد إلى مقصود القصيد'' رکھا۔مطبوع
۵۲ عبد الفتاح بن عبد الغني القاضي[م:۱۴۳۰ھ] شرح کا نام''الوافي في شرح الشاطبية'' ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ڈاکٹر یاسر ابراہیم مزروعی *، الشیخ عمر مالم أبه **
نظر ثانی: الشیخ ابراہیم علی شحاتہ السمنُّودی ***
ترتیب و اِضافہ جات: محمد فاروق حسینوی ****

شیخ المقری علامہ علی محمد الضبّاع رحمہ اللہ

شیخ القراء علامہ علی محمد الضباع رحمہ اللہ بیسویں صدی عیسویں میں جمہوریہ مصر کے مایہ ناز قراء میں سے ایک تھے۔ اس دور میں دنیا بھر کے مشائخ قراءات کی قیادت آپ کے ہاتھ میں رہی اور اِس صدی کے جمیع اساطین فن علمی طور پر آپ ہی سے فیض یاب تھے۔ آج دنیا بھر میں علم قراءات کی جو اسانید رائج ہیں، اکثر آپ ہی کی واسطے سے رسول اللہ ﷺ تک پہنچتی ہیں۔ اپنی زندگی میں جہاں آپ نے ہزاروں تلامذہ پیدا کیے، وہاں ان کے قلم سے سینکڑوں تصنیفات وتحقیقات بھی منصۂ شہود پر موجود ہیں۔ جس طرح سعودی عرب وغیرہ میں 'مفتی اعظم' کا تقرر با قاعدہ حکومت کی طرف سے ہوتا ہے، اسی طرح جمہوریہ مصر میں 'شیخ المقاری' کا تعین بھی حکومتی قیادت ہی کرتی ہے، جس کا تقرر تو بظاہر حکمرانوں کے ہاتھوں ہوتا ہے لیکن ایسا شخص دراصل ماہرین فن اور عوام الناس کے اعتماد کی ایک واضح علامت ہوتا ہے۔ اپنے زمانہ میں جمہوریہ مصر میں حکومتی سطح پر ان کو اس جلیل القدر منصب پر فائز کرکے شیخ القراء والمقاری المَصْرِیَّة کا لقب عطا کیا گیا۔ غالبا آپ پہلے شخص ہیں، جنہیں عوامی اعتماد کی بنا پر یہ لقب عطا کیا گیا۔ ان کے بعد اب یہ منصب مسلسل منتقل ہوتا چلا آرہا ہے۔

علامہ الضبَّاع رحمہ اللہ کی حالات زندگی پر مشتمل مضمون کو مجلس التحقیق الاسلامی، لاہور کے رکن محمد فاروق حسینوی حفظہ اللہ نے ڈاکٹر یاسر ابراہیم مزروعی حفظہ اللہ کی کتاب أحسن الأثر فی ترجمة إمام القرآء والمقرئین بمصر اور معروف مصری محقق قاری الشیخ عمر مالم أَبَّہْ حفظہ اللہ کی مختصر بلُوغ الأمنیَّة از شیخ الضبَّاع رحمہ اللہ کی تحقیق کے مقدمہ میں ان کے حالات زندگی کی روشنی میں مرتب کرکے پیش کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ ڈاکٹر یاسر مزروعی حفظہ اللہ کی کتاب کی نظر ثانی عالم اسلام کے جلیل القدر عالم قِراءات الشیخ ابراہیم علی الشحاتہ السمنُّودی رحمہ اللہ نے اپنی وفات سے چند ماہ قبل فرما دی تھی، زیرنظر مضمون بھی چونکہ بنیادی طور پر اِسی کتاب سے ماخوذ ہے، چنانچہ ہم اِسے موصوف کی نظر ثانی کے عنوان سے پیش کررہے ہیں۔ [ادارہ]

نام ونسب

آپ رحمہ اللہ کا پورا نام علی بن محمد بن حسن بن ابراہیم بن عبداللہ نورالدین الشافعی ہے اور آپ رحمہ اللہ الضبَّاع کے لقب سے مشہور ہوئے۔ اس لقب سے مشہور ہونے کی وجہ یہ تھی کہ آپ رحمہ اللہ کے جداعلیٰ ضباع کا شکار کرتے تھے جس

* کویت کے نامور محقق قراءات ** جمہوریہ مصر کے معروف ماہر قراءات
*** فاضل کلیة الشریعة ، جامعہ لاہور الاسلامیہ، ورکن مجلس التحقیق الاسلامی، لاہور

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی بدولت ضباع کے لقب سے مشہور ہوگئے۔ بعدازاں آپ رحمہ اللہ علامہ کبیر اور علم تجوید وقراءات، رسم عثمانی اور ضبط المصاحف میں شہرت آفاقی کے حامل ٹھہرے۔

پیدائش

علامہ علی محمد الضبَّاع رحمہ اللہ ۷ ربیع الاوّل ۱۳۰۷ھ بمطابق ۱۰ نومبر ۱۸۸۶ء کو قاہرہ میں پیدا ہوئے۔

تعلیمی آغاز و اِرتقاء

انسان درحقیقت مدنی الطبع اور معاشرت پسند تخلیق کیا گیا ہے۔یہی وجہ ہے کہ انسان اپنے اَفراد خانہ اور اپنے معاشرہ میں سکون محسوس کرتا ہے۔ اسی طرح علامہ علی محمد الضبَّاع رحمہ اللہ نے اپنا بچپن اور سن بلوغت سے قبل کے اَیام نہایت مشفق اور حد سے زیادہ محبت کرنے والے افراد خانہ اور اپنے صحت مند معاشرہ میں بسر کئے۔

علامہ رحمہ اللہ کی عمر جب پانچ سال ہوئی تو آپ کے والدین نے آپ کو حصولِ علم کے لیے روانہ کردیا تاکہ حفظ قرآن کے بعد مصر کے بڑے بڑے علماء اور قراء سے علوم قرآن، قراءاتِ قرآنیہ اور دیگر شرعی علوم پڑھ کر نامور اور جید عالم دین اور ماہر قرآن بن سکیں۔

آپ رحمہ اللہ نے دو ہی برس میں قرآن کریم حفظ کرلیا تھا اور اسی دوران آپ کو قرآن سے ایک خاص تعلق بھی پیدا ہوگیا تھا۔لہٰذا آپ رحمہ اللہ نے علوم قرآن اور قراءاتِ قرآنیہ پڑھنے کا ارادہ کرلیا۔موصوف کی ذہانت و فطانت دورانِ حفظ نمایاں ہوچکی تھی اسی وجہ سے شیخ محمد بن احمد المتولی رحمہ اللہ نے ان کے سسر الشیخ العلامہ حسن بن یحیٰی الکتبی رحمہ اللہ کو وصیت کی کہ آپ اپنے ذہین وفطین بیٹے علی محمد الضبَّاع رحمہ اللہ کو علوم قرآن اور قراءات قرآنیہ کی تعلیم سے بہرور فرمائیں تاکہ میری وفات کے بعد لوگ اپنی علمی پیاس بجھانے کے لیے اس کی طرف رخ کریں۔

اسی وصیت کے پیش نظر علامہ نے قرآن، علوم قرآن اور قراءاتِ قرآن میں خوب محنت کی اور اپنے زمانہ میں قرآن، علوم قرآن اور قراءاتِ قرآنیہ کے سب سے بڑے ماہر ثابت ہوئے۔

شیخ القراء کا عملی دور

آپ چونکہ قرآن، علوم قرآن بالخصوص قراءات قرآن کے علامہ تھے۔ اسی لیے علوم قرآن بالخصوص قراءات قرآن کی نشر واشاعت میں آپ کا بہت بڑا حصہ ہے۔

آپ مسجد حسن قاہرہ کے شیخ اکبر مقرر ہوئے۔ اس کے علاوہ مسجد رقیہ رضی اللہ عنہا اور مسجد سیدہ زینب رضی اللہ عنہا میں علامہ شیخ محمد بن علی بن خلف الحسینی رحمہ اللہ کے ساتھ امام مقرر ہوئے۔آپ کی خدمات کی وجہ سے مصر کے بادشاہ 'الملك فاروق' آپ سے اس قدر متاثر ہوا کہ آپ کو ۱۹۴۹ء میں مصر کا شیخ القراء مقرر کردیا۔آپ اس منصب پر فائز ہونے کے بعد علوم قرآن اور قراءات قرآن کی نشر واشاعت کے لیے پہلے سے زیادہ کوشاں ہوگئے۔

آپ اپنی خدمات کی بدولت مصر کے تمام قراء کے والی اور امیر مقرر ہوئے۔ آپ سے بے شمار لوگوں نے حصول علم کیا۔آپ ہر وقت طلباء کے لیے اپنے دروازے کھلے رکھتے تھے۔

مزید برآں آپ نے علوم قرآن بالخصوص قراءاتِ قرآن پر اس قدر لکھا کہ دیکھنے اور پڑھنے والے حیران ہوتے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

ہیں کہ تدریس کے ساتھ ساتھ ایک شخص اس قدر کام کرگیا ہے۔ اس کے علاوہ آپ نے قراءات قرآنیہ پر معترضین کے اعتراضات کا تعاقب اوران کی تردید کرتے ہوئے، انہیں انجام کار تک پہنچایا۔

عادات وخصائل

آپ نیک طبع انسان تھے۔ زہدوتقویٰ آپ کی شخصیت میں رچ بس گیا تھا۔ علامہ موصوف عاجزی وانکساری کے پیکر، عبادت گزار، ریا کاری سے اجتناب کرنے والے اور جھوٹی شہرت سے کوسوں دور رہنے والے تھے۔ آپ اَخلاق حسنہ کے مالک اور فرشتہ سیرت انسان تھے۔ آپ ایک شریف خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ آپ کا قرآن کریم سے اس قدر لگاؤ اور تعلق تھا کہ ہر وقت آپ کی زبان تلاوت کلام پاک سے تر رہتی تھی۔

اَساتذہ کرام

آپ نے بے شمار جلیل القدر اور ثقات قراء کرام سے علم قراءات میں استفادہ فرمایا، لیکن چند ایک شیوخ سے بالخصوص پڑھا۔ جن کا ذیل میں مختصر تذکرہ کیا جاتا ہے:

① **العلامة الشیخ أحمد بن محمد الشکری** رحمہ اللہ

ان سے آپ نے بروایت حفص عن عاصم بطریق شاطبیہ قرآن کریم حفظ کیا اور علامہ شیخ احمد بن محمد الشکری رحمہ اللہ کو مکمل قرآن کریم سنایا۔

② **الأستاذ الکبیر الشیخ المقری عبد الرحمن بن حسین الخطیب الشعار** رحمہ اللہ

③ **العلامة الشیخ المقری حسن بن یحییٰ الکتبي** رحمہ اللہ

آپ نے مذکورہ بالا دونوں شیوخ سے مکمل قراءات سبعہ بطریق شاطبیہ پڑھی اور قراءات سبعہ کی سندِ اجازہ بھی حاصل کی۔ اس کے بعد مذکورہ دونوں شیوخ سے قراءات عشرہ صغریٰ و کبریٰ، علم الرسم، علم الضبط، عدالآی و دیگر علوم قرآن سیکھے۔

یاد رہے کہ دونوں شیوخ علامہ الشیخ محمد بن احمد بن حسن بن سلیمان رحمہ اللہ المعروف بالمتولی کے تلامذہ ہیں۔

④ **الشیخ محمود عامر مراد الشبینی الشافعي** رحمہ اللہ [م۱۳۳۶ھ]

موصوف نے ان سے قراءات عشرہ بطریق طیبة النشر پڑھیں۔ آپ کو قراءات عشرہ میں روایت حفص کی طرح عبور حاصل تھا۔

علامہ علی محمد الضبّاع رحمہ اللہ کی عملی زندگی اور تدریسی خدمات

آپ نے ۱۵ سال کی عمر میں تدریس کا آغاز کیا اور اپنی جوانی میں علم قراءات کی اشاعت کے لیے مستعد ہوگئے۔ آپ اپنی تدریسی اور عملی زندگی میں طلبا اور اپنے معاصرین میں انتہائی لائق، ذہین وفطین اور ایک کامیاب استاد کے طور پر معروف ہوئے۔ اس لیے الملك فاروق نے آپ کو مصر کا شیخ القاری مقرر کردیا۔ آپ کی مجلس 'خدمة الدعوة الإسلامية' میں خدمات بطورِ ''شیخ المقاری'' مصر اس قدر تھیں کہ ان کی بناء پر آپ کے تلامذہ نے آپ کو علامہ کا لقب دیا، جو لقب ماہر فن اور متبحر فی العلم کو دیا جاتا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

موصوف کے نامور تلامذہ

اللہ تعالیٰ نے آپ کے اوقات میں بے بہا برکت رکھی تھی۔اس لیے آپ سے علم تجوید وقراءات میں عربی وعجمی، مصر اور دیگر ممالک کے بے شمار لوگوں نے استفادہ کیا جن کا احاطہ کرنا ناممکن ہے۔آپ کی جہاں بھی تشریف آوری ہوئی تو آپ کو بڑی شان وشوکت اور رفعت و بلندی سے نوازا گیا۔ذیل میں آپ کے نامور تلامذہ کے نام اور ان کا مختصر تعارف پیش کیا جاتا ہے:

مصری تلامذہ

① **الشيخ إبراهيم عطوة عوض** رحمہ اللہ

انہوں نے موصوف سے ''قراء ات عشرة من طريق الشاطبية والدرة والطيبة' پڑھی۔ یہ ازھر شریف میں مدرسین کی کمیٹی میں شامل تھے اور 'المجلس الأعلى للشؤون الإسلامية' کے رکن اور قاہرہ میں مسجد سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کے امام اور شیخ القراء تھے۔انہوں نے آپ کی کتب کی تحقیق بھی کی ہے۔

② **الشيخ العلامة المقرى أحمد بن عبد العزيز بن أحمد بن محمد الزيات** رحمہ اللہ

انہوں نے موصوف سے قاہرہ میں چار قراءات جو عشرہ سے اوپر ہیں، پڑھیں۔

③ **المقرى الشيخ عبد الحليم بن بدر بن أحمد بن عطاء الله السيفى المتوفى المصرى** رحمہ اللہ

انہوں نے آپ سے قرآن کریم کا کچھ حصہ بروایت حفص عن عاصم بطریق الشاطبیة پڑھا۔آپ نے ان کے حسن ادا اور قراءات اور تجوید کے اُصولوں کو سمجھنے پر ان کی بہت زیادہ تعریف کی اور حوصلہ افزائی فرمائی۔

④ **الشيخ العلامه إبراهيم علي السمنودى** رحمہ اللہ

آپ کو ان سے بہت زیادہ محبت تھی، کیونکہ علامہ ابراہیم علی السمنودی رحمہ اللہ آپ کے پاس بار بار آتے تھے۔ آپ کے بارے انہوں نے ایک قصیدہ بھی لکھا۔جسے آپ کی مدح کے ضمن میں پیش کیا گیا ہے۔

غیر مصری تلامذہ

① **الشيخ المحقق عبد العزيز بن الشيخ محمد بن على عيون السود** رحمہ اللہ [مدیر دار الافتاء مدینہ]

انہوں نے آپ سے قراءاتِ عشرہ بطریق الشاطبیة ، الدرۃ والطیبة پڑھی۔قراءاتِ عشرہ کے بعد والی چار قراء ات کی آپ پر تلاوت فرمائی۔ اس کے علاوہ آپ سے علم رسم اور عد الآی کے متون پڑھے۔آپ نے موصوف سے علم تجوید وقراءات میں بہت زیادہ استفادہ کیا۔مزید شیخ عبدالعزیز بن الشیخ محمد علی عیون السعود رحمہ اللہ کے لیے اعزاز کی بات یہ ہے کہ انہیں علامہ علی محمد الضبَّاع رحمہ اللہ نے سند اِجازہ عطا فرمائی۔

② **الشيخ محمد أحمد هانى** رحمہ اللہ [جو کہ مسجد زینب کے شیخ اور امام ہیں]

انہوں نے آپ سے استفادہ اس طرح کیا کہ جب مجلّہ کنوز الفرقان کی کتابت ہوتی تو اس میں الشیخ محمد احمد ھانی رحمہ اللہ شریک ہوتے ان دنوں مدیر و رئیس التحریر شیخ علی محمد الضبَّاع رحمہ اللہ تھے۔

③ **الشيخ المحقق المدقق المقرى الكبير أحمد بن حامد بن عبد الرزاق بن عشرى بن عبد الرزاق بن حسين بن عشرى الحسينى الريدى التيجى المدنى** رحمہ اللہ [جو کہ مکہ مکرمہ میں شیخ القراء

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

ہیں]

انہوں نے آپ سے ۱۳۴۴ھ میں قراءاتِ عشرہ طیبہ کے طریق سے پڑھی اور اس کے بعد مزید چار قراءات ۱۳۴۵ھ میں پڑھیں۔ آپ نے انہیں ۱۳۶۰ھ کو سند اجازہ بھی مرحمت فرمائی۔

④ **الشيخ أحمد مالك حماد الفوتي السنغالي القاهري الازهري** رحمہ اللہ انہوں نے حصول علم کے لیے بے شمار شہروں اور ملکوں کی طرف سفر کئے۔ بعدازاں انہوں نے قاہرہ کی طرف سفر کیا تاکہ مزید حصولِ علم کے ساتھ ساتھ سابقہ پڑھے ہوئے علوم میں پختگی ہو جائے تو اس مقصد کے حصول کے لیے انہوں نے ۱۹۴۹ء میں اَزھر شریف قاہرہ میں قدم رکھے اور علامہ علی محمد الضبّاع رحمہ اللہ سے علم رسم اور علم ضبط میں استفادہ کیا۔

علامہ علی محمد الضبّاع رحمہ اللہ کی تصنیفات وتالیفات

آپ نے علوم قرآن سے متعلق کثرت سے کتب لکھیں جو انتہائی مفید ہیں۔ ان کی تعداد کم وبیش ستر کے قریب ہے۔ ان سے بے شمار علماء وطلباء اِستفادہ کر رہے ہیں اور تا قیامت کرتے رہیں گے۔ ان تصانیف میں سے کچھ شائع ہو چکی ہیں اور کچھ زیر طبع ہیں۔ نیز ان کتب کے نام بھی شامل کر دیئے گئے ہیں جو دست وبرد زمانہ سے مفقود ہو چکی ہیں۔

مطبوع کتب کے اَسماء

① أرجوزة: فيما يخالف فيه الكسائي حفصا .
② إرشاد المريد إلى مقصود القصيد في القراء ات السبع .
③ الإضاء ة في بيان أصول القراء ة ، بالنسبة للقراء العشرة .
④ إعلام الاخوان بأجزاء القرآن .
⑤ أقرب الأقوال على فتح الأقفال في التجويد .
⑥ بلوغ الأمنية ، شرح منظومة إتحاف البرية بتحرير الشاطبية .
⑦ البهجة المرضية في شرح الدرة المضية .
⑧ تذكرة الإخوان في بيان أحكام رواية حفص بن سليمان .
⑨ تقريب النفع في القرء ات السبع .
⑩ الجوهر المكنون ، شرح رسالة قالون .
⑪ رسالة في الضاد .
⑫ رسالة قالون .
⑬ سمير الطالبين في رسم و ضبط الكتاب المبين .
⑭ شرح رساله قالون .
⑮ الشرح الصغير أوحاشية على تحفة الأطفال .
⑯ منحة ذي الجلال في شرح تحفة الأطفال .

www.KitaboSunnat.com

۱۷ صريح النص، فى بيان الكلمات المختلف فيها عن حفص .
۱۸ الفرائد المدخره، شرح الفوائد المعتبرة فى القراء ات الأربع الذين بعد العشرة .
۱۹ الفوئد المرتبة على الفوائد المهذبة فى بيان خلف حفص من طريق الطيبة .
۲۰ الفوائد المهذبة فى بيان خلف حفص من طريق الطيبة .
۲۱ قطف الزهر من القراء ات العشر .
۲۲ القول الأصدق فى بيان ما خالف فيه الأصبهانى الأزرق .
۲۳ القول المعتبر فى الأوجه التى بين السور .
۲۴ المطلوب، فى بيان الكلمات المختلف فيها عن أبى يعقوب .
۲۵ هداية المريد إلى رواية أبى سعيد المعروف بورش من طريق القصيد .

مخطوطات اور مفقودات

اس عنوان کے ضمن میں موصوف کی ان تصانیف اور تالیفات کا ذکر کیا جائے گا جن کے ابھی مخطوطے اور مسودے پڑھے ہوئے ہیں اور کچھ وہ کتب ہیں جو مفقود ہو چکی ہیں۔

۱ إتحاف المريد، بشرح فتح المجيد، فى قراء ة حمزة من طريق القصيد .
۲ إرشاد الإخوان إلى شرح مورد الظمآن فى رسم وضبط القرآن .
۳ الأقوال المعربة عن مقاصد الطيبة فى القراء ات العشرة .
۴ أسرار المطلوب فى بيان الكلمات المختلف لها عن أبى يعقوب .
۵ إنشاد الشريد، من معانى القصيد فى القراء ات السبع .
۶ البدر المنير، فى قراء ة ابن كثير .
۷ تنقيح التحرير
۸ جميل النظم فى علمى الابتداء والختم .
۹ الدر الفاخرة، فى أسانيد القراء ات المتواترة .
۱۰ الدر النظيم، شرح فتح الكريم، فى تحرير أوجه القرآن الحكيم من طريقة الطيبة .
۱۱ عكاذ القارى، فى تراجم شيوخ المقارى .
۱۲ فتح الكريم المنان، فى آداب حملة القرآن .
۱۳ قطف الزَّهر، من ناظمة الزهر فى عد الآى (علم الفواصل) .
۱۴ مختصر بلوغ الأمنية، فى شرح إتحاف البرية، فى تحرير الشاطبية .
۱۵ مفردة اليزيدى .
۱۶ المقدمه فى علوم القرآن .
۱۷ نظم ما خلف فيه قالون ورشاً، من طريق الحرز .

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

⑱ النور الساطع ، فی قراء ة الامام نافع .
⑲ نور العصر ، فی تاریخ رجال النشر .

یاد رہے کہ علامہ علی محمد الضبَّاع رحمہ اللہ کی صرف اتنی ہی تحریرات اور تصانیف نہیں بلکہ علامہ علی محمد الضبَّاع رحمہ اللہ کے مختلف مجلّات میں بے شمار مضمون اور مقالات مسلسل شائع ہوتے رہے ہیں۔

شیخ القراء کی مجلّہ کنوز الفرقان میں خدمات

علامہ علی محمد الضبَّاع رحمہ اللہ کئی برس مجلّہ کنوز الفرقان کی مجلس ادارت میں شامل رہے۔اس دوران موصوف کے مقالات مجلّہ میں شائع ہوتے رہے۔ آپ کئی سال تک مجلّہ کنوز الفرقان کے مدیر رہے ہیں۔اس دوران میں موصوف کے جو مقالات اور مضامین مختلف مجلّات میں شائع ہوئے ان کی فہرست درج ذیل ہے:

① أجوبة علی أسئلة فی علوم القرآن .

[یہ ایک چھوٹا سا رسالہ ہے جس میں علوم قرآن کے متعلق مختلف سوالات کے جوابات دیئے گئے ہیں]

② التجوید و مصدره و حقیقة النطق بالضاد .

[موصوف کا یہ مضمون شعبان ۱۳۵۷ھ میں مجلة الاسلام میں بھی شائع ہوا۔]

③ جبریل أوّل معلم للقرآن .

[موصوف کا یہ موضوع محرم الحرام ۱۳۶۸ھ میں مجلّہ کنوز الفرقان میں شائع ہوا]

④ ثبوت القراء ات عن رسول الله ﷺ وتاریخها .

[موصوف کا یہ مضمون بھی محرم الحرام ۱۳۶۸ھ میں مجلّہ کنوز الفرقان کا حصہ بنا]

⑤ منع کتابة المصحف بالاملاء ، وتفنید ما نسب إلی الإمام مالك فی ذلك .

[موصوف کا یہ مضمون مجلّہ کنوز الفرقان میں صفر ۱۳۶۸ھ میں شائع ہوا اور مجلّہ الإسلام میں ماہ صفر ۱۳۵۵ھ میں 'وجوب کتابة المصاحف بالرسم العثمانی' کے نام سے طبع ہوا۔]

⑥ مبتدعات القراء فی قراء ة القرآن الکریم .

[موصوف کا یہ مضمون ربیع الاوّل ۱۳۶۸ھ میں مجلّہ کنوز الفرقان کا حصہ بنا۔]

⑦ الوقف اللازم .

[موصوف کا یہ مضمون ربیع الثانی ۱۳۶۸ھ میں مجلّہ کنوز الفرقان میں شائع ہوا]

⑧ عنایة المسلمین بالقرآن . [ایضاً جمادی الثانی ۱۳۶۸ھ]

⑨ الأحرف السبعة . [ایضاً شعبان المعظم ۱۳۶۸ھ]

⑩ سؤال من مكة المكرمة حول وجوب اتباع رسم المصاحف العثمانية .

[موصوف کا یہ مضمون دو قسطوں میں تھا جو بالترتیب محرم الحرام اور صفر المظفر ۱۳۶۹ھ میں شائع ہوا۔]

⑪ الغنة .

[موصوف کا یہ مضمون مجلّہ کنوز الفرقان ۱۳۶۹ھ میں شمارہ نمبر ۳ اور ۴ یعنی ربیع الاوّل اور ربیع الثانی کے مجلّات میں شائع ہوا۔]

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

⑫ فضائل الاشتغال بالقرآن .

[مجلّہ کنوز الفرقان، جمادی الآخر و رجب المرجب ۱۳۶۹ھ]

⑬ التجوید .

[ایضاً شعبان المعظم و رمضان المبارک ۱۳۶۹ھ)

⑭ مخارج الحروف ، وصفاتها ، وكيفية استعمال الحروف .

[موصوف کا یہ مضمون کئی ایک اقساط پر مشتمل ہے جو مجلّہ کنوز الفرقان میں ۱۳۶۹ھ اور ۱۳۷۰ھ کے مختلف شماروں میں شائع ہوتا رہے]

⑮ باب فی التعریف (بحفص) وذکر أسانیدنا بروایته . [ایضاً ۱۳۷۱ھ]

⑯ فضل تلاوة القرآن الكريم و ما يجب على القراء . [ایضاً]

⑰ النضر بن شميل . [ایضاً]

⑱ رحلة الإمام الشافعي .

[مجلّہ کنوز الفرقان جمادی الآخر ۱۳۷۱ھ و رجب المرجب و شعبان المعظم ۱۳۷۱ھ]

⑲ الاسلام والعلم . [ایضاً]

⑳ من أعلام القراء ، ابن مطرف الكنانى ، صاحب كتاب ، القراطين . [ایضاً]

㉑ غريب فاتحة الكتاب ومشكلها . [ایضاً]

㉒ غريب سورة البقره و مشكلها . [مجلّہ کنوز الفرقان: ۱۳۷۱ھ]

㉓ ابن سينا . [مجلّہ کنوز الفرقان، رجب المرجب و شعبان المعظم ۱۳۷۱ھ]

㉔ آداء القارى. [مجلّہ کنوز الفرقان، محرم الحرام و صفر المظفر ۱۳۷۲ھ]

㉕ محمد رسول الله ﷺ . [ایضاً]

㉖ آداب مس المصحف وحمله و كتابته . [ایضاً۔ ربیع الاوّل و ربیع الثانی]

㉗ آداب العلم و شرطه . [ایضاً۔ جمادی الاوّل و جمادی الآخر]

㉘ آداب المتعلم . [ایضاً۔ رجب المرجب و شعبان المعظم]

㉙ آداب الناس و السامعين . [ایضاً۔ رمضان المبارک و شوال]

شیخ القراء کے نظر ثانی کردہ مقالات و کتب

اس کے علاوہ علامہ علی محمد الضبّاع رحمہ اللہ نے بے شمار کتب، مقالہ جات اور مضامین کی نظر ثانی اور تصحیح کی جن کے اسماء درج ذیل ہیں:

① منظومة حرزالأمانى ووجه التهانى فى القراء ات السبع .

معروف نام "الشاطبية" لأبى القاسم بن فيره الشاطبى [م ۵۹۰ھ]

② سراج القارى المبتدى وتذكار المقرى المنتهى فى شرح الشاطبية لابى البقاء على بن عثمان بن محمد بن القاصح العذرى [م ۸۰۱ھ] [موصوف کی تحقیق کے ساتھ یہ کتاب طبع ہوئی]

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

③ منظومة طيبة النشر فى القراء ات العشر لأبى الخير محمدبن محمدالمعروف بابن الجزرى .

[اس کتاب کی موصوف نے مراجعت اور تحقیق کی ہے]

④ النشر فى القراء ات العشر لابن الجزرى [م۸۳۳ھ]

[یہ کتاب علامہ علی محمد الضبّاع کی تحقیق کے ساتھ قاہرہ سے طبع ہو چکی ہے]

⑤ شرح طيبة النشر ، فى القراء ات العشر لاحمد بن محمد بن محمد بن الجزرى . [ایضاً]

⑥ الحواشى الأزهرية فى حل الفاظ المقدمة الجزرية لأبى الوليد خالد ابن عبد الله الأزهرى . [ایضاً]

⑦ إتحاف فضلاء البشر ، بالقراء ات الاربعة عشر لأحمد بن محمد المعروف بالبنا الدمياطى . [ایضاً]

⑧ غيث النفع ، فى القراء ات السبع لأبى الحسن على بن محمد النورى الصفاقسى . [ایضاً]

⑨ نهاية القول المفيد فى علم التجويد لمحمد مكى نصر الجريسى المصرى . [ایضاً]

⑩ فتح المجيد ، فى قراء ة حمزة من طريق القصيد لمحمد احمد المتولى .

شیخ القراء کی درج ذیل کتب کی تحقیق اور تصحیح میں شمولیت

موصوف درج ذیل کتب کی نشرواشاعت، ان کی تحقیق، نظر ثانی اور مختلف طریقوں سے اس میں شامل رہے۔

① غاية النهاية فى طبقات القراء:لابى الخير محمد بن محمد ابن الجزرى .

علامہ علی محمد الضبّاع نے اس کی مراجعت، نظر ثانی کی۔

② إتحاف السررة، بالمتون العشرة، في القراء ات، و رسم المصاحف وعدالأى، والتجويد۔

یہ کتاب دس منظومات پر مشتمل ہے۔علامہ علی محمد الضبّاع ؒ نے اسے جمع، ترتیب دینے کے علاوہ تصحیح بھی کی۔

یہ کتاب درج ذیل منظومات پر مشتمل ہے۔

❶ حرز الامانى ووجه التهانى ، المعروفه بالشاطبيه فى القراء ات السبع للشاطبى .

❷ نظم احكام قوله تعالىٰ: ”الأن للمتولى“ .

❸ الدرة المضية، فى قراء ات الائمة الثلاثة المرضية لابن الجزرى .

❹ الوجوه المسفرة فى اتمام القراء ات العشر للمتولى .

❺ طيبة النشر فى القراء ات العشر لابن الجزرى .

❻ الفوائد المعتبرة، فى الأحرف الاربعة الزائدة عن العشره للمتولى .

❼ عقيلة أتراب القصائد، فى أسنى المقاصد فى رسم المصاحف للشاطبى .

❽ ناظمة الزهر ، فى عدآي السور للامام الشاطبى .

❾ المقدمة فيما يجب على قاري القرآن أن يعلمه لابن الجزرى .

www.KitaboSunnat.com

⑮ تحفة الاطفال و الغلمان، فی تجوید القرآن للجمزوری .

③ كنز المعانی، شرح حرز الأمانی، لابی عبدالله محمد بن احمد الموصلی المعروف بشعلة .

④ تاريخ القرآن وغرائب رسمه وحمكه لمحمد طاهر بن عبد القادر الكردی المكی الخطاط . اس کتاب کی موصوف نے مراجعت فرمائی۔ یہ قاہرہ سے طبع ہوئی ہے۔

⑤ مجلة كنوز الفرقان .

علامہ علی محمد الضبَّاع اس دینی علمی اور ثقافتی مجلّے کے مدیر رہے اور اس مجلّہ کا اداریہ موصوف ہی لکھتے تھے۔ آپ ہمیشہ اس مقصد کو سامنے رکھتے کہ بڑے بڑے قراء کرام مل جل کر کام کریں اور علوم قرآن کو عوام الناس میں عام کرنے میں کسی قسم کی رکاوٹ حائل نہ ہو۔ الغرض مجلّہ کنوز الفرقان میں موصوف کی قرآن وسنت کے لیے خدمات اس قدر ہیں جو موصوف کی نجات کے لیے کافی ہیں۔

⑥ القول السديد، فی احكام التجويد لأحمد حجازي، الفقيه بمكة .

یہ کتاب الشیخ حسین عبدالغنی رحمہ اللہ کی ہے جو قاہرہ سے طبع ہوئی اور علامہ علی محمد الضبَّاع رحمہ اللہ نے اس کتاب کی مراجعت اور تصحیح فرمائی۔

⑦ فتح المعطی، وغنية المقری فی شرح مقدمة ورش المصری لمحمد بن أحمد بن الحسن المعروف بالمتولی .

موصوف نے اس کتاب کی تصحیح اور مراجعت فرمائی۔

علامہ علی محمد الضبَّاع رحمہ اللہ کی کتابت کردہ کتب

موصوف کے اعلیٰ اور نمایاں کاموں میں سے ایک یہ ہے کہ انہوں نے علم قراءات پر بہت بڑی بڑی اور ضخیم کتب اپنے ہاتھ سے لکھیں اور یہ کام موصوف کے ساتھیوں کے رغبت دلانے پر انہوں نے کیا۔ اس کام کا مقصد علم قراءات میں استفادہ کو آسان اور سہل بنانا تھا۔ خوشی کی بات یہ کہ موصوف کی خوش خطی بے مثال تھی۔ الغرض موصوف نے اس کام کو انتہائی اہم خیال کرتے ہوئے عرق ریزی سے انجام دیا۔ موصوف نے علم القراءات کی جو کتب کتابت کیں ان کے اسماء درج ذیل ہیں:

① **المفردات للقراء السبعة۔ لأبی عمرو عثمان بن سعيد الدانی رحمہ اللہ**

موصوف کی یہ تصنیف ۲۷۳ صفحات پر مشتمل ہے۔ جس کو انہوں نے اپنے ہاتھ سے لکھا۔ جس کا مخطوطہ علامہ علی محمد الضبَّاع رحمہ اللہ کی لخت جگر سیدہ ثریا رحمہا اللہ کے پاس تھا۔ موصوف کی یہ تالیف آپ کی زندگی میں ہی مکتبۃ القرآن قاہرہ سے طبع ہو چکی تھی۔

② **فتح المفضلات، لما تضمنه نظم الشاطبية والدرة من القراء ات لابی عبيد رضوان بن محمد سليمان المخللاتی رحمہ اللہ**

موصوف کی یہ تصنیف ۴۳۲ صفحات پر مشتمل تھی، جسے انہوں نے اپنے ہاتھ سے لکھا اس کا مخطوطہ ’’جامعہ الملك عبدالعزيز‘‘ جدہ میں موجود ہے۔ اس کتاب کے آخر میں موصوف نے لکھا کہ ’’كتبه لنفسه ولمن

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

یرید الله من بعدہ العبد الفقیر إلی رحمة ربه" علامہ علی محمد الضبَّاع رحمہ اللہ نے ماہ شعبان المعظم ۱۳۲۴ھ کی نصف رات کے وقت اس کتاب کی تکمیل فرمائی۔

③ بدائع البرهان علی عمدة العرفان فی وجوه القرآن لمصطفیٰ بن عبدالرحمن الأزمیری رحمہ اللہ

یہ کتاب ۵۶۸ صفحات پر مشتمل تھی جس کی موصوف نے کتابت فرمائی اور موصوف اس تصنیف کی کتابت سے ماہ محرم الحرام کی ۹ تاریخ بروز جمعة المبارک ۱۳۳۶ھ کو فارغ ہوئے۔ یہ نسخہ علامہ علی محمد الضبَّاع رحمہ اللہ نے شیخ القراء وأمین الافتاء لمدینة حمص بسوریة عبد العزیز بن محمد علی بن عبد الغنی عیون السود رحمہ اللہ کو بطور تحفہ پیش کیا۔ انہوں نے موصوف سے قراءات عشرہ اور اس کے بعد والی چار قراءات پڑھی تھیں۔

اِشاریہ اور فہرستوں کی تیاری

علامہ علی محمد الضبَّاع رحمہ اللہ نے علماء عظام، قراء کرام اور طلباء کی سہولت اور آسانی کے لیے اور علم تجوید و قراءات سے زیادہ سے زیادہ استفادے کے لیے درج ذیل موضوعات کی فہرستیں اور اشاریے تیار کیے۔

① التجوید . ② القراء ات . ③ الرسم .
④ الوقف . ⑤ الابتدا . ⑥ عدالآی .

یہ اشاریے اور فہرستیں مکتبہ الازہریہ القاہرہ میں 'القرآن الکریم وعلومه' موضوع کے ضمن میں موجود ہیں۔

شیخ القراء کے امتیازات

◉ مصاحف کی مراجعت

علامہ علی محمد الضبَّاع رحمہ اللہ کے امتیازی اور نمایاں کاموں میں سے ایک یہ تھا کہ آپ مصاحف کی طباعت سے قبل مراجعت فرماتے اور مراجعت کا حق ادا کرتے اور جہاں جہاں اصلاح کی ضرورت ہوتی، اصلاح فرماتے۔

◉ 'مجلة الاسلام' میں شیخ القراء کا تذکرہ

رسالہ 'مجلة الإسلام' مصر میں بلکہ عالم اسلام میں نمایاں مقام کا حامل ہے۔ اس میں کسی شخص کا ذکر خیر ہونا کسی سعادت سے کم نہیں۔ اس مجلّہ میں 'وجوب کتابة المصاحف بالرسم العثماني' کے عنوان کے تحت علامہ علی محمد الضبَّاع رحمہ اللہ کی عظمت و فضیلت، قرآن و علوم قرآن میں مہارت اور خدمت قرآن میں متحرک ہونے کا بڑے احسن انداز سے تذکرہ کیا گیا ہے۔

◉ مصاحف کی رسم عصر حاضر کے مطابق کتابت اور اس پر تنقید

مختلف مجلّات اور اخبارات کے ذریعے جب یہ آراء سامنے آئیں کہ مصاحف کی کتابت عصر حاضر کے رسم املائی کے مطابق کی جائے تاکہ متعلمین کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ تو اس قسم کی آراء پر تنقید کرتے ہوئے دو فاضل اساتذہ اور شیخ محمود الحمصانی رحمہ اللہ جو کہ منصور کے بڑے قراء میں سے تھے۔ انہوں نے 'مجلة الإسلام' جلد نمبر ۴۵ میں "القرآن الکریم ودعاة التجدید" عنوان کے تحت عصر حاضر کی رسم املائی کے مطابق کتابت مصاحف پر تنقید کی اور اس فکر جدید کی تردید کے لیے اپنی آراء کا اظہار کیا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ